عشق رسول سے معمور اور محبت حضور سے سرشار نعتیہ کلام کا انمول خزانہ اور عرفان و ادب کا حسین گلدستہ

کلام الامام امام الکلام

تصحیح شدہ ایڈیشن

رنگین ایڈیشن

حدائق بخشش

۱۳۲۵ھ

کامل

تصنیف لطیف

حسان الہند سیدنا اعلیٰ حضرت امام احمد رضا قادری بریلوی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

مرکز العلوم الاسلامیہ اکیڈمی میٹھادر کراچی پاکستان

www.waseemziyai.com

امام احمد رضا اکیڈمی

صالح نگر، رام پور روڈ بریلی شریف یوپی

March 2019

اہلسنت وجماعت کا قرآن وسنت کا عظیم ادارہ

مرکز العلوم الاسلامیہ اکیڈمی

جہاں اسلامی اور عصری علوم کا عظیم امتزاج

مختصر تعارف

طلبہ:

شعبہ حفظ: 145 شعبہ ناظرہ: 240

شعبہ درس نظامی: 105 شعبہ تجوید: 10

اور انہیں شعبہ جات میں 400 سے زائد طلبا اسکول کی تعلیم انٹر تک حاصل کر رہے ہیں نیز کم وبیش 100 طلباء مدرسے میں رہائش پذیر ہیں جن کے طعام وقیام اور میڈیکل کا مکمل خرچ مدرسہ برداشت کرتا ہے۔

مدرسہ کا اسٹاف

شعبہ حفظ و ناظرہ 14 اساتذہ شعبہ درس نظامی و تجوید 10 اساتذہ

شعبہ عصری علوم یعنی اسکول 11 اساتذہ باورچی 2 خادم 4 چوکیدار 2

کل طلبہ کم وبیش پانچ سو اور پورہ اسٹاف 43 افراد پر مشتمل ہے۔

مرکز العلوم الاسلامیہ اکیڈمی میٹھادر کراچی پاکستان

DONATION

HABIB BANK LTD. BARNESS STREET BRANCH
ACC TITLE: MARKAZ UL ALOOM ISLAMIA (TRUST)
ACC NO: 00500025657003 - BRANCH CODE :0050

www.facebook.com/markazuloloom

https://www.waseemziyai.com https://www.youtube.com/waseemziyai

صد سالہ عرس رضوی ۱۴۴۰ھ
کے مبارک موقع پر خصوصی اشاعت

حدائقِ بخشش کامل

مصنف

حسان الہند سیدنا اعلیٰ حضرت
امام احمد رضا قادری بریلوی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

تصحیح و تحقیق

مولانا عبد السلام رضوی

تعارف رضا

محمد حنیف خان رضوی

امام احمد رضا اکیڈمی

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY



امام احمد رضا اکیڈمی

صالح نگر، رام پور روڈ
بریلی شریف یوپی

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بفیضِ روحانی
حضور مفتی اعظم حضرت علامہ شاہ
محمد مصطفیٰ رضا خاں قادری
علیہ الرحمہ

زیر سرپرستی
امین ملت حضرت پروفیسر
سید محمد امین میاں
قادری مدظلہ العالی

تصحیح شدہ ایڈیشن

حدائق بخشش

۱۳۲۵ھ

حصہ اول

مصنف

حسان الہند سیدنا اعلیٰ حضرت امام احمد رضا قادری بریلوی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

امام احمد رضا اکیڈمی
بریلی شریف

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

نام کتاب : حدائق بخشش حصہ اول
مصنف : حسان الہند اعلیٰ حضرت امام احمد رضا قادری قدس سرہ
تعارفِ مصنف : حضرت علامہ مفتی محمد حنیف خاں رضوی، بریلوی
تصحیح وتحقیق : مولانا عبد السلام صاحب رضوی، امام احمد رضا اکیڈمی بریلی شریف
کمپوزنگ : (مولانا) محمد مطلوب خان نوری، مدرسہ اہل سنت نجیب الاسلام
پروف ریڈنگ : (مفتی) غلام معین الدین مدرسہ اہل سنت نجیب الاسلام نجیب آباد
تعداد : گیارہ سو (۱۱۰۰)
سنہ اشاعت : ۱۴۳۷ھ/ ۲۰۱۵ء
قیمت :

E-mail: mohdhanif92@gmail.com
Web: www.imamahmadrazaacademy.com
Mob: 08410236467,09760381629

ملنے کے پتے

- امام احمد رضا اکیڈمی، صالح نگر رام پور روڈ، بریلی شریف، پن 243502
- کتب خانہ امجدیہ 425 مٹیا محل جامع مسجد، دہلی ۶
- جیلانی بک ڈپو، 1229 چوڑی والان جامع مسجد دہلی
- رضا دار الاشاعت، آنندوہار، بریلی شریف
- مدنی بک ڈپو، مٹیا محل جامع مسجد، دہلی

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

فہرست

نمبر شمار	عنوانات	صفحہ نمبر
۱	تصحیح وتحقیق کے بارے	۵
۲	تعارف	۳۳
۳	واہ کیا جود وکرم ہے	۴۶
۴	واہ کیا مرتبہ اے غوث	۴۹
۵	تو ہے وہ غوث کہ ہر	۵۲
۶	الاماں قہر ہے	۵۶
۷	ہم خاک ہیں اور خاک	۵۹
۸	غم ہو گئے بے شمار آقا	۵۹
۹	محمد مظہر کامل ہے حق	۶۱
۱۰	لطف ان کا عام ہو ہی	۶۳
۱۱	لم یات نظیرک فی نظر	۶۴
۱۲	نہ آسماں کو یوں سرکشیدہ	۶۶
۱۳	شورِ مہ نَو سن کر	۶۷
۱۴	خراب حال کیا	۶۸
۱۵	بندہ ملنے کو قریب	۶۹
۱۶	نعمتیں بانٹتا جس سمت	۷۰
۱۷	تاب مرأت ہو	۷۰
۱۸	پھر اٹھا ولولۂ یادِ مغیلان	۷۱
۱۹	جو بنوں پر ہے بہار	۷۲
۲۰	طوبیٰ میں جو نکلی	۷۳
۲۱	زہے عزّت واعتلائے	۷۴
۲۲	اے شافعِ امم شہ ذی	۷۵
۲۳	بندہ قادر کا بھی قادر ہے	۷۶
۲۴	گزرے جس راہ سے	۷۷
۲۵	نارِ دوزخ کو چمن کردے	۷۷
۲۶	تمہارے ذرّے کے	۷۸
۲۷	کیا ٹھیک ہو رُخِ نبوی	۷۹
۲۸	سرتابہ قدم ہے تن	۸۰
۲۹	ہے کلام الٰہی میں	۸۲
۳۰	پاٹ وہ کچھ دھار یہ	۸۳
۳۱	عارض شمس وقمر	۸۴
۳۲	عشق مولیٰ میں ہو	۸۶
۳۳	رشکِ قمر ہوں	۸۷
۳۴	پوچھتے کیا ہو	۸۹
۳۵	پھر کے گلی گلی تباہ	۹۰
۳۶	یادِ وطن ستم کیا	۹۲
۳۷	اہلِ صراط روحِ امیں	۹۳
۳۸	وہ سوئے لالہ زار	۹۴
۳۹	ان کی مہک نے دل	۹۵
۴۰	ہے لبِ عیسیٰ سے	۹۶

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

نمبر شمار	عنوانات	صفحہ نمبر
۴۱	راہِ عرفاں سے جو ہم	۹۸
۴۲	وہ کمالِ حسنِ حضور	۱۰۰
۴۳	رُخ دن ہے یا مہرِ سما	۱۰۱
۴۴	وصفِ رخ ان کا	۱۰۳
۴۵	برتر قیاس سے ہے	۱۰۵
۴۶	زائرو پاسِ ادب رکھو	۱۰۶
۴۷	چمنِ طیبہ میں سنبل	۱۰۷
۴۸	زمانہ حج کا ہے	۱۰۹
۴۹	یاد میں جس کی نہیں	۱۱۱
۵۰	حاجیو آؤ شہنشاہ کا	۱۱۳
۵۱	پل سے اتارو راہ گزر	۱۱۴
۵۲	یا الٰہی ہر جگہ تیری عطا	۱۱۵
۵۳	کیا ہی ذوق افزا	۱۱۶
۵۴	رُونق بزم جہاں ہیں	۱۱۸
۵۵	سب سے اولیٰ و اعلیٰ	۱۱۹
۵۶	دل کو اُن سے خدا جدا	۱۲۲
۵۷	مومن ہے وہ جو اُن	۱۲۳
۵۸	اللہ اللہ کے نبی سے	۱۲۳
۵۹	یا الٰہی رحم فرما مصطفیٰ کے	۱۲۶
۶۰	عرش حق ہے مسند	۱۲۸
۶۱	قافلے نے سوئے طیبہ	۱۳۰
۶۲	پیش حق مژدہ شفاعت	۱۳۱

نمبر شمار	عنوانات	صفحہ نمبر
۶۳	چمک تجھ سے پاتے	۱۳۳
۶۴	آنکھیں رو رو کے	۱۳۴
۶۵	کیا مہکتے ہیں	۱۳۵
۶۶	راہ پُرخار ہے کیا ہونا	۱۳۶
۶۷	کس کے جلوہ کی جھلک	۱۳۸
۶۸	سَرور کہوں کہ مالک	۱۴۱
۶۹	مژدہ باد اے عاصیو!	۱۴۲
۷۰	عرش کی عقل دنگ ہے	۱۴۴
۷۱	اٹھا دو پردہ دکھا دو چہرہ	۱۴۵
۷۲	اندھیری رات ہے	۱۴۷
۷۳	گنہ گاروں کو ہاتف	۱۴۸
۷۴	سونا جنگل رات	۱۴۹
۷۵	نبی سرورِ ہر رسول و ولی	۱۵۰
۷۶	نہ عرش ایمن	۱۵۱
۷۷	سنتے ہیں کہ محشر میں	۱۵۴
۷۸	حرزِ جاں ذکرِ شفاعت	۱۵۶
۷۹	دشمنِ احمد پہ شدت کیجیے	۱۵۸
۸۰	شکرِ خدا کہ آج گھڑی	۱۵۹
۸۱	بھینی سہانی صبح میں	۱۶۰
۸۲	وہ سرورِ کشورِ رسالت	۱۸۱
۸۳	رباعیات	۱۸۹

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

بسم اللہ الرحمن الرحیم

’’تصحیح و تحقیق کے بارے میں چند باتیں‘‘

پیش نظر حدائق بخشش کی کمپوزنگ اس حدائق بخشش کے مطابق کی گئی ہے جو رضا اکیڈمی ممبئی کی شائع کردہ ہے اور جس کی تصحیح و تحقیق عظیم ادیب و نقاد اور بلند پایہ شاعر حضرت مولانا ڈاکٹر فضل الرحمن شرر مصباحی صاحب مدظلہ العالی نے فرمائی ہے۔
تصحیح و تحقیق کے وقت اوّلیں مرجع و معیار اسی حدائق بخشش کو بنایا گیا ہے لیکن کسی مقام پر کوئی شبہ یا اشکال پیش آیا تو مندرجہ ذیل نسخوں کی طرف بھی مراجعت کی گئی ہے۔

١ نسخۂ حسینی یعنی وہ نسخہ جو شہزادۂ استاذ زمن حضرت مولانا شاہ حسنین رضا خاں رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے بار اول حسنی پریس بریلی شریف میں چھاپ کر شائع کیا۔ یہ صرف حصۂ دوم ہے۔ اس کے سرورق اور ورقِ آخر کے اندرونی صفحوں پر ایک مختصر مضمون ہے جس کا عنوان ہے ’’حضور پرنور اعلیٰ حضرت شیخ الاسلام والمسلمین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مختصر حالات‘‘۔ اس مضمون سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ نسخہ اعلیٰ حضرت کے وصالِ مبارک کے بعد طبع ہوا۔ حضرت شرر صاحب کی صراحت کے مطابق رضا اکیڈمی کی شائع کردہ حدائق بخشش کا حصۂ دوم اسی نسخہ کے مطابق ہے۔

٢ نسخۂ اقبالی یعنی وہ نسخہ جو حضرت مولانا صوفی اقبال احمد نوری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے رضوی کتب خانہ محلہ صندل خاں بازار بریلی شریف سے شائع کیا تھا۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

اس کے حصۂ اول کے آخری صفحہ پر جلی قلم سے اعلیٰ حضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا قطعہ ''نہ مرا نوش ز تحسیں الخ'' لکھا ہوا ہے اور اس کے بعد ہے ''رقمہ سگ بارگاہ رضویہ فقیر محمد اسحاق پورنوی غفرلہ ولوالدیہ۔ مجبوب رقم۔ شوال المکرم ۱۳۸۰ھ۔

۳ نسخۂ رحمانی یعنی وہ نسخہ جو نبیرۂ امام اہلسنت حضرت مولانا شاہ رحمانی میاں رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے زیر اہتمام مکتبۂ اعلیٰ حضرت محلہ سوداگران بریلی شریف سے شائع کیا گیا تھا۔ اس میں طباعت کا سال مکتوب نہیں ہے۔

۴ نسخۂ قادری یعنی وہ نسخہ جو حضرت مفتی قاضی عبدالرحیم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے قادری بکڈپو بریلی شریف سے شائع کیا تھا۔ اس کی تاریخِ طباعت ۱۱ر صفر المظفر ۱۴۰۳ھ ہے۔

۵ اعلیٰ حضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی تصنیف لطیف ''الزمزمۃ القمریہ'' جو بار اول مطبع اہل سنت وجماعت بریلی شریف میں طبع ہوئی اس کے آخر میں ''وظیفۂ قادریہ'' بھی مطبوع ہے۔ وظیفۂ قادریہ کی تصحیح کے وقت اس کو بھی سامنے رکھا گیا۔ اس کا ذکر ''وظیفۂ قادریہ منسلک بزمزمۂ قمریہ'' کے نام سے کیا جائے گا۔

۶ خیر الاذکیا حضرت علامہ محمد احمد صاحب مصباحی مدظلہ العالی نے اعلیٰ حضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے فارسی قصیدے ''اکسیر اعظم'' اور اس کی فارسی شرح ''مجیر معظم'' کا اردو میں ترجمہ فرمایا ہے جو ''تاب منظم'' کے نام سے موسوم ہے اکسیر اعظم کی تصحیح میں اس کی طرف بھی رجوع کیا گیا۔

۷ حضرت مولانا قاری غلام محی الدین خاں خطیب سابق خطیب جامع مسجد

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

ہلدوانی و ناظم مدرسہ اشاعت الحق ہلدوانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے ''مثنوی رد امثالیہ'' کی شرح لکھی تھی جو ۳/ جولائی ۱۹۷۸ء میں پایۂ تکمیل کو پہنچی۔ اس شرح کی فوٹو کاپی حاصل کی گئی اور مثنوی کی تصحیح میں اس سے بھی استفادہ کیا گیا۔ یہ فوٹو کاپی جناب محمد امین صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ ساکن رہپورہ بریلی شریف کے ذریعہ حاصل ہوئی۔ اللہ تعالیٰ انہیں جزائے خیر عطا فرمائے۔ آمین۔

نوٹ حدائق بخشش کے جن نسخوں کا ذکر ہوا وہ سب امام احمد رضا اکیڈمی کی لائبریری میں موجود ہیں۔

متعدد مقامات ایسے سامنے آئے جہاں ان نسخوں میں اختلاف ہے۔ مثلاً نظم معطر میں ردیف الرّاء کی رباعی کا ایک مصرع یوں ہے ''در ظلمت وظما آب وتاب دارم'' ان نسخوں میں اس کی مختلف صورتیں ہیں۔ کسی میں ''ظلمت وظما'' کے بجائے ''ظلمت وظماء'' ہمزہ کے ساتھ ہے، کسی میں ''ظلمت وظلماء'' ہے اور کسی میں ''ظلمتِ ظمّا'' ہے۔

مثنوی رد امثالیہ کے شعر نمبر ۴۵ کا مصرع ثانی کسی نسخہ میں اس طرح ہے ''کوز حسن وعشق نا آگہ بود'' کسی میں ''کوز حسن وعشق تا آگہ بود'' اور کسی میں ''گوز حسن و عشق تا آگہ بود'' ہے۔

ردیف الیا کی چوتھی رباعی کا ایک مصرع بعض نسخوں میں اس طرح ہے ''دُر بار درِ عطائے عبد القادر'' اور بعض میں یوں ہے ''دَر بار دوُ در عطائے عبد القادر۔ ایک سر سری جائزے میں ایسے مقامات تین درجن سے زائد سامنے آئے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

ایسے مقامات میں ہم نے اس نسخہ کی موافقت کی ہے جو غور و فکر اور باہمی تبادلۂ خیالات کے بعد ہمیں صحیح یا اصح و اولیٰ معلوم ہوا۔ لیکن دوسرے نسخوں میں جو لفظ ہیں ہم نے کئی مقامات پر ان کا ذکر بھی کر دیا ہے۔ ایسے مقامات میں سے اکثر کی نشان دہی ان سطور میں کر دی گئی ہے اور بعض کے تعلق سے حواشی میں وضاحت کر دی گئی ہے۔ اور ان حواشی کو سابقہ حواشی سے ممتاز کرنے کے لیے حاشیہ کے آخر میں مصحح کا مخفف ''مصح'' لکھ دیا گیا ہے۔

جن مقامات میں بیاض تھی اس اشاعت میں دوسرے نسخوں کی مدد سے ان کو پر کر دیا گیا ہے۔ ایک دو مقام پر خود ہی غور و فکر اور تبادلۂ خیالات کے بعد خالی جگہ کو پر کیا گیا ہے کیونکہ دوسرے نسخوں میں جو لفظ تھے موقع و محل کے مطابق ان کا مطلب سمجھ میں نہیں آیا۔ لیکن جو لفظ بھی خالی جگہ میں رکھا گیا ہے وہ انہی نسخوں میں منقولہ الفاظ کی مدد سے رکھا گیا ہے۔ خالی جگہ میں رکھے گیے لفظ کو بریکٹ سے گھیر دیا گیا ہے تا کہ اصل سے ممتاز ہو جائے۔

یہ تصحیح و تحقیق حضرت علامہ مفتی محمد حنیف خاں صاحب، حضرت مولانا صغیر اختر صاحب مصباحی اور راقم السطور کی مشترکہ کاوش ہے۔ اسی لیے مذکورہ اور آئندہ سطور میں ضمیر جمع متکلم (ہم) استعمال کی گئی ہے۔ حضرت مولانا صغیر اختر صاحب جید عالم ہونے کے ساتھ ساتھ ایک بلند مرتبہ اور خوش فکر شاعر بھی ہیں۔ فنّ عروض میں ماہر اور شعر و سخن کے معاملہ میں وسیع اور گہری نظر رکھتے ہیں۔

اس نسخہ کی تصحیح و تحقیق کے دوران جن مقامات کے تعلق سے اشکالات و شبہات

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

www.waseemziyai.com

MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

پیش آئے ان کے بارے میں طلب تحقیق اور استصواب کے لیے بذریعہ خطوط مندرجہ ذیل علمی وادبی شخصیات کی طرف بھی رجوع کیا گیا۔ حدائق بخشش پر کام کا آغاز غالباً ۲۰۱۵ء میں ہوا تھا یہ خطوط اسی وقت لکھے گئے تھے۔

حضرت مولانا ڈاکٹر فضل الرحمن شرر صاحب مصباحی ۔ ارسال مکتوب کے بعد مبارکپور میں حضرت مولانا صغیر اختر صاحب کی آپ سے ملاقات ہوئی تو اس خط کا ذکر بھی آیا۔ مولانا نے کہا کہ آپ اس خط کا جواب ضرور لکھیں آں موصوف نے جواباً فرمایا تھا کہ ہاں میں لکھوں گا۔ لیکن شاید مصروفیات کی وجہ سے جواب نہ لکھ پائے یا مشاغل کی بھیڑ بھاڑ میں اس مراسلہ کی طرف توجہ نہ رہی ۔ اور ہماری یہ کوتاہی رہی کہ ہم نے مکرر آپ سے رابطہ نہ کیا۔

حضرت مولانا ڈاکٹر شکیل صاحب اعظمی ۔ آپ سے جن امور کے بارے میں رجوع کیا گیا تھا یہ ان کے علاوہ تھے جو حضرت شرر صاحب کے پاس بھیجے گئے تھے۔ ڈاکٹر صاحب کی طرف سے جواب ملا کہ میں اس وقت سخت بیمار ہوں اور اس پوزیشن میں نہیں ہوں کہ کوئی دماغی کام کروں ۔ ورنہ میں ضرور ان امور پر غور وخوض کرتا اور جواب تحریر کرتا۔

حضرت علامہ محمد احمد صاحب مصباحی ۔ آپ کی خدمت میں جو سوالات بھیجے گئے یہ بھی ان کے علاوہ تھے جو مذکورہ حضرات کو بھیجے گئے تھے۔ آپ نے ہمارے استفسارات کا جواب عنایت فرمایا۔ جس سے ہماری حوصلہ افزائی ہوئی ۔ اور ہم نے اس کے بعد بھی اس تعلق سے کئی بار آپ کو زحمت دی ۔ نیز تصحیح وتحقیق کا عمل پورا ہونے

اور کمپیوٹر پر تصحیحات بنائے جانے کے بعد حضرت مولانا محمد حنیف خاں صاحب نے فائنل کاپی نظر ثانی کے لیے آپ کی خدمت میں بھیجی۔ اور آپ نے کرم فرماتے ہوئے اس کو بالاستیعاب پڑھا اور تصحیح یا کمپیوٹر پر تصحیحات بنانے میں کتابت کی جو متعدد خامیاں رہ گئی تھیں ان کو درست کیا اور اور کئی مفید مشوروں سے بھی نوازا نیز ان کئی اغلاط کی تصحیح بھی فرمائی جو حدائق بخشش کے نسخوں میں چلی آرہی تھیں۔

ہم تہہ دل سے آپ کے شکر گزار ہیں کہ ہم نے جب بھی آپ کی طرف رجوع کیا آپ نے بغیر کسی اظہار ناگواری کے ہمارے معروضات پر غور کیا اور جواب سے نوازا اور فائنل کاپی پر نظر ثانی بھی فرمائی۔ اس اشاعت میں اگر کوئی خوبی ہے تو وہ آپ ہی کی رہنمائی اور کرم فرمائی کی برکت ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ صحت وعافیت کے ساتھ آپ کا سایۂ کرم دراز فرمائے آمین۔

کتاب کے آغاز میں حضرت مولانا محمد حنیف خاں صاحب کا ایک مضمون بھی شامل ہے۔ جس میں سیدنا اعلیٰ حضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا مختصر تعارف اور آپ کے کلام بلاغت نظام میں جو خوبیاں اور صنائع و بدائع ہیں ان کا بیان کیا گیا ہے۔ اس مضمون نے اس اشاعت کو مزید مفید بنا دیا ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

تصحیحات و تحقیقات

اب بعض اشعار اور مصرعوں کے بارے میں کچھ عرض کیا جاتا ہے۔ حوالہ کے لیے نعت یا منقبت کے مطلع کا ابتدائی حصہ اور شعر نمبر لکھ دیا گیا ہے اور اگر نعت یا منقبت کسی عنوان سے معنون ہے تو عنوان اور شعر نمبر لکھدیا گیا ہے۔ پہلے مقام کے علاوہ سب کا تعلق حصہ دوم سے ہے۔

سونے کو تپائیں جب کچھ مِیل ہو یا کچھ مَیل
کیا کام جہنم کے ''دھرے'' کو کھرے دل سے

مصرع ثانی میں واوین کے درمیان والا لفظ سبھی نسخوں میں ہائے مخلوط کے ہی ساتھ لکھا گیا ہے لیکن دریں صورت وزن میں کمی معلوم ہوتی ہے۔ مشہور عالمی نعت خواں جناب اویس قادری صاحب جو نعت و منقبت پڑھنے میں صحت لفظی اور وزن شعری کا پورا پورا خیال رکھتے ہیں اور کسی شعر کو اس طرح نہیں پڑھتے کہ اس کی موزونیت میں کوئی خلل واقع ہو غالباً انہوں نے اسی کمی کی تلافی کے لیے یہ مصرع لفظ ''ہو'' کے اضافہ کے ساتھ اس طرح پڑھا ہے۔ ''کیا کام جہنم کے دھرے کو ہو کھرے دل سے''۔

ہم نے مروجہ اردو لغات جیسے فیروز اللغات، فرہنگ آصفیہ، نور اللغات کی طرف بھی رجوع کیا لیکن ''دھرے'' کے ایسے معنی نہیں ملے جو اس مقام کے مناسب

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

ہوتے اور لفظ ''دہرے'' ملا ہی نہیں۔

حضرت مفتی محمد حنیف خاں صاحب نے فرمایا: یہ لفظ ''دھرے'' نہیں بلکہ ''دہرے'' ہے۔ دہکتے انگاروں کے ڈھیر کو ''دہرا'' بولا جاتا ہے۔ حضرت مولانا صغیر اختر صاحب نے بھی ایسا ہی بتایا لہذا نسخۂ ہذا میں دہرے ہی لکھا گیا ہے یعنی ''کیا کام جہنم کے ''دہرے'' کو کھرے دل سے''۔

سینہ حسن آباد شد تر سم ''نمائی'' دردلم
زانکہ از وحشت رسیدہ دردلِ ویراں توئی

[قصیدہ اکسیر اعظم ش:۸]

گردتو ''پروانہ'' روئے تو یکساں ہر طرف
روشنم شد کز ہمہ رو شمع افروزاں توئی

[ش:۲۵]

بلبلاں را ''سوز وساز و'' سوز ایشاں کم مباد
گل رخاں را زیب زیبد، زیب ایں بستاں توئی

[ش:۶۹]

وائے من گر جلوہ فرمائی ، ومن ماند بمن
من زمن بستاں و جایش دردلم منشاں توئی

[ش:۱۰۸]

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

یہ اشعار مذکورہ نسخوں میں اسی طرح ہیں لیکن ''تاب منظم'' میں شعر اول کے مصرع اول میں ''نمائی'' کی جگہ ''نمانی'' ہے، دوم کے مصرع اول میں ''پروانہ'' کی جگہ ''پروانہا'' ہے، سوم کے مصرع اول میں ''سوز وساز و'' کی جگہ ''سوز ساز د'' ہے اور چہارم کے مصرع دوم میں ''منشاں'' کی جگہ ''بنشاں'' ہے۔ اور غور وفکر کے بعد سمجھ میں آجاتا ہے کہ درست وہی ہے جو تاب منظم میں نقل کیا گیا ہے لہذا نسخۂ ہذا میں یہ اشعار تاب منظم ہی کے مطابق لکھے گئے ہیں۔ مزید وضاحت کے لیے کتاب مذکور سے ان اشعار کا ترجمہ نقل کیا جاتا ہے۔

۱ دل کے ویرانے میں تم پہنچے سینہ ''حسن آباد'' ہوگیا۔ اب مجھے ڈر ہے کہ میرے دل میں ''نہ رہو'' اس لیے کہ تم جس وحشت وویرانی کو دیکھ کر اس میں آئے تھے وہ نہ رہی۔ [ص:۱۱۰]

۲ تمہارے گرد ''پروانے'' ہیں، تمہارا رخ یکساں ہر طرف ہے۔ مجھ پر روشن ہوگیا کہ تم ہر جہت سے شمع فروزاں ہو۔ [ص:۱۲۰]

۳ بلبلوں کے لیے ''سوز مناسب ہے'' ان کا سوز کم نہ ہو، گل رخوں کے لیے آرائش زیبا ہے، اور اس گلستاں کی رونق تم ہو۔ [ص:۱۵۴]

۴ مجھ پر افسوس! تم جلوہ فرماؤ اور میرے ساتھ ''میں'' رہ جائے، مجھ سے ''میں'' لے لو اور اس کی جگہ میرے دل میں ''تم ہی تم رکھ دو'' [ص:۱۸۹]

حضرت مصباحی صاحب سے مذکورہ نسخوں کا حوالہ دے کر سوال کیا گیا کہ ''تاب منظم'' میں یہ اشعار ان سبھی نسخوں سے مختلف ہیں تو کیا آپ کے پاس حدائق بخشش کا کوئی دوسرا نسخہ یا کوئی مستند مخطوطہ ہے جہاں سے آپ نے یہ قصیدہ نقل کیا یا

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

آپ نے یہ تصحیحات فرمائی ہیں؟ حضرت نے جو جواب دیا وہ مندرجہ ذیل ہے۔

تاب منظم سے متعلق جو چار تصحیحات آپ نے ذکر کی ہیں وہ اس لیے ہیں کہ مطبوعہ نسخوں میں غلطیاں واضح نظر آئیں۔ بعض غلطیاں معمولی غور وخوض سے سمجھ میں آجاتی ہیں۔ ان الفاظ کی اصل کتابت کسی طرح درست نہ تھی اور سیاق وسباق سے ظاہر تھا کہ یہ نہیں، یہ ہوگا، اس لیے میں نے درست کر دیا۔

اَوْ دَمٍ مسفوح ذمش درنبی
مدحت مشک "اطیب الطیب" از نبی

[مثنوی ردامثالیہ شعر: ۲۴]

نسخۂ رضا اکیڈمی میں مصرع اول کی جگہ بیاض ہے لیکن دیگر مذکورہ نسخوں میں مصرع اول اسی طرح ہے۔ نسخۂ رحمانی میں لفظ "او دمٍ" پر حرکات وسکون تو نہیں لیکن رسم خط عربی ہی ہے۔ شرح مثنوی ردامثالیہ میں ''او دماً مسفوح ذمش درنہی'' ہے۔

مذکورہ نسخوں کے مطابق مصرع اول کے آخری لفظ کو بفتح نون ''نَبی'' پڑھنے کی صورت میں اتحاد قافیہ کا نقص بھی ہے اور کوئی مطلب بھی سمجھ میں نہیں آتا۔ شرح میں مصرع کی جو صورت ہے اس سے نقص مذکور تو دور ہو جاتا ہے لیکن اس میں لفظ ''او دماً مسفوح'' کی نادرستی ظاہر ہے۔

لہذا غیاث اللغات کی طرف رجوع کیا گیا کہ شاید اس لفظ کی کوئی اور صورت بھی ہو۔ تو اس سے معلوم ہوا کہ بضم نون ''نُبی'' قرآن مجید کے معنی میں آتا ہے۔ غیاث اللغات کی عبارت اس طرح ہے: نبی بفتح نون کا معنی بیان کرنے کے بعد لکھتے

ہیں: ''نُبی''، بضم اول و کسر ثانی موحدہ و یائے معروف بفارسی قرآن و مصحف و کلام الٰہی ، از رشیدی و برہان و کشف۔ باین معنی بکسر تین نیز آمدہ۔ [ص ۴۸۷]

اسی مثنوی کے مندرجہ ذیل شعر میں بھی یہ لفظ اسی معنی میں استعمال ہوا ہے ؎

کرد ایمائے بریں فتنہ گری

قرنہا پیش از وجودش در نُبی

[شعر: ۱۶۴]

اس کی روشنی میں مصرع کا یہ مفہوم ہوا کہ قرآن مجید میں اس کی [یعنی حلق مذبوح سے نکلنے والے خون کی] مذمت میں ''اَوْ دَمٍ مسفوح'' وارد ہوا ہے۔ لیکن حفاظ کرام سے تحقیق کرنے پر معلوم ہوا کہ پارۂ ہشتم کی سورۂ الانعام میں ''او دماً مسفوحاً'' تو آیا ہے لیکن **او دمٍ مسفوح** کہیں نہیں آیا۔

حضرت مصباحی صاحب قبلہ نے رہنمائی فرمائی کہ یہ عربی لفظ ''اَوْ'' نہیں ہے بلکہ فارسی ضمیر ''اُو'' ہے جس کا مرجع ''آں دمے کز حلق مذبوحے جہد'' ہے۔ دم نافہ اور دم سائل میں کئی طرح امتیاز ظاہر کیا گیا ہے ایک امتیاز مدحت و مذمت بھی ہے۔

حضرت کی رہنمائی سے معلوم ہوا کہ یہ عربی ترکیب نہیں بلکہ فارسی ہے۔ کاتب کے اس کو اس طرح لکھ دینے کی وجہ سے الجھن پیدا ہو گئی۔ اب شعر کی درست صورت یوں ہوئی ؎

اُو دمِ مسفوح ذمش در نُبی

مدحت مشک ''اطیب الطیب'' از نبی

وہ [یعنی حلق مذبوح سے ابلنے والا خون] دم سائل ہے جس کی قرآن مجید میں

مذمت وارد ہوئی [کہ اس کو حرام فرمایا گیا] اور مشک کی شان یہ ہے کہ نبی کریم علیہ الصلوۃ والتسلیم نے اس کی مدحت میں ''اطیب الطیب'' فرمایا یعنی عمدہ ترین خوشبو۔

حضرت مصباحی صاحب نے ان سطور پر نظر ثانی کرتے ہوئے لفظ ''نُبی'' کے اس معنی میں مستعمل ہونے پر کئی شواہد بھی پیش فرمائے۔ آپ تحریر کرتے ہیں، مثنوی مولانا روم میں بھی یہ لفظ بمعنی مصحف وقرآن مجید آیا ہے

۱ دَرنُبی انذار اہل غفلت ست
کاینہمہ انفاقہا شاں حیرت ست

[جلد اول، دفتر اول ص ۲۴۲ تفسیر دعائے ''اعط کل منفق خلفا]

۲ از پئے ایں عاقلان ذوفنون
گفت ایزد درنُبی ''لایعلمون''

[دفتر سوم ص ۳۳ شرح آں کوردور بیں]

۳ درنُبی بشنو بیانش از خدا
آیت ''اشفقن ان یحملنها''

[دفتر ششم ص ۲۵۵ نکوہیدن ناموسہائے بوسیدہ را]

گر بخواہی فہم اومردی کند
گوز حسن وعشق تا آگہ بود

[مثنوی ردامثالیہ ش:۴۵]

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

یہ شعر نسخۂ رضا اکیڈمی میں اسی طرح ہے۔ نسخۂ حسنینی ، اقبالی ، رحمانی اور قادری میں بھی مصرع اول اسی طرح ہے صرف رحمانی میں مردی کی جگہ مردے ہے۔ مصرع ثانی میں سبھی میں ''گو'' کے بجائے ''کو'' ہے۔ لیکن شرح مثنوی میں ''کوز حسن و عشق نا آگہ بود منقول ہے۔ اور مصرع اول میں لفظ ''مردی'' کے بجائے ''مردے'' ہے۔ اور غور و فکر کے بعد یہی درست معلوم ہوا۔ ''کو'' یہ دراصل ''کہ او'' تھا اور الف کے اسقاط کے بعد ''کو'' ہو گیا۔ یہاں لفظ ''کو'' کے باوجود ''تا آگہ'' کا موقع نہیں۔ یہ ضرور ''نا آگہ'' ہے جیسے ناشناس اور نااندیش۔ لہذا نسخۂ ہذا میں اسی طرح لکھا گیا ہے۔

اب شعر نمبر ۴۱ ''وصف او از قدرتِ انساں وراست الخ'' سے شعر نمبر ۴۹ ''گرچہ خود داند اسیرِ دلربا الخ'' تک کا ماحصل یہ ہوا۔ اعلیٰ حضرت فرماتے ہیں: حضور افضل المخلوقات صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا وصف انسان کی قدرت سے باہر ہے۔ اور سابق میں جو کچھ مذکور ہوا وہ سب برائے تفہیم ہے۔ آپ کے اوصاف کا کما حقہ بیان نہیں۔ اس کے بعد ایک مثال دے کر سمجھاتے ہیں کہ ایک محبوب جو ایسے ایسے اوصاف کا حامل ہو اگر تم چاہو کہ اس کے دیدار کی لذت ایسا آدمی سمجھے جو حسن و عشق سے نا آگاہ [بے خبر] ہو، منت تیرِ جفا نا کشیدہ ہو، اس کے لب فریاد و فغاں سے نا آشنا ہوں وغیرہ وغیرہ تو تم سمجھانے کے لیے اس کے سوا کیا کہو گے کہ لذتِ دیدار شکر کی طرح شیریں ہوتی ہے۔ [اس کے بعد خطاب سے غیبت کی طرف التفات کرتے ہوئے فرماتے ہیں] اگرچہ لذت دیدار کو شکر کی شیرینی کے مثل بتانے والا یہ عاشق خود جانتا ہے کہ ان دونوں میں زمین و آسمان کا فرق ہے۔ کہاں لذت دیدار اور کہاں شکر کی شیرینی۔ بس اس نے برائے تفہیم شکر کی طرح شیریں کہہ دیا۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

www.waseemziyai.com

MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

لعل ''چہ بود'' جوہری باسرخیئے
مشک ''چہ بود'' خون نافِ وحشیئے

[مثنوی ردامثالیہ ش:۳۰]

مذکورہ نسخوں میں اسی طرح مکتوب ہے۔ یہ مثنوی بحر رمل مسدس محذوف میں ہے جس کے ارکان ''فاعلاتن، فاعلاتن، فاعلن'' ہیں لیکن درمیان واوین الفاظ کی موجودہ صورت میں شعر مطابق بحر نہیں ہوتا۔ ہاں اگر ان الفاظ کو اس طرح لکھیں کہ ''چہ'' کی ''ہ'' گرادیں اور ''بود'' کی ''ب'' کو ساکن کر کے ''چ'' کو اس سے ملادیں یعنی ''چِبُود'' تو شعر مطابق بحر ہوگا۔

''وظیفۂ قادریہ'' کے ایک مصرع میں اس لفظ کو مذکورہ نسخوں میں اسی طرح لکھا گیا ہے۔ ''منسلک بزمزمۂ قمریہ'' میں ''چ'' پر کسرہ اور ''ب'' پر علامت سکون بھی لگی ہوئی ہے۔ مصرع یہ ہے:

پائہا چِبْود کہ سرہا زیر پات

اس نظیر کے پیش نظر اس نسخہ میں یہ لفظ اسی طرح لکھا گیا ہے۔ نیز لفظ ''جوہری'' کو یائے مجہول سے لکھا گیا ہے اور مصرعوں کے آخری الفاظ میں ہمزہ نہیں لکھا گیا ہے ؎

لعل چِبْود؟ جوہرے باسرخیے
مشک چِبْود؟ خونِ نافِ وحشیے

اے نگاہت زندہ ساز مردہا
چیست پیشت دردلِ افسردہا

[وظیفۂ قادریہ ش:۵۹]

کئی نسخوں میں مصرع ثانی اسی طرح ہے لیکن ''وظیفۂ قادریہ منسلک بزمزمۂ قمریہ'' اور نسخۂ اقبالی میں یوں ہے ''چیست پیشت دردِدل افسردہا، یہی درست معلوم ہوا لہذا نسخۂ ہذا میں اسی طرح لکھا گیا ہے۔ ایسا سمجھ میں آتا ہے کہ سہو کاتب سے لفظ ''دل'' سے پہلے ایک دال کتابت سے رہ گئی اور جو کسرہ اس دال کے نیچے ہوتا وہ لفظ ''دل'' کے لام پر لگا دیا گیا۔ شعر کا مفہوم یہ ہے اے وہ ذات کہ آپ کی نگاہِ کرم مردوں کو زندگی بخشنے والی ہے آپ کے نزدیک افسردہ دلوں کا دردوغم کیا حیثیت رکھتا ہے۔

آخر نیم اے مالک عبدالقادر
مملوک وکمین مالک عبدالقادر

مپسند کہ گویند بایں نسبت وبند
کاں بندہ فلاں مالک عبدالقادر

[نظم معطر ردیف الکاف]

نسخۂ حسنینی میں مصرع ثانی اسی طرح ہے۔ لفظ مالک کے لام پر فتحہ بھی ہے۔ اقبالی، رحمانی اور قادری میں ''کمین'' کے بجائے ''مکین'' ہے۔ لیکن یہ سہو کاتب ہے۔ نسخۂ رضا اکیڈمی میں اس لفظ کی جگہ بیاض ہے لیکن نسخۂ ہذا میں نسخۂ حسنینی کے مطابق لکھا گیا ہے۔

یہ دعائیہ رباعی ہے اور قافیہ اضافت کے ساتھ ہے۔ مصرع دوم کے لفظ ''مالک'' میں ''کاف'' برائے تصغیر ہے جیسے: مردَک اور طفلک میں۔ حضرت ناظم

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

قدس سرہ العزیز بارگاہ رب العزت میں عرض کرتے ہیں: اے عبد القادر کے مالک کیا میں عبد القادر کا مملوک اور کمتر و حقیر مال نہیں ہوں۔ (یعنی ہوں) اس نسبت اور تعلق کے ہوتے ہوئے یہ پسند نہ فرما کہ لوگ (میرے بارے میں) یوں کہیں کہ وہ عبد القادر کا فلاں ہلاک شدہ بندہ۔

یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ ''مالَک'' بفتح لام اور ''مالِک'' اور ''ہالِک'' بکسر لام ہم قافیہ کیوں کر ہو سکتے ہیں۔ کہ ان الفاظ میں حرف روی ''کاف'' کے ماقبل کی حرکات مختلف ہیں۔ یہی سوال مندرجہ ذیل رباعی کے بارے میں حضرت شرر مصباحی صاحب سے کیا گیا تھا۔

بالکسر منم مخلِصِ عبدالقادر — سر بر قدمِ خُلَّصِ عبدالقادر
بر کسر چوں رحم آرد فتحش چہ عجب — بالفتح شوم مُخْلَصِ عبدالقادر

آپ نے اس سوال کا یہ جواب دیا ''علم القوافی کا قاعدہ ہے کہ اگر روی مقید ہے یعنی حرف روی ساکن ہے تو ماقبل کی حرکت کی مطابقت لازم ہے۔ جیسے: قمر، شجر وغیرہ۔ اس کا ہم قافیہ عُنصُر نہیں ہوسکتا۔ لیکن روی مطلق ہو یعنی حرف وصل سے متحرک ہو تو روی اپنے ماقبل کی حرکت کی پابندی کی محتاج نہیں رہ جاتی لہذا سروری کا قافیہ عُنصُری ہوسکتا ہے۔

خود حضرت امام رضا فرماتے ہیں: روی جب متحرک ہو تو قبل کی حرکت میں اختلاف بالاجماع جائز و بے عیب ہے جیسے: دِلَش و گُلَش۔ بخلاف اختلاف دِل و گُل کہ روی ساکن ہے (فتاوی رضویہ ج: ۱۲ ص: ۱۸۳)

اسی تعلق سے دوسری کتابوں کی عبارتیں نقل کرنے نیز استاذ شعراء کے کلام سے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

شواہد پیش کرنے کے بعد فرماتے ہیں:

اب رہا یہ کہ ان تمام مثالوں میں روی متحرک بحرف وصل ہے۔(جیسے ایک مثال میں قافیہ مشتری، برتری، طائری ہے ناقل) جب کہ خلص و خالص اور مخلص و مخلص میں کسی حرف زائد کا وصل نہیں ہے (کتاب میں اسی طرح ہے لیکن مخلِص اور خلَص و مُخلَص سمجھ میں آتا ہے کہ رباعی میں بطور قافیہ یہی الفاظ ہیں، خالص نہیں ناقل) لیکن اس اشتباہ کی کوئی اہمیت نہیں کیوں کہ علم القوافی میں اضافت کا شمار حرف وصل ہی میں ہوتا ہے (مقدمۂ حدائق بخشش مطبوعہ رضا کیڈمی ممبئی ص ۴۳ تا ۴۵)

عبدا بہ لقائے او چو ہمزہ گم شد
تا دریابی بپائے عبد القادر

[نظم معطر۔ رباعی ردیف الیاء]

مذکورہ سبھی نسخوں میں اگرچہ مصرع اول کا آخری لفظ اسی طرح ہے لیکن یہاں لفظ ''شد'' سمجھ میں نہیں آتا بلکہ ''شو'' ہونا چاہیے۔ لفظ ''عبدا'' بھی اس پر قرینہ ہے اور شعر کا مفہوم بھی اسی صورت میں درست ہوگا۔ لہذا اس نسخہ میں ''شو'' ہی لکھا گیا ہے۔ شعر کا مفہوم یہ ہوگا ''اے بندے جس طرح لفظ ''القادر'' سے لفظ ''عبد'' کے ملنے کے وقت ہمزہ گم ہو جاتا ہے کہ اس کا تلفظ نہیں ہوتا اسی طرح تو بھی ان کی لقا میں گم ہو جا، خود کو فنا کر دے تا کہ حضرت شیخ عبد القادر کے مبارک قدموں میں جگہ پائے۔

کیں جھولاں راز طعن ودور باد
ہم بدنیا کیک درموزہ فتاد

[مثنوی ش:۱۴۹]

نسخۂ حسنینی اور اقبالی میں یہ شعر اسی طرح ہے۔ قادری اور رحمانی میں ''کیک'' کی جگہ ''لیک'' ہے۔ لیکن وہ غلط الکتابت ہے۔ نسخۂ رضا اکیڈمی میں مصرع ثانی اسی طرح ہے جیسے نسخۂ حسنینی میں ہے لیکن مصرع اول میں ''کیں جھولاں راز طعن'' کے بعد بیاض ہے۔

''کیک درموزہ فتادن'' کے معنی ہیں مضطرب و بے قرار ہوتا [غیاث اللغات ص: ۳۹۳] شعر کا مفہوم یہ ہے کہ یہ نرے جاہل [یعنی شش مثل کے مدعی] لوگوں کے طعن اور دوٗر باد کہنے کی وجہ سے دنیا میں بھی اضطراب و بے قراری میں گرفتار ہیں [ان کے اضطراب کا ذکر آئندہ اشعار میں کیا گیا ہے]

دستے زدم اے ضامن عبدالقادر
دردامنِ جاں بامن عبدالقادر

[نظم معطر۔ رباعی ردیف النون]

مصرع ثانی سبھی نسخوں میں اسی طرح ہے۔ حضرت مصباحی صاحب اس کے بارے میں لکھتے ہیں: یہ ''دردامنِ جاں مامن عبدالقادر'' مناسب معلوم ہوتا ہے۔ یعنی حضرت عبدالقادر کے دامن میں جو جان کی پناہ گاہ اور جائے امن ہے ''ما'' کی جگہ ''با'' خطأ کتابت ہوگا۔

ہم نے اس نسخہ میں ''مامن'' ہی لکھا ہے کیونکہ یہ کتابت کی خطا ہی معلوم ہوتی

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

ہے جیسے بعض نسخوں میں مثنوی کے مصرع ''مامن از تمثیل می کردم طلب'' میں ''مامن'' کی جگہ ''تامن'' لکھا گیا ہے۔

رباعی ردیف الذال کے شعر اول کا مصرع ثانی ہے ''تن ملجأ وجاں ملاذ عبدالقادر''۔ ''جاں ملاذ'' اور ''جاں مامن'' دونوں کا ایک ہی مفہوم ہے۔ اس مصرع میں سرکار غوثیت مآب کو ''جاں ملاذ'' کہا گیا ہے اور مصرع زیر بحث میں آپ کے دامن اقدس کو ''جاں مامن'' فرمایا گیا ہے۔

بنتِ احمد رونق کا شانہ وبانوئے تو
گوشت وخون تو بلحمش شیر وشکر آمدہ
[منقبت حضرت مولیٰ علی ش: ۳]

سبھی نسخوں میں مصرع ثانی اسی طرح ہے لیکن اعلیٰ حضرت کی عظیم الشان تصنیف ''مطلع القمرین'' مطبوعہ امام احمد رضا اکیڈمی میں منقولہ منقبت میں ''گوشت وخون تو'' کے بجائے ''گوشت وخونت'' مرقوم ہے۔ نسخۂ ہذا میں یہ مصرع اسی کے مطابق لکھا گیا ہے یعنی گوشت وخونت بلحمش شیر وشکر آمدہ'' کہ بحر کا مقتضا یہی ہے۔ یہ منقبت بحر رمل مثمن محذوف میں ہے جس کے ارکان ''فاعلاتن، فاعلاتن، فاعلاتن، فاعلن'' ہیں۔

سیدا، قلب الہدیٰ، جلب النّدیٰ، سلب الرَّدیٰ
غمزدا، غمرِ الرِّدا الجدیٰ امداد کن
[نالہ دل زار بسرکار ابد قرار صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ش:۱۹]

حسنینی میں مصرع دوم اسی طرح مکتوب ہے۔ اقبالی میں بھی اسی طرح ہے لیکن جیم کے بجائے ''حا'' ہے۔ قادری اور رحمانی میں اس طرح ہے، غمز داغمر الردا الحدیٰ امدادکن، لیکن نسخۂ رضا اکیڈمی میں یوں ہے۔

''غمز داغمر الردالحد۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔امدادکن''

راقم السطور نے حضرت مصباحی صاحب کی بارگاہ میں مصرع ثانی کے تعلق سے ایک خیال ظاہر کیا تھا لیکن وہ غیر درست تھا۔ آپ تحریر فرماتے ہیں: ضرورت اس بات کی ہے کہ اعلیٰ حضرت قدس سرہ کے زمانے میں جو نسخے طبع ہوئے تھے وہ تلاش کیے جائیں۔ سنا ہے پہلی بار حدائق بخشش کی اشاعت تحفۂ حنفیہ پٹنہ کے شماروں میں ہوئی تھی۔ طبع اول ودوم کی دستیابی ہوجائے تو بہت سی مشکلات حل ہوسکتی ہیں ورنہ ظن و تخمین سے بہت کم اصلاح ہوسکے گی۔ اس کے بعد لکھتے ہیں: اگر اندازہ ہی لگانا ہے تو میرا اندازہ ہے کہ شاید مصرع کی اصل صورت یوں ہوگی۔

غمرُ دا، غمرُ الرِّ دا، غزرُ الجدا امدادکن

''غمر الرِّ دا'' میں الرِّ داء'' کا ہمزہ ساقط ہوگیا کہ عربی میں الف ممدودہ کے بعد ہمزہ نثر ونظم میں ساقط ہوسکتا ہے۔ ''غمر الرّ دا'' کے لفظی معنیٰ ہیں ایسی چادر والا جو دوسروں کو چھپالے۔ مجازی معنیٰ فیاض اورسخی۔ ''غزرٌ'' کے معنیٰ کثیر ہونا ''الجدا'' کے معنیٰ عام بارش اورعطیہ وعطا۔

مصرع اول کا ترجمہ نسخۂ حسنینی کے بین السطور کی روشنی میں یوں ہے ''اے سردار، جان ہدایت، آرندۂ فیض وعطا، دفع کنندۂ ہلاکت'' اور مصرع ثانی کا ترجمہ حضرت مصباحی صاحب نے یوں کیا ہے ''یامزیل الاحزان، واسع المعروف، کثیر

الغیث والعطا امداد فرمائیے۔ اس نسخہ میں یہ مصرع اسی طرح لکھا گیا ہے اور لفظ ''غزر'' کو بین القوسین کر دیا گیا ہے۔

حضرت مصباحی صاحب نے جو اندازہ پیش کیا ہے وہ اعلیٰ حضرت کے فرمائے ہوئے کے مطابق ہے یا نہیں اس کا فیصلہ تو تحقیق و تفحص کے بعد ہی ہو سکتا ہے لیکن یہ اپنی جگہ طے ہے کہ آپ کا پیش کردہ اندازہ بہت خوب ہے۔

جنبش ابرو نہ تکلیف کلام
خود بود ایں کار آخر والسلام

[مثنوی ردامثالیہ]

نسخۂ رضا اکیڈمی، نسخۂ رحمانی اور نسخۂ قادری میں آخر ہی ہے لیکن حسنینی اور اقبالی میں ''اجزا'' ہے مطلع القمرین میں ''بحر زاخر شرع پاک مصطفیٰ'' سے یہاں تک اشعار منقول ہیں اس میں بھی ''اجزا'' ہے۔ شرح مثنوی ردامثالیہ میں بھی ''اجزا'' ہے۔ اس نسخہ میں بھی ''اجزا'' ہی لکھا گیا ہے۔

دی گفت دلم کہ جان ست عبدالقادر — گفتم احسنت
جاں گفت کہ دینِ مان ست عبدالقادر — گفتم امنت
دیں گفت حیات من ازمن و گفتم — ایں جملہ صفات
از ذات بگو کہ آن ست عبدالقادر — گم شد من وانت

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

[نظم معطر رباعی۔ ردیف التاء]

مصرع ثالث نسخۂ حسنینی، اقبالی، رحمانی اور قادری چاروں نسخوں میں اسی طرح ہے۔ نسخۂ رضا اکیڈمی میں لفظ ''حیات'' اور ''گفتم'' کے درمیان بیاض ہے۔ لیکن دریں صورت مصرع درست معلوم نہیں ہوتا۔ پہلے دو مصرعوں کی روشنی میں یہ سمجھ میں آیا کہ مصرع اس طرح ہونا چاہیے ''دیں گفت حیات من از و، من گفتم''۔ یہ مصرع رباعی کے مندرجہ ذیل وزن کے مطابق ہے۔

مفعول	مفاعلن	مفاعیلن	فع
دیں گفت	حیاتِ من	از و، من گف	تم

حضرت مصباحی صاحب سے رجوع کیا تو آپ نے فرمایا: میری نظر میں بھی ''دیں گفت حیات من از و، من گفتم'' ہونا چاہیے۔ خطأ کتابت سے ''و'' ''من'' کے بعد ہو گیا جب کہ پہلے ہونا چاہیے تھا۔

اب پوری رباعی کا مفہوم یوں ہوگا

۱ کل دل نے کہا کہ عبدالقادر میری جان ہیں — میں نے کہا تو نے خوب کہا
۲ جان نے کہا کہ عبدالقادر ہمارا دین ہیں — میں نے کہا تو صاحب ایمان ہے
۳ دین نے کہا ان سے میری زندگی ہے — میں نے کہا۔ یہ تمام صفات
۴ ذات کے متعلق بتاؤ کہ عبدالقادر وہ ہیں — من و تو گم ہو گئے

یعنی یوں نہ کہو کہ عبدالقادر میری جان ہیں، میرا دین ہیں، میری حیات ہیں، بلکہ یوں کہوں کہ عبدالقادر جان ہیں، عبدالقادر دین ہیں، عبدالقادر حیات دین ہیں۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

یہ کہنے کے بعد من وتو غائب ہو گئے، میں اور تو کی بات نہ رہی۔

ماہِ من، مہ بندہ ات مہ راچہ مانی کا یں چنیں
سینہ وقف داغ و بے خواب سرگرداں توئی

[اکسیر اعظم ش: ۱۲]

مذکورہ نسخوں اور تاب منظم میں مصرع ثانی اسی طرح ہے، اتنا فرق ہے کہ نسخۂ رضا اکیڈمی میں لفظ خواب کی ''ب'' مکسور ہے۔ یہ نظم بحر رمل مثمن محذوف میں ہے لیکن مصرع بحر کے ارکان ''فاعلاتن'' فاعلاتن، فاعلاتن، فاعلن'' کے مطابق نہیں ہوتا۔ ہاں اگر اس کو اس طرح پڑھیں تو بحر کے مطابق ہوتا ہے اور معنوی اعتبار سے بھی کوئی خلل نہیں۔

سینہ وقف داغ و بے خوابی و سرگرداں توئی

اس کی صورت بعینہ مندرجہ ذیل شعر کے مصرع اول کی طرح ہے۔

اے کہ شمسی و کرامتہائے تو مثل نجوم۔ اے عجب، ہم مہر و ہم انجم نما امداد کن

حضرت مصباحی صاحب قبلہ نے اس رائے کو درست قرار دیا لکھتے ہیں: آپ کی تصحیح بجا ہے میری نظر میں بھی یہی ہونا چاہیے۔ لہٰذا موجودہ اشاعت میں یہ مصرع اسی طرح لکھا گیا ہے۔

عرش شرف ست فرش عبدالقادر فرش شرف ست عرش عبدالقادر
یعنی تا سر بپائے (۔۔۔) فرش نمود سرہا شدہ فرش عرش عبدالقادر

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

[نظم معطر ردیف الشین]

نسخۂ رضا اکیڈمی میں یہ رباعی اسی طرح ہے لیکن دوسرے چاروں نسخوں میں مصرع ثانی میں لفظ ''شرف'' کے بجائے ''شرع'' ہے۔ یعنی ''فرش شرع ست عرش عبدالقادر''۔

ان چاروں کی پیروی کرتے ہوئے نسخۂ ہذا میں ''شرع'' ہی لکھا گیا ہے۔ حضرت مصباحی صاحب نے نظر ثانی کرتے ہوئے خالی جگہ میں بریکٹ کے اندر لفظ ''او'' لکھا اور چاروں مصرعوں کے اوزان بھی لکھے نیز رباعی کا مندرجہ ذیل مفہوم بھی تحریر فرمایا:

شعر اول:۔ عبدالقادر کا فرش، شرف (عزت) کا عرش ہے۔ [علاوہ معنیٰ کے لفظی نکتہ یہ ہے کہ ''فرش'' کا پہلا حرف ''شرف'' کا آخری حرف ہے۔ اس کی ابتدا اس کی انتہا ہے] عبدالقادر کا عرش، شریعت کے لیے فرش ہے [لفظی نکتہ: عرش کا آخری حرف ''شرع'' کا پہلا حرف ہے۔ عرش کی انتہا شرع کی ابتدا ہے]

شعر دوم: یعنی جب سر کو پائے شریعت کے لیے فرش بنا دیا اور اس کی تابعداری میں سر رکھ دیا تو اولیا کے سر عبدالقادر کے عرش (عزت) کے لیے فرش ہو گئے (خم ہو گئے)۔

خور راتبہ خور ز شمع عبدالقادر مہ آزقہ بر ز شمع عبدالقادر
ایں نور و سرور شیرت از صبح زچیست دو دیست مگر ز شمع عبدالقادر

مصرع ثالث مذکورہ نسخوں میں اسی طرح ہے لیکن لفظ ''شیرت'' سمجھ میں نہیں آتا۔ ہم نے حضرت مصباحی صاحب سے اس تعلق سے استفسار کیا تھا اس وقت آپ نے کوئی رائے ظاہر نہیں فرمائی تھی لیکن آپ نے نظر ثانی کرتے ہوئے اس مصرع کے مقابل سوالیہ نشان کے ساتھ یہ الفاظ لکھے ''سیرت'' از صبح، اے صبح؟ ان الفاظ کی روشنی میں یہ بات ذہن میں آئی کہ شاید مصرع یوں ہو۔ ع

ایں نور و سرور و سَیُرَت اے صبح ز چیست

دریں صورت رباعی کا مفہوم یہ ہوگا ''آفتاب شمع عبدالقادر سے راتبہ [خوراک] حاصل کرنے والا ہے، ماہتاب شمع عبدالقادر سے آزقہ [قوت وغذا] پانے والا ہے۔

اے صبح یہ اجالا، یہ خوشگواری، اور تیری ہوا کی نرم رفتار کس سبب سے ہے؟ [اس سوال کے بعد جواب دیا جاتا ہے] شاید یہ سب شمع عبدالقادر کے دھوئیں کی برکات ہیں۔ مطلب یہ ہوگا کہ شب میں شمع عبدالقادر سے جو دھواں نکل کر فضا میں پھیلا صبح کا یہ نور و سرور اس میں چلنے والی ہوا کی سبک روی اسی کی برکات ہیں۔ جیسے سیدنا اعلیٰ حضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نعت پاک کے مندرجہ ذیل شعر میں فرمایا:

تابِ مرآتِ سحر گردِ بیابانِ عرب ◆ غازۂ روئے قمر دودِ چراغانِ عرب

رباعی کے مصرعوں اور الفاظ کو سامنے رکھتے ہوئے کچھ لگتی ہوئی بات سمجھ میں آئی اس کا اظہار کر دیا گیا لیکن کتاب میں مصرع میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

بکشادہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ بنہادہ بجود

دروازہ صلا سماط عبدالقادر

[نظم معطر۔ردیف الطاء]

مصرع اول نسخۂ رضا اکیڈمی میں اسی طرح ہے اور دیگر نسخوں میں اس طرح ہے ''بکشادۂ دور دادۂ باد .بنہادہ بجود''۔لیکن اس کا معنی سمجھ میں نہیں آتا۔انہی الفاظ میں غور وفکر کرنے سے یہ ذہن میں آیا کہ شاید مصرع یوں ہو''بکشادہ درِ وبادہ .بنہادہ بجود''یعنی دروازہ کھول رکھا ہے اور بادۂ معرفت سخاوت ودریا دلی کے ساتھ رکھ دی ہے''۔یہ مصرع معنوی طور پر قصیدہ اکسیر اعظم کے اس مصرع کے قریب ہے ع

درکشادہ،خواں نہادہ،سگ گرسنہ،شہ کریم

مصرع کی یہ صورت رباعی کے مندرجہ ذیل وزن کے مطابق ہوسکتی ہے۔

مفعولن	فاعلن	مفاعیل	فعول
بُکشادہ	درِوَبا	دَہ ِبنْ ہادَ	بجود

لفظ''درو بادہ'' بریکٹ میں لکھا گیا ہے تاکہ معلوم ہوجائے کہ یہ لفظ اندازہ سے لکھا گیا ہے اصل میں ایسا نہیں ہے کاش کوئی ایسی صورت نکلے کہ مصرع کی واقعی صورت سامنے آجائے۔

پہلے یہ طریقہ تھا کہ یائے مجہول کو یائے معروف کی شکل میں لکھ دیا کرتے تھے۔قدیم مخطوطات ومطبوعات میں اسے ملاحظہ کیا جاسکتا ہے لیکن اب یہ طریقہ متروک ہے۔نسخۂ حسینی میں بھی جو حدائق بخشش دوم کا اولیں اور قدیم نسخہ ہے اسی طرز

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

قدیم کے مطابق متعدد مقامات پر یائے مجہول کو یائے معروف کی صورت میں لکھا گیا ہے اور بعد والے نسخوں میں بھی اسی کی پیروی کی گئی ہے اس طرح کے جو مقامات نظر میں آ گئے ان میں اس اشاعت میں یائے مجہول لکھ دی گئی ہے۔ وہ مقامات جن میں یائے مجہول کی جگہ یائے معروف لکھی ہوئی ہے۔

چوں ''منی'' محشور زیر رایتت	[وظیفہ قادریہ]
حسن در بالش کہ خود ''شاخی'' زمحبوباں توئی	[قصیدہ اکسیر اعظم]
ہاں صنوبر خیز ''فریادی'' بکن	[مثنوی رد امثالیہ]
ہر کجا ''گنجی'' ودیعت داشتند	//
واں ''دمی'' کز حلق ''مذبوحی'' جہد	//
''عالمی'' از تابشِ او کام یافت	//
جز دعائے نیم شب ''ای'' مستعان	//
لعل چبود ''جوہری'' باسر خیے	

آخر میں یہ عرض ہے کہ اس نسخہ کی تصحیح و تحقیق اور اسکو سجانے سنوارنے میں اپنی بھرپور کوشش کی گئی ہے جیسا کہ اس مضمون کے ابتدائی حصہ میں ذکر کیا گیا۔ پھر بھی ہمیں یہ خوش فہمی نہیں ہے کہ یہ نسخہ بھی اغلاط سے محفوظ ہوگا۔ پھر یہ نئے سرے سے کمپوز کیا گیا ہے ایسی صورت میں اغلاط کا امکان بڑھ جاتا ہے۔ تصحیح کا معاملہ یہ ہے کہ آدمی کتنی ہی حاضر دماغی اور دقت نظر سے یہ کام کرے پھر بھی نظر چوک جاتی ہے جس کے نتیجہ میں اغلاطِ کتابت اپنا قبضہ جمائے رکھنے میں کامیاب ہو جاتی ہیں اور دوسرے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

لوگوں کے لیے بھی خدمت کی گنجائش رہ جاتی ہے۔

کئی مرتبہ تو ایسی غلطی نظر سے اوجھل رہ جاتی ہے کہ تصحیح کنندہ کو خود تعجب ہوتا ہے کہ یہ غلطی کیسے رہ گئی۔ مثلاً مثنوی ردامثالیہ کے مصرع ''ایں چنیں صد ہا فتن انگیختند'' میں حدائق بخشش کے مذکورہ سبھی نسخوں میں لفظ ''صد ہا فتن'' کے بجائے ''صد با فتن'' ہا کی جگہ با سے لکھا ہوا ہے یہ اسی قسم کی غلطی ہے۔

حدائق بخشش پر بیشتر کام ۲۰۱۵ء کے آخر تک ہو گیا تھا لیکن پھر فتاویٰ رضویہ کی اشاعت کی وجہ سے اس کی اشاعت روک دی گئی تھی۔ فتاویٰ رضویہ بحمدہ تعالیٰ بتاریخ ۵ر فروری ۲۰۱۷ء حضرت علامہ مفتی محمد حنیف خاں صاحب مدظلہ العالی کے صاحبزادۂ گرامی مولوی حافظ محمد منیف رضا برکاتی سقی اللہ ثراہ وجعل الجنۃ مثواہ کی فاتحہ چہلم کے موقع پر منظر عام پر آ گئی۔ اس سے فارغ ہونے کے بعد دوبارہ حدائق بخشش کی طرف توجہ کی گئی ہے۔ امید ہے کہ ان شاء اللہ تبارک وتعالیٰ عنقریب زیور طباعت سے آراستہ ہو جائے گی۔ مولیٰ تبارک وتعالیٰ اپنے حبیب کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کے صدقے میں کارکنانِ ادارہ کی اس خدمت کو شرف قبول عطا فرمائے۔ آمین بجاہ حبیبک سید المرسلین۔ وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ خیر خلقہ ومظہر لطفہ محمد وآلہ واصحابہ اجمعین۔

عبدالسلام رضوی مہوا کھیڑوی

خادم امام احمد رضا اکیڈمی صالح نگر

رامپور روڈ بریلی شریف

۱۳ر ذی قعدہ ۱۴۳۸ھ / ۷ر اگست ۲۰۱۷ء

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

تعارف

امام احمد رضا رضی اللہ تعالیٰ عنہ بریلوی

سیدنا اعلیٰ حضرت امام احمد رضا فاضل بریلوی قدس سرہ العزیز کی ذاتِ گرامی محتاج تعارف نہیں۔ ہر سنی صحیح العقیدہ شخص خواہ وہ عوام میں سے ہو یا خواص سے اپنے اعتبار سے آپ کے تجدیدی کارناموں سے بخوبی واقف ہے۔ آپ کے جد اعلیٰ سعید اللہ خاں قندھار کے قبیلہ بڑہیچ کے پٹھان تھے، مغلوں کے دور میں ہندوستان تشریف لائے اور شش ہزاری عہدہ پر فائز ہوئے، انھی ایام میں علاقۂ بریلی میں بغاوت کے آثار نمودار ہوئے، آپ کو حکومت کی طرف سے ان کی سرکوبی کا حکم ملا، آپ نے بریلی آکر بغاوت کا زور توڑ دیا تو آپ کو شجاعت جنگ کا خطاب ملا۔ ان کے بیٹے سعادت یار خاں حکومتِ دہلی کے وزیر خزانہ ہوئے۔ ان کے صاحبزادے اعظم خاں نے بھی حکومت کی جانب سے وزارت کے عہدے پائے، اور حافظ کاظم علی خاں بدایوں کے تحصیل دار انہی کے بیٹے تھے اور ان کو آٹھ گاؤں جاگیر میں ملے تھے۔ ان کے بیٹے مولانا رضا علی خاں (متوفی ۱۲۸۲ھ) تھے۔ یہ اپنے وقت کے قطب اور ولی کامل اور روہیل کھنڈ کے بزرگ ترین علما میں تھے۔ اس خاندان میں انہیں کے زمانے سے دنیوی حکم رانی کا دور ختم ہوا اور فقر و درویشی کا رنگ غالب آیا۔ ان کے صاحبزادے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

مفتی نقی علی خاں (متوفی ۱۲۹۷ھ) علوم ظاہری و باطنی دونوں سے متصف جلیل القدر عالم تھے۔

مجدد دین وملت سیدنا اعلیٰ حضرت امام احمد رضا فاضل بریلوی قدس سرہٗ العزیز انہیں کے صاحبزادے ہیں۔آپ کی ولادت بریلی شریف میں ۱۰/شوال المکرم ۱۲۷۲ھ مطابق ۱۴/جون ۱۸۵۶ء کو ہوئی۔یعنی انقلاب ۱۸۵۷ء سے ایک سال قبل ایک فکری انقلاب کا بے باک نقیب دنیا میں تشریف لایا۔

آپ کا اسم شریف ''محمد'' رکھا گیا اور تاریخی نام ''المختار'' جدامجد مولانا رضا علی خاں علیہ الرحمہ نے آپ کا نام ''احمد رضا'' تجویز فرمایا۔آپ نے خود اس آیت کریمہ سے اپنا سنہ ولادت نکالا ہے: "اُولٰٓئِکَ کَتَبَ فِیْ قُلُوْبِہِمُ الْاِیْمَانَ وَاَیَّدَہُمْ بِرُوْحٍ مِّنْہُ" (۱۲۷۲ھ) (یہ ہیں وہ جن کے دلوں میں اللہ تعالیٰ نے ایمان نقش فرمادیا ہے اور اپنی طرف کی روح سے ان کی مدد فرمائی)

بچپن کے واقعات کو سامنے رکھا جائے تو شیخ سعدی کا یہ شعر یاد آتا ہے:

بالائے سرش زہوش مندی   می تافت ستارۂ بلندی

چار سال کی عمر شریف میں قرآن کریم ناظرہ ختم کیا اور چھ سال کی عمر میں ربیع الاول شریف کے موقع پر بہت بڑے مجمع کے سامنے مسلسل پونے دو گھنٹے تقریر فرمائی۔آٹھ سال کی عمر میں درسی کتاب ہدایۃ النحو کی شرح تصنیف فرمائی جو آپ کی سب سے پہلی تصنیف ہے۔دس سال کی عمر میں درس کی مشہور کتاب مسلّم الثبوت پر حاشیہ لکھا اور ۱۴/سال کی عمر میں فارغ التحصیل ہوگئے۔عربی و فارسی کی ابتدائی کتب

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

مرزا غلام قادر بیگ سے پڑھیں۔ شرح چغمینی کے چند اسباق مولانا عبد العلی رام پوری سے پڑھے جو علم ہیئت میں مشہور تھے۔ علم جفر و تکسیر حضرت سید شاہ ابوالحسین احمد نوری، مارہروی سے حاصل کیا۔ اور باقی جمیع علوم عقلیہ ونقلیہ والد ماجد حضرت علامہ مفتی نقی علی خاں صاحب قدس سرہٗ العزیز سے حاصل کیے۔ ۱۴؍شعبان المعظم کو فراغت حاصل کی۔ آپ فرماتے ہیں کہ جس دن میں فارغ ہوا اسی دن مجھ پر نماز فرض ہوئی، اسی دن رضاعت کے مسئلے کا جواب لکھ کر والد ماجد کی خدمت میں پیش کیا جو بالکل صحیح تھا۔ والد صاحب نے اسی دن سے فتوی نویسی کا کام آپ کے سپرد فرمادیا۔

آپ کی تصانیف تقریباً ۵۰؍فنون میں ہیں جن کی تعداد ایک ہزار کے قریب ہے۔ اور آپ نے علوم ومعارف کے وہ دریا بہائے ہیں کہ تلامذہ ومعتقدین کا تو کہنا کیا، معاصرین اور مخالفین بھی یہ کہنے پر مجبور ہوگئے کہ آپ قلم کے بادشاہ ہیں۔ انہیں چیزوں سے متاثر ہوکر علمائے عرب وعجم نے بالاتفاق چودہویں صدی کا مجدد اعظم تسلیم کیا اور حرمین شریفین زادہما اللہ شرفاً وتکریماً کے مشائخ عظام وعلمائے کرام نے معزز القابات وخطابات سے نوازا۔ اور یہ آج بھی اہل حق کے نزدیک ایک مسلّم حقیقت ہے۔

۱۲۹۶ھ میں پہلی مرتبہ حج کیا۔ اور دوسرا حج ۱۳۲۳ھ میں کیا اور اسی مرتبہ "الدولۃ المکیہ" منکرین علم غیب کے رد میں مکہ مکرمہ میں صرف آٹھ گھنٹہ کے اندر تصنیف فرمائی۔ اسی موقع پر کرنسی نوٹ کے تعلق سے علمائے حرمین شریفین زادہما اللہ شرفاً وتعظیماً کی فرمائش پر ایک کتاب "کفل الفقیہ الفاہم" تحریر فرمائی جس میں ثابت فرمایا کہ یہ نوٹ مال ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

آپ کا یہ حج مبارک آپ کی حیات طیبہ کا ایک اہم باب ہے، اللہ تعالیٰ نے اس موقع پر آپ کو عرب وعجم کے علما و مشائخ بالخصوص علمائے حرمین طیبین کے درمیان وہ مقبولیت عطا فرمائی جو معاصرین میں کسی کو میسر نہ آئی، واپسی کے بعد آپ سولہ سال کے قریب باحیات رہے اور پوری زندگی تصنیف و تالیف ہی میں بسر فرمائی۔

یہ آفتاب شریعت و ماہتاب طریقت ۲۵ رصفر المظفر ۱۳۴۰ھ مطابق ۲۸ ر اکتوبر ۱۹۲۱ء کو نماز جمعہ کے وقت بریلی شریف میں غروب ہوگیا۔ "انا للہ وانا الیہ راجعون"

جملہ علوم عقلیہ ونقلیہ میں مہارت کے ساتھ ساتھ آپ شعر گوئی میں بھی ید طولیٰ رکھتے تھے۔لیکن آپ کی شاعری لغویات وخرافات سے بالکل پاک وصاف ہوتی۔ حمد خدائے تعالیٰ ،نعت سرورکونین اوراولیائے کرام کی تعریف وتوصیف آپ کی شاعری میں پائی جاتی ہے اور عشق رسول آپ کا خاص موضوع تھا۔عام شاعروں کی طرح دنیوی حاکموں کی تعریف میں آپ نے کبھی کوئی شعر نہیں لکھا۔ایک مرتبہ نان پارہ کے حاکم کی تعریف میں قصیدہ لکھنے کے لیے کہا گیا تو آپ نے یہ شعر تحریر فرمایا:

کروں مدح اہل دول رضا پڑے اس بلا میں میری بلا
میں گدا ہوں اپنے کریم کا مرا دین پارۂ ناں نہیں

آپ کے اشعار میں سوز وگداز ،کیف وجذب ،فصاحت وبلاغت ،جوش بیان اور پاس شریعت غرض کہ آپ کے کلام میں حسن صوری ومعنوی بدرجہ اتم موجود ہے۔ احکام شریعت کا اس قدر لحاظ وپاس آپ کے کلام میں پایا جاتا ہے کہ کوئی شعر قرآن

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

www.waseemziyai.com

MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

وحدیث کے خلاف ثابت نہیں ہوسکتا۔ بلکہ خود آپ فرماتے ہیں کہ میں نے تو قرآن ہی سے نعت گوئی سیکھی۔

ہوں میں اپنے کلام سے نہایت محظوظ بے جا سے ہے المنۃ للہ محفوظ
قرآن سے میں نے نعت گوئی سیکھی یعنی رہے احکام شریعت ملحوظ

آپ کے نعتیہ کلام کو جام کوثر کہا جائے تو یقیناً بجا ہوگا۔ آپ کا نعتیہ کلام اہل ایمان ومحبت کے ساز روح کا دل نواز نغمہ معلوم ہوتا ہے۔ یہ ہی وجہ ہے کہ ذوق سلیم رکھنے والے آپ کا کلام سن کر جھوم جھوم جاتے ہیں۔ حضور محدث اعظم ہند علیہ الرحمہ فرماتے ہیں: ایک مرتبہ لکھنؤ کے ادیبوں کی شاندار محفل میں اعلیٰ حضرت کا قصیدۂ معراجیہ میں نے اپنے انداز میں پڑھا تو سب جھومنے لگے، میں نے اعلان کیا کہ اردو ادب کے نقطۂ نظر سے میں ادیبوں کا فیصلہ اس قصیدہ کی زبان کے متعلق چاہتا ہوں۔ تو سب نے کہا کہ اس کی زبان تو کوثر کی دھلی ہوئی زبان ہے۔ اسی قسم کا ایک واقعہ دہلی میں پیش آیا تو سب نے کہا کہ ہم سے کچھ نہ پوچھیے آپ عمر بھر پڑھتے رہیے اور ہم عمر بھر سنتے رہیں۔

خود بھی اعلیٰ حضرت تحدیث نعمت کے طور پر اپنے ایک شعر میں اس کیف وسرور کا بیان فرماتے ہیں۔

یہی کہتی ہے بلبل باغ جناں کہ رضا کی طرح کوئی سحر بیاں
نہیں ہند میں واصفِ شاہ ہُدیٰ مجھے شوخیِ طبع رضا کی قسم

آپ کے فن نعت گوئی اور شاعرانہ کمال کا اعتراف بڑے بڑے علما اور اساتذہ

فن نے کیا ہے۔ کسی محفل میں آپ کی یہ نعت:

وہ کمالِ حسنِ حضور ہے کہ گمانِ نقص جہاں نہیں
یہی پھول خار سے دور ہے یہی شمع ہے کہ دھواں نہیں

سن کر ابو الاثر حفیظ جالندھری نے اظہار خیال کیا تھا کہ یہ تو کوئی استاذ الاساتذہ معلوم ہوتے ہیں، شاعری اسی کا نام ہے۔ اسی لیے سیدنا اعلیٰ حضرت نے فرمایا تھا:

ملک سخن کی شاہی تم کو رضاؔ مسلم جس سمت آگئے ہو سکے بٹھا دیئے ہیں

آپ کا یہ مقطع محض شاعرانہ تعلّی نہیں بلکہ حقیقت واقعہ کا عکاس ہے، کیوں کہ آپ نے ہزلیات ولغویات سے بہت دور رہ کر فن سخن کے تمام اصناف میں طبع آزمائی کی ہے۔ غزل، مثنوی، مستزاد، قطعات اور رباعیات وغیرہ جس میدان کی طرف آگئے ہیں سکّے بٹھا دیئے ہیں۔

یہ مسلّم حقیقت ہے کہ شاعری کے جملہ اصناف میں نعت گوئی بہت ہی مشکل فن ہے، اس کے لیے جذبہ اخلاص ومحبت اور گہری عقیدت کے ساتھ ساتھ اعتدال و توازن اور حدود شناسی کی بھی شدید ضرورت ہے۔ نعت رسول کی پہلی شرط قلب کا عشق رسول سے معمور ہونا ہے۔ رہ گئی فصاحت وبلاغت، حلاوت وملاحت وغیرہ تو یہ بعد کی چیز ہے، اس نظریئے سے اعلیٰ حضرت امام احمد رضا کا دیوان حدائق بخشش جو آپ کے ہاتھوں میں ہے پڑھتے جایئے سطر سطر سے عشق وعقیدت کا پھوٹتا ہوا آبشار نظر آئے گا۔

کروں تیرے نام پہ جاں فدا نہ بس ایک جاں دو جہاں فدا
دو جہاں سے بھی نہیں جی بھرا کروں کیا کروروں جہاں نہیں

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

جان ہے عشق مصطفیٰ روز فزوں کرے خدا
جس کو ہو درد کا مزا ناز دوا اٹھائے کیوں

ذیل میں شعر وسخن کی چند مشہور اصناف اور اعلیٰ حضرت کے کلام کے نمونے ملاحظہ فرمائیں۔

غزل اس نظم کو کہتے ہیں جس میں حسن وعشق اور اخلاق وتصوف وغیرہ مختلف مضامین ہوں۔ اور ہر شعر الگ مضمون کا ہو۔ جیسے امام احمد رضا کی یہ نعتیہ غزل ۔

یاد میں جس کے نہیں ہوش تن وجاں ہم کو
پھر دکھادے وہ رخ اے مہر فروزاں ہم کو
اے رضاؔ وصف رخ پاک سنانے کے لیے
نذر دیتے ہیں چمن مرغ غزل خواں ہم کو

پوری غزل حدائق بخشش ص:۱۱۱ پر ملاحظہ فرمائیں۔

قصیدہ اس نظم کو کہتے ہیں جو کسی کی تعریف وتحسین میں لکھی گئی ہو اور اس کی شکل غزل سے ملتی جلتی ہو۔ اور ہر شعر مطلع سے ہم قافیہ ہو۔

صبح طیبہ میں ہوئی بٹتا ہے باڑا نور کا
صدقہ لینے نور کا آیا ہے تارا نور کا
اے رضاؔ یہ احمد نوری کا فیض نور ہے
ہوگئی میری غزل بڑھ کر قصیدہ نور کا

۶۷/اشعار کا پورا قصیدہ حدائق بخشش ص: ۱۹۴ پر ملاحظہ فرمائیں۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

مثنوی وہ نظم ہے جس میں ہر شعر کے دونوں مصرعوں میں قافیہ آئے اور ہر شعر کا قافیہ پہلے شعر کے علاوہ کوئی اور ہو۔ بارگاہ صمدیت میں عرض کرتے ہیں۔

اے خدا اے مہرباں مولائے من — اے انیس خلوت شبہائے من
اے کریم و کارساز بے نیاز — دائم الاحساں شہِ بندہ نواز

۱۹۳ر اشعار کی مکمل مثنوی ص: ۳۰۶ پر ہے۔

رباعی اس نظم کو کہتے ہیں جس میں صرف چار مصرعے ہوں۔ پہلا دوسرا، اور چوتھا مصرع ہم قافیہ ہو۔

اللہ کی سرتا بہ قدم شان ہیں یہ — ان سا نہیں انسان وہ انسان ہیں یہ
قرآن تو ایمان بتاتا ہے انہیں — ایمان یہ کہتا ہے مری جان ہیں یہ

مستزاد غزل، رباعی یا اور کسی نظم کے ساتھ ایک ایک موزوں فقرہ ملحق کر دیں۔ تو اسے مستزاد کہتے ہیں۔ جیسے

وہی رب ہے جس نے تجھ کو ہمہ تن کرم بنایا — ہمیں بھیک مانگنے کو ترا آستاں بتایا
تجھے حمد ہے خدایا

ص: ۲۷۰ پر پوری نظم ملاحظہ ہو۔

صنعت اتصال تربیعی ایسے چار مصرعوں کا مجموعہ جس کے آخر میں وہی کلمہ رکھا جائے جو مصرع اول کا ابتدائی کلمہ ہے۔ جیسے

جات بالا تر زوہم جائہا — جائہا خود ہست بہر پائہا
پائہا چُود کہ سرہا زیر پات — پات ہم کے چوں فرود آئی زجات

صنعت طباق وتضاد کلام میں ایسے دو لفظ لانا جن کے معنی

ایک دوسرے کی ضد ہوں خواہ دونوں اسم ہوں یا فعل یا حرف جیسے ؂

دل عبث خوف سے پتہ سا اڑا جاتا ہے   پلہ ہلکا سہی بھاری ہے بھروسہ تیرا

وہ کمال حسن حضور ہے کہ گمان نقص جہاں نہیں
یہی پھول خار سے دور ہے یہی شمع ہے کہ دھواں نہیں

نامہ سے رضاؔ کے اب مٹ جاؤ برے کامو
دیکھو مرے پلے پہ وہ اچھے میاں آیا

پہلے شعر میں ہلکا اور بھاری ۔ دوسرے شعر میں کمال و نقص اور تیسرے شعر میں برے اور اچھے ایک دوسرے کی ضد ہیں۔

صنعت تجنیس کلام میں ایسے دو لفظ لانا جو بولنے یا لکھنے میں مشابہ ہوں اور معنی میں مخالف۔ اس کی کئی صورتیں ہیں:

تجنیس مماثل کلام میں ایسے دو لفظ لانا جو بولنے میں مشابہ ہوں مگر معنی میں مختلف اور اس کے ساتھ ساتھ یہ بھی ضروری ہے کہ وہ دونوں یا تو اسم ہوں یا دونوں فعل یا دونوں حرف جیسے ؂

جو گدا دیکھو لیے جاتا ہے توڑا نور کا
نور کی سرکار ہے کیا اس میں توڑا نور کا

رسل و ملک پہ درود ہو وہی جانے ان کے شمار کو
مگر ایک ایسا دکھا تو دو جو شفیع روز شمار ہے

قرنوں بدلی رسولوں کی ہوتی رہی

چاند بدلی کا نکالا ہمارا نبی
آئی بدعت چھائی ظلمت رنگ بدلا نور کا
مہر سنت ماہ طلعت لے لے بدلا نو رکا

پہلے شعر میں پہلا ''توڑا'' ٹکڑے کے معنی میں اور دوسرا کمی کے معنی میں ہے۔ دوسرے شعر میں پہلا ''شمار'' گنتی کے معنی میں اور دوسرا قیامت کے دن کے معنیٰ میں ہے۔ تیسرے شعر میں پہلا لفظ ''بدلی'' ایک دوسرے کے بعد آنا کے معنی میں اور دوسرا بادل کے معنی میں ہے۔ چوتھے شعر میں پہلا ''بدلا'' تغیر وتبدل کے معنی میں اور دوسرا انتقام کے معنی میں ہے۔ اور سب میں تجنیس مماثل ہے۔ آخری شعر میں صنعت تضاد بھی ہے کہ بدعت سنت کی اور ظلمت طلعت کی ضد ہیں۔

تجنیس مستوی دو لفظوں میں مشابہت کے ساتھ ساتھ یہ ضروری ہے کہ اگر ایک فعل ہو تو دوسرا اسم اور ایک اسم ہو تو دوسرا حرف وغیرہ۔

صدقہ میں ترے باغ تو کیا لائے ہیں بن پھول
اس غنچۂ دل کو بھی تو ایما ہو کہ بن پھول
مومن ہے جو ان کی عزت پہ مرے دل سے
تعظیم بھی کرتا ہے نجدی تو مرے دل سے

پہلے شعر میں پہلا ''بن'' جنگل کے معنی میں اور یہ اسم ہے۔ اور دوسرا ''ہو جا'' کے معنیٰ میں اور یہ فعل ہے۔ دوسرے شعر میں پہلا ''مرے'' فعل ہے اور دوسرا اسم ہے جو دل کی صفت ہے۔

صنعت تلمیع کوئی ایسی نظم جس کے ہر شعر میں دو یا زیادہ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

زبانیں استعمال کی گئی ہوں۔ جیسے اعلیٰ حضرت کی مشہور نعت پاک جس کا مطلع یہ ہے:

لم یات نظیرک فی نظر مثل تو نہ شد پیدا جانا

جگ راج کو تاج تورے سر سو ہے تجھ کو شہ دوسرا جانا

قصیدۂ مرصعہ وہ جو مطلع یا حسن مطلع کے بعد کم از کم ۲۸؍ اشعار پر اس طرح مشتمل ہو کہ ہر شعر کے پہلے مصرع کے آخر میں مکمل حروف تہجی کا بالترتیب ایک حرف آتا جائے۔ جیسے اعلیٰ حضرت کا وہ قصیدہ جس کا مطلع یہ ہے: ؎

کعبہ کے بدر الدجی تم پر کروروں درود

طیبہ کے شمس الضحی تم پہ کروروں درود

پورا قصیدہ ص: ۲۰۸ پر ملاحظہ ہو۔

لفّ ونشر مرتّب یہ ہے کہ پہلے متعدد اشیاء کا ذکر اجمالاً یا تفصیلاً کیا جائے پھر ان میں سے ہر ہر شی کے لیے ایک مناسب بات بغیر تعین کے لائی جائے۔ جیسے ؎

خوار و بیمار وخطا وار وگنہگار ہوں میں

رافع ونافع وشافع لقب آقا تیرا

دندان ولب وزلف ورخ شہ کے فدائی

ہیں درعدن لعل یمن مشک ختن پھول

پہلے شعر میں خوار کے لیے رافع، بیمار کے لیے نافع، خطا وار وگناہ گار کے لیے شافع، مناسب الفاظ استعمال کیے گئے ہیں۔ دوسرے شعر میں کہا گیا ہے کہ درعدن دندان مبارک پر قربان، لعل یمن لب نازک پر قربان، مشک ختن زلف عنبریں پر

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

www.waseemziyai.com

نچھاور اور پھول رخ زیبا پر، اور یہ ایک دوسرے کے لیے مناسب الفاظ ہیں۔

تنسیق الصفات کسی کا تذکرہ بہت سی صفتوں کے ساتھ کرنا خواہ وہ صفات مدح ہوں یا ذم۔ جیسے مدح صفات میں۔

اصالت کل امامت کل سیادت کل امارت کل
حکومت کل ولایت کل خدا کے یہاں تمہارے لیے
فرشتے خدم رسول حشم تمام امم غلام کرم
وجود وعدم حدوث وقدم جہاں میں عیاں تمہارے لیے

اس زمین کے تمام اشعار میں ''تنسیق الصفات'' کی صفت رواں دواں ہے اور الفاظ کی شان وشوکت، کروفر اور زور کلام وبیان کا گویا ایک نادر گلدستہ ہے اور اس میں قادر الکلامی کی شان آن بان کے ساتھ جلوہ گر ہے۔ جب کہ یہ نعت بحر وافر میں آٹھ سالم ارکان کے ساتھ لکھی گئی ہے۔

بحر وافر وہ ہے جس میں اشعار صرف عربی میں ملتے ہیں وہ بھی اس طرح کہ ہر مصرع میں تین رکن ہوتے ہیں دو سالم یا معصوب (مفاعلتن یا مفاعیلن) اور تیسرا مقطوف (فعولن) فارسی میں یہ بحر نادر ہے اور اردو میں بقول اہل عروض ناپید۔

ایسی بحر میں ایسی سلیس اور رواں دواں اردو زبان میں نعت لکھنا وہ بھی اس اس طرح کہ ہر مصرع میں چار اور ہر رکن میں آٹھ ارکان سالم ہی سالم ہیں ''یقیناً اہل زبان واہل عروض کے لیے زبردست چیلنج کی حیثیت رکھتا ہے'' اس کی مزید خوبیاں مقدمہ حدائق بخشش طبع رضا اکیڈمی بمبئی میں ملاحظہ کریں۔ یوں ہی پورا نعتیہ دیوان آپ پڑھتے چلے جایئے ہر نعت میں بہت سی خوبیاں جلوہ فگن نظر آئیں گی۔ یہ تو

صرف چند نمونے تھے جو میں نے آپ کی خدمت میں چند مقامات سے جمع کر کے پیش کر دیے، اگر کوئی ذوق سلیم رکھنے والا اور صاحب شعر و سخن اپنی دقت نظر اور باریک بینی سے نگاہ ڈالے تو صنائع لفظی اور بدائع معنوی کے بے شمار آب دار موتی چن کر صفحۂ قرطاس پر منتقل کر سکتا ہے جن کو اس مختصر مضمون میں بیان نہیں کیا جا سکتا۔ بس یہ کہہ کر مضمون کو ختم کر رہا ہوں:

یہ قصۂ لطیف ابھی ناتمام ہے   جو کچھ بیاں ہوا وہ آغاز باب تھا

محمد حنیف خاں رضوی بریلوی



ذریعۂ قادریہ ۱۳۰۵ھ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْعٰلَمِیْنَ۔ وَاٰلِهٖ وَابْنِهٖ وَحِزْبِهٖ اَجْمَعِیْنَ۔

وصلِ اوّل

در نعت اکرم حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

واہ کیا جود و کرم ہے شہ بطحا تیرا
نہیں سنتا ہی نہیں مانگنے والا تیرا

دھارے چلتے ہیں عطا کے وہ ہے قطرہ تیرا
تارے کھلتے ہیں سخا کے وہ ہے ذرّہ تیرا

فیض ہے یا شہ تسنیم نرالا تیرا
آپ پیاسوں کے تجسس میں ہے دریا تیرا

اغنیا پلتے ہیں در سے وہ ہے باڑا تیرا
اصفیا چلتے ہیں سر سے وہ ہے رستا تیرا

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

فرش والے تری شوکت کا علو کیا جانیں
خسروا عرش پہ اڑتا ہے پھریرا تیرا

آسماں خوان، زمین خوان، زمانہ مہمان
صاحبِ خانہ لقب کس کا ہے تیرا تیرا

میں تو مالک ہی کہوں گا کہ ہو مالک کے حبیب
یعنی محبوب ومحب میں نہیں میرا تیرا

تیرے قدموں میں جو ہیں غیر کا منہ کیا دیکھیں
کون نظروں پہ چڑھے دیکھ کے تلوا تیرا

بحرسائل کا ہوں سائل نہ کوئیں کا پیاسا
خود بجھا جائے کلیجا مرا چھینٹا تیرا

چور حاکم سے چھپا کرتے ہیں یاں اس کے خلاف
تیرے دامن میں چھپے چور انوکھا تیرا

آنکھیں ٹھنڈی ہوں، جگر تازہ ہوں، جانیں سیراب
سچے سورج وہ دل آرا ہے اُجالا تیرا

دل عبث خوف سے پتّا سا اڑا جاتا ہے
پلّہ ہلکا سہی بھاری ہے بھروسا تیرا

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

ایک میں کیا مرے عصیاں کی حقیقت کتنی
مجھ سے سو لاکھ کو کافی ہے اشارہ تیرا

مفت پالا تھا کبھی کام کی عادت نہ پڑی
اب عمل پوچھتے ہیں ہائے نکمّا تیرا

تیرے ٹکڑوں پہ پلے غیر کی ٹھوکر پہ نہ ڈال
جھڑکیاں کھائیں کہاں چھوڑ کے صدقہ تیرا

خوار و بیمار و خطا وار و گنہ گار ہوں میں
رافع و نافع و شافع لقب آقا تیرا

میری تقدیر بری ہو تو بھلی کر دے کہ ہے
محو و اثبات کے دفتر پہ کڑوڑا تیرا

تو جو چاہے تو ابھی میل مرے دل کے دُھلیں
کہ خدا دل نہیں کرتا کبھی میلا تیرا

کس کا منہ تکیے، کہاں جایئے، کس سے کہیے
تیرے ہی قدموں پہ مٹ جائے یہ پالا تیرا

تو نے اسلام دیا تو نے جماعت میں لیا
تو کریم اب کوئی پھرتا ہے عطیّہ تیرا

موت سنتا ہوں ستم تلخ ہے زہرابۂ ناب
کون لا دے مجھے تلووں کا غسالہ تیرا

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

دور کیا جانیے بدکار پہ کیسی گزرے
تیرے ہی در پہ مرے بے کس وتنہا تیرا

تیرے صدقے مجھے اک بوند بہت ہے تیری
جس دِن اچھوں کو ملے جام چھلکتا تیرا

حَرم و طیبہ و بغداد جدھر کیجے نگاہ
جوت پڑتی ہے تری نور ہے چھنتا تیرا

تیری سرکار میں لاتا ہے رضاؔ اس کو شفیع
جو مرا غوث ہے اور لاڈلا بیٹا تیرا

وصلِ دوم

در منقبت آقائے اکرم حضور غوث اعظم

رضی اللہ عنہ

واہ کیا مرتبہ اے غوث ہے بالا تیرا
اونچے اونچوں کے سروں سے قدم اعلیٰ تیرا

سر بھلا کیا کوئی جانے کہ ہے کیسا تیرا
اولیا ملتے ہیں آنکھیں وہ ہے تلوا تیرا

کیا دبے جس پہ حمایت کا ہو پنجہ تیرا
شیر کو خطرے میں لاتا نہیں کتا تیرا

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

تو حسینی حسنی کیوں نہ محی الدّیں ہو
اے خضر مجمعِ بحرین ہے چشمہ تیرا

قسمیں دے دے کے کھلاتا ہے پلاتا ہے تجھے
پیارا اللہ ترا چاہنے والا تیرا ①

مصطفٰے کے تنِ بے سایہ کا سایہ دیکھا
جس نے دیکھا مری جاں جلوۂ زیبا تیرا

ابن زہرا کو مبارک ہو عروس قدرت
قادری پائیں تصدق مرے دولھا تیرا

کیوں نہ قاسم ہو کہ تو ابن ابی القاسم ہے
کیوں نہ قادر ہو کہ مختار ہے بابا تیرا

نبوی مینھ، علوی فصل، بتولی گلشن
حسنی پھول حسینی ہے مہکنا تیرا

نبوی ظل، علوی برج، بتولی منزل
حسنی چاند حسینی ہے اجالا تیرا

نبوی خور، علوی کوہ، بتولی معدن
حسنی لعل حسینی ہے تجلّا تیرا

بحر و بر، شہر و قریٰ، سہل و حزن، دشت و چمن ②
کون سے چک پہ پہنچتا نہیں دعویٰ تیرا

حسنِ نیت ہو خطا پھر کبھی کرتا ہی نہیں
آزمایا ہے یگانہ ہے دوگانہ تیرا

عرض احوال کی پیاسوں میں کہاں تاب مگر
آنکھیں اے ابر کرم تکتی ہیں رستا تیرا

موت نزدیک گناہوں کی تہیں میل کے خول
آ برس جا کہ نہا دھولے یہ پیاسا تیرا

”آب آمد“ وہ کہے اور میں ”تیمم برخاست“
مشت خاک اپنی ہو اور نور کا اہلا تیرا

جان تو جاتے ہی جائے گی قیامت یہ ہے
کہ یہاں مرنے پہ ٹھہرا ہے نظارہ تیرا

تجھ سے در، در سے سگ اور سگ سے ہے مجھ کو نسبت
میری گردن میں بھی ہے دور کا ڈورا تیرا

اس نشانی کے جو سگ ہیں نہیں مارے جاتے
حشر تک میرے گلے میں رہے پٹا تیرا

میری قسمت کی قسم کھائیں سگانِ بغداد
ہند میں بھی ہوں تو دیتا رہوں پہرہ تیرا

تیری عزت کے نثار اے مرے غیرت والے
آہ صد آہ کہ یوں خوار ہو بردا تیرا

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

بد سہی، چور سہی، مجرم و ناکارہ سہی — اے وہ کیسا ہی سہی ہے تو کریما تیرا

مجھ کو رسوا بھی اگر کوئی کہے گا تو یوں ہی — کہ وہی نا! وہ رضاؔ بندۂ رسوا تیرا

ہیں رضاؔ یوں نہ بلک تو نہیں جیّد تو نہ ہو (۳) — سیّد (۴) جیّد ہر دہر ہے مولیٰ تیرا

فخر آقا میں رضاؔ اور بھی اک نظم رفیع
چل لکھا لائیں ثنا خوانوں میں چہرا تیرا

---

(۱) سیدنا فرمود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہ مرا می فرمایند عبدالقادر بحقی علیك كل وبحقی علیك اشرب الخ ۱۲ منہ

(۲) حضرت شیخ محی الدین عبدالقادر رضی اللہ تعالیٰ عنہ در اوائل عمر اصحاب را می فرمود کہ اولیائے عراق مرا تسلیم کردہ اند، بعد از مدتے فرمود کہ ایں زمان جمیع زمین شرق وغرب و بر و بحر و سہل و جبل مرا تسلیم کردہ اند ہیچ ولی از اولیا نماند دراں وقت مگر آنکہ بر شیخ آمد و تسلیم کرد او را بہ قطبیت ۱۲۔ تحفہ قادریہ

(۳) اشارہ بقول او رضی اللہ تعالیٰ عنہ وَاِنْ لَّمْ يَكُنْ مُرِيْدِيْ جَيِّدًا فَاَنَا جَيِّدٌ۔ ۱۲

(۴) علی وزان قولہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ: قدمی ھٰذہ علیٰ رقبۃ کل ولی اللہ والمعنی اطلاق التفضیل الا من خص بدلیل کما حققنا فی المجیر المعظم شرح مدحیتنا الاکسیر الاعظم۔ ۱۲ منہ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

وصلِ سوم

در حسنِ مفاخرت از سرکارِ قادریت
رضی اللہ عنہٗ

تو ہے وہ غوث کہ ہر غوث ہے شیدا تیرا
تو ہے وہ غیث کہ ہر غیث ہے پیاسا تیرا

سورج (۱) اگلوں کے چمکتے تھے چمک کر ڈوبے
افقِ نور پہ ہے مہر ہمیشہ تیرا

مُرغ (۲) سب بولتے ہیں بول کے چپ رہتے ہیں
ہاں اصیل ایک نوا سنج رہے گا تیرا

جو ولی (۳) قبل تھے یا بعد ہوئے یا ہوں گے
سب ادب رکھتے ہیں دل میں مرے مولیٰ تیرا

---

(۱) ترجمہ: آنچہ فرمود رضی اللہ تعالیٰ عنہ شعر: أفلت شموش الأولين وشمسنا أبدًا على أفق لا تغرب ۱۲

(۲) ترجمہ: آنچہ سیدی تاج العارفین ابوالوفا قدس سرہ بسیدنا رضی اللہ تعالیٰ عنہ گفت: كل ديك يصيح ويسكت إلا ديكك فإنه يصيح إلى يوم القيامة۔ ہر خروس بانگ کند و خاموش شود جز خروس شما کہ تا قیامت در بانگ است۔ ۱۲

(۳) ترجمہ: ارشادِ حضرت خضر علیہ السلام ما اتخذ الله وليا كان أو يكون إلا وهو متأدب معه إلى يوم القيامة۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

بقسم کہتے ہیں شاہانِ صریفین وحریم (۱)
کہ ہوا ہے نہ ولی ہو کوئی ہمتا تیرا

تجھ (۲) سے اور دہر کے اقطاب سے نسبت کیسی
قطب خود کون ہے خادم ترا چیلا تیرا

سارے اقطاب جہاں کرتے ہیں کعبہ کا طواف
کعبہ کرتا ہے طواف در والا تیرا

اور پروانے ہیں جو ہوتے ہیں کعبہ پہ نثار
شمع اِک تو ہے کہ پروانہ ہے کعبہ تیرا

شجرِ سروِ سہی کس کے اُگائے تیرے
معرفت پھول سہی کس کا کِھلایا تیرا

تو ہے نوشاہ براتی ہے یہ سارا گلزار
لائی ہے فصل سمن گوندھ کے سہرا تیرا

ڈالیاں جھومتی ہیں رقصِ خوشی جوش پہ ہے
بلبلیں جھولتی ہیں گاتی ہیں سہرا تیرا

گیت کلیوں کی چٹک غزلیں ہزاروں کی چہک
باغ کے سازوں میں بجتا ہے ترانا تیرا

(۱) یعنی حضرت ابوعمر وعثمان صریفینی وابومحمد عبدالحق حریمی کہ ہردو از اولیائے معاصرین حضور سیدنا بودہ اند رضی اللہ تعالیٰ عنہ وعنہم ۔ (۲) ردّ آں بے خرداں کہ ہمہ اقطاب را با سیدنا رضی اللہ تعالیٰ عنہ مساوی المرتبہ دانند وایں دو شعر ترجمہ آں اشعار است کہ از حضور سیدنا رضی اللہ عنہ نقل می کنند کما ذکرنا فی المجیر المعظم واللہ تعالیٰ اعلم ۔ ۱۲

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

صفِ ہر شجرہ میں ہوتی ہے سلامی تیری
شاخیں جھک جھک کے بجالاتی ہیں مجرا تیرا

کس گلستاں کو نہیں فصلِ بہاری سے نیاز
کون سے سلسلہ میں فیض نہ آیا تیرا

نہیں کس چاند کی منزل میں ترا جلوۂ نور
نہیں کِس آئینہ کے گھر میں اُجالا تیرا

راج کِس شہر میں کرتے نہیں تیرے خدام
باج کِس نہر سے لیتا نہیں دریا تیرا

مزرعِ چشت و بخارا (۱) و عراق و اجمیر (۲)
کون سی کِشت پہ برسا نہیں جھالا تیرا

اور محبوب ہیں (۳)، ہاں پر سبھی یکساں تو نہیں
یوں تو محبوب ہے ہر چاہنے والا تیرا

اس کو سو فرد سَراپا بفراغت اوڑھیں
تنگ ہو کر جو اترنے کو ہو نیما تیرا

---

(۱) حضرت خواجہ بہاء الحق والدین نقشبند قدس سرہ العزیز بخاری است۔ ۱۲

(۲) حضرت شیخ الشیوخ سہروردی قدس سرہ از اولیاے عراق است سیدنا رضی اللہ تعالیٰ عنہ اورا فرمود اَنتَ اٰخِرُ المَشۡھُوۡرِیۡنَ بِالۡعِرَاقِ۔ ۱۲

(۳) رد جاہلانے کہ ہمہ محبوباں را ہمسر حضرت سیّدنا دانند رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

گردنیں جھک گئیں، سر بچھ گئے، دل لوٹ گئے
کشفِ ساق (۱) آج کہاں یہ تو قدم تھا تیرا

تاجِ فرقِ عرفا کس کے قدم کو کہیے
سر جسے باج دیں وہ پاؤں ہے کس کا تیرا

سُکر کے جوش میں جو ہیں وہ تجھے کیا جانیں
خِضر کے ہوش سے پوچھے کوئی رتبہ تیرا

آدمی اپنے ہی احوال پہ کرتا ہے قیاس
نشے والوں نے بھلا سُکر نکالا تیرا

وہ تو چھوٹا ہی کہا چاہیں کہ ہیں زیرِ حضیض
اور ہر اَوج سے اونچا ہے ستارہ تیرا

دلِ اعدا کو رضاؔ تیز نمک کی دُھن ہے
اِک ذرا اور چھڑکتا رہے خامہ تیرا

---

(۱) يقول: كأنهم لكمال الدهش ذهبت أذهانهم إلى قوله تعالى: يَومَ يكشف عن ساقٍ، مع أنّه لم يَكُنْ إلاّ جلوة العبد لا تجلى المعبود كما تسجد أهل الجنة حين يرون نور رداء عثمان رضى الله تعالىٰ عنه عند تحوله من بيت إلى بيت زعمًا منهم أنه قد تجلى لهم ربهم تبارك وتعالىٰ كما ورد فى الحديث ۱۲

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

وصل چہارم

در منافحت اعدا و استعانت از آقا رضی اللہ عنہ

الاماں قہر ہے اے غوث وہ تیکھا تیرا
مر کے بھی چین سے سوتا نہیں مارا تیرا

بادلوں سے کہیں رکتی ہے کڑکتی بجلی
ڈھالیں چھنٹ جاتی ہیں اٹھتا ہے جو تیغا تیرا

عکس کا دیکھ کے منہ اور بپھر جاتا ہے
چار آئینہ کے بل کا نہیں نیزا تیرا

کوہ سرمکھ ہو تو اِک وار میں دو پرکالے
ہاتھ پڑتا ہی نہیں بھول کے اوچھا تیرا

اس پہ یہ قہر کہ اب چند مخالف تیرے
چاہتے ہیں کہ گھٹا دیں کہیں پایہ تیرا

عقل ہوتی تو خدا سے نہ لڑائی لیتے
یہ گھٹائیں، اسے منظور بڑھانا تیرا

"وَرَفَعۡنَا لَكَ ذِكۡرَكَ" کا ہے سایہ تجھ پر
بول بالا ہے ترا ذِکر ہے اُونچا تیرا

مٹ گئے مٹتے ہیں مٹ جائیں گے اعدا تیرے
نہ مٹا ہے نہ مٹے گا کبھی چرچا تیرا

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

تو گھٹائے سے کسی کے نہ گھٹا ہے نہ گھٹے
جب بڑھائے تجھے اللہ تعالیٰ تیرا

سمِ قاتل ہے ❶ خدا کی قسم اُن کا انکار
منکرِ فضل حضور آہ یہ لکھا تیرا

میرے سیّاف ❷ کے خنجر سے تجھے باک نہیں
چیر کر دیکھے کوئی آہ کلیجا تیرا

ابن زہرا سے ترے دل میں ہیں یہ زہر بھرے
بل بے او منکرِ بے باک یہ زہرا تیرا

بازِ اشہب کی غلامی سے یہ آنکھیں پھرنی
دیکھ اڑ جائے گا ایمان کا طوطا تیرا

شاخ پر بیٹھ کے جڑ کاٹنے کی فکر میں ہے
کہیں نیچا نہ دکھائے تجھے شجرا تیرا

حق سے بد ہو کے زمانہ کا بھلا بنتا ہے
ارے میں خوب سمجھتا ہوں معمّا تیرا

سگِ ❸ در قہر سے دیکھے تو بکھرتا ہے ابھی
بند بندِ بدن اے روبہِ دنیا تیرا

❶ قال مولانا وسیدنا رضی اللہ تعالیٰ عنه :تکذیبکم لی سمٌ قاتل لأدیانکم وسبب لذهاب دنیاکم وأخراکم ۱۲

❷ قال سیدنا رضی اللہ تعالیٰ عنه أنا سیاف، أنا قتال، أنا سلابُ الأحوال ۱۲

❸ اشارہ بقصّہ صنعانی۔ ۱۲

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

غرض آقا سے کروں عرض کہ تیری ہے پناہ
بندہ مجبور ہے خاطر پہ ہے قبضہ تیرا ۱

حکم نافذ ہے ترا، خامہ ترا، سیف تری
دم میں جو چاہے کرے دور ہے شاہا تیرا

جس کو للکار دے آتا ہو تو الٹا پھر جائے
جس کو چمکار لے ہر پھر کے وہ تیرا تیرا

کنجیاں دل کی خدا نے تجھے دیں ایسی کر
کہ یہ سینہ ہو محبت کا خزینہ تیرا

دل پہ کندہ ہو ترا نام کہ وہ دزدِ رجیم
الٹے ہی پاؤں پھرے دیکھ کے طغرا تیرا

نزع میں، گور میں، میزاں پہ، سرِ پل پہ کہیں
نہ چھٹے ہاتھ سے دامانِ معلیٰ تیرا

دھوپ محشر کی وہ جاں سوز قیامت ہے مگر
مطمئن ہوں کہ مرے سر پہ ہے پلّا تیرا

بہجت اس سِر کی ہے جو ''بہجۃ الاسرار'' میں ہے
کہ فلک ۲ وار مریدوں پہ ہے سایہ تیرا

---

۱ ثبوت روشن ایں معنی در رسالۂ مصنف ''فقہ شہنشاہ وان القلوب بید المحبوب بعطاء اللہ'' مطبوعہ مطبع اہل سنت و جماعت بریلی باید دید۔

۲ ''إن یدی علی مریدی کالسماء علی الأرض'' قال سیدنا رضی اللہ تعالیٰ عنہ ۱۲

اے رضاؔ چیست غم ار جملہ جہاں دشمنِ تست
کردہ ام مامنِ خود قبلۂ حاجاتے را

ہم خاک [1] ہیں اور خاک ہی ماوا ہے ہمارا
خاکی تو وہ آدم جد اعلیٰ ہے ہمارا

اللہ ہمیں خاک کرے اپنی طلب میں
یہ خاک تو سرکار سے تمغا ہے ہمارا

جس خاک پہ رکھتے تھے قدم سید عالم
اس خاک پہ قرباں دلِ شیدا ہے ہمارا

خم ہوگئی پشتِ فلک اس طعنِ زمیں سے
سن ہم پہ مدینہ ہے وہ رتبہ ہے ہمارا

اس نے لقبِ خاک شہنشاہ سے پایا
جو حیدرِ کرار کہ مولیٰ ہے ہمارا

اے مدّعیو! خاک کو تم خاک نہ سمجھے
اس خاک میں مدفوں شہ بطحا ہے ہمارا

ہے خاک سے تعمیر مزارِ شہ کونین
معمور اسی خاک سے قبلہ ہے ہمارا

ہم خاک اڑائیں گے جو وہ خاک نہ پائی
آباد رضاؔ جس پہ مدینہ ہے ہمارا

غم ہوگئے بے شمار آقا
بندہ تیرے نثار آقا

بگڑا جاتا ہے کھیل میرا
آقا آقا سنوار آقا

منجدھار پہ آکے ناؤ ٹوٹی
دے ہاتھ کہ ہوں میں پار آقا

ٹوٹی جاتی ہے پیٹھ میری
للہ یہ بوجھ اتار آقا

[1] در ردّ مبتدعے کہ بعض علمائے کرام رانسبت بہ پیر خود گفتہ بود: چہ نسبت خاک را با عالم پاک ۱۲

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

ہلکا ہے اگر ہمارا پلّہ
بھاری ہے تِرا وقار آقا

مجبور ہیں ہم تو فکر کیا ہے
تم کو تو ہے اختیار آقا

میں دور ہوں تم تو ہو مرے پاس
سن لو میری پکار آقا

مجھ سا کوئی غم زدہ نہ ہوگا
تم سا نہیں غم گسار آقا

گرداب میں پڑگئی ہے کشتی
ڈوبا ڈوبا، اتار آقا

تم وہ کہ کرم کو ناز تم سے
میں وہ کہ بدی کو عار آقا

پھر منھ نہ پڑے کبھی خزاں کا
دے دے ایسی بہار آقا

جس کی مرضی خدا نہ ٹالے
میرا ہے وہ نامدار آقا

ہے ملکِ خدا پہ جس کا قبضہ
میرا ہے وہ کامگار آقا

سویا کیے نابکار بندے
رویا کیے زار زار آقا

کیا بھول ہے ان کے ہوتے کہلائیں
ق دنیا کے یہ تاجدار آقا

اُن کے ادنی گدا پہ مٹ جائیں
ایسے ایسے ہزار آقا

بے ابرِ کرم کے میرے دھبّے
لَاتَغْسِلُهَا الْبِحَار (١) آقا

اتنی رحمت رضاؔ پہ کر لو
لَایَقْرُبُهُ الْبَوَار (٢) آقا

(١) ترجمہ: انہیں سمندر نہ دھوئیں ١٢۔

(٢) ترجمہ: ہلاکت اس کے پاس نہ آئے۔ ١٢

محمد مظہر کامل ہے حق کی شان عزت کا
نظر آتا ہے اس کثرت میں کچھ انداز وحدت کا

یہی ہے اصل عالم مادّہ ایجاد خلقت کا
یہاں وحدت میں برپا ہے عجب ہنگامہ کثرت کا

گدا بھی منتظر ہے خلد میں نیکوں کی دعوت کا
خدا دن خیر سے لائے سخی کے گھر ضیافت کا

گنہ مغفور، دل روشن، خنک آنکھیں، جگر ٹھنڈا
تعالی اللہ ماہِ طیبہ عالم تیری طلعت کا

نہ رکھی گل کے جوشِ حسن نے گلشن میں جا باقی
چٹکتا پھر کہاں غنچہ کوئی باغِ رسالت کا

بڑھا یہ سلسلہ رحمت کا دورِ زلفِ والا میں
تسلسل کالے کوسوں رہ گیا عصیاں کی ظلمت کا

صفِ ماتم اٹھے، خالی ہو زنداں، ٹوٹیں زنجیریں
گنہگارو! چلو مولیٰ نے در کھولا ہے جنت کا

سکھایا ہے یہ کس گستاخ نے آئینہ کو یا رب
نظارہ روئے جاناں کا بہانہ کرکے حیرت کا

اِدھر امّت کی حسرت پر اُدھر خالق کی رحمت پر
نرالا طور ہوگا گردشِ چشم شفاعت کا

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

بڑھیں اس درجہ موجیں کثرتِ افضالِ والا کی
کنارہ مل گیا اس نہر سے دریائے وحدت کا

خمِ زلفِ نبی ساجد ہے محرابِ دوابرو میں
کہ یارب تو ہی والی ہے سیہ کارانِ امت کا

مدد اے جوششِ گریہ بہادے کوہ اور صحرا
نظر آجائے جلوہ بے حجاب اس پاک تربت کا

ہوئے کمخوابیِ ہجراں میں ساتوں پردے کمخوابی
تصوّر خوب باندھا آنکھوں نے اَستارِ تربت کا

یقیں ہے وقتِ جلوہ لغزشیں پائے نگہ پائے
ملے جوشِ صفائے جسم سے پابوس حضرت کا

یہاں چھڑکا نمک واں مرہم کافور ہاتھ آیا
دلِ زخمی نمک پروردہ ہے کس کی ملاحت کا

الٰہی منتظر ہوں وہ خرامِ ناز فرمائیں
بچھا رکھا ہے فرش آنکھوں نے کمخوابِ بصارت کا

نہ ہو آقا کو سجدہ آدم و یوسف کو سجدہ ہو
مگر سدِّ ذرائع داب ہے اپنی شریعت کا

زبانِ خار کس کس درد سے اُن کو سناتی ہے
تڑپنا دشتِ طیبہ میں جگر افگار فرقت کا

سِرہانے ان کے بسمل کے یہ بیتابی کا ماتم ہے
شہِ کوثر ترحّم تشنہ جاتا ہے زیارت کا

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

جنہیں مرقد میں تا حشر امّتی کہہ کر پکاروگے
ہمیں بھی یاد کرلو اُن میں صدقہ اپنی رحمت کا

وہ چمکیں بجلیاں یارب تجلیہائے جاناں سے
کہ چشمِ طور کا سُرمہ ہو دل مشتاق رُویت کا

رضاؔئے خستہ جوشِ بحرِ عصیاں سے نہ گھبرانا
کبھی تو ہاتھ آجائے گا دامن اُن کی رحمت کا

لطف ان کا عام ہو ہی جائے گا
شاد ہر ناکام ہو ہی جائے گا

جان دے دو وعدۂ دیدار پر
نقد اپنا دام ہو ہی جائے گا

شاد ہے فردوس یعنی ایک دن
قسمتِ خدام ہو ہی جائے گا

یاد رہ جائیں گی یہ بے باکیاں
نفس تو تو رام ہو ہی جائے گا

بے نشانوں کا نشاں مٹتا نہیں
مٹتے مٹتے نام ہو ہی جائے گا

یادِ گیسو ذکرِ حق ہے آہ کر
دل میں پیدا لام [1] ہو ہی جائے گا

ایک دن آواز بدلیں گے یہ ساز
چہچہا کہرام ہو ہی جائے گا

سائلو! دامن سخی کا تھام لو
کچھ نہ کچھ انعام ہو ہی جائے گا

یاد ابرو کرکے تڑپو بلبلو!
ٹکڑے ٹکڑے دام ہو ہی جائے گا

مفلسو! اُن کی گلی میں جا پڑو
باغِ خلد اکرام ہو ہی جائے گا

[1] گیسو دو ہیں اور ان کی تشبیہ لام اور لفظ آہ کے دل میں دو لام پیدا ہونے سے کلمہ ''اللہ'' آشکارا ہوتا ہے ۱۲

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

گریونہی رحمت کی تاویلیں رہیں
مد ح ہر الزام ہوہی جائے گا

بادہ خواری کا سماں بندھنے تودو
شیخ دُرد آشام ہوہی جائے گا

غم تو ان کو بھول کر لپٹا ہے یوں
جیسے اپنا کام ہوہی جائے گا

مِٹ کہ گریوں ہی رہا قرضِ حیات
جان کا نیلام ہو ہی جائے گا

عاقلو! ان کی نظر سیدھی رہے
بَوروں کا بھی کام ہوہی جائے گا

اب تولائی ہے شفاعت عفو پر
بڑھتے بڑھتے عام ہوہی جائے گا

اے رضاؔ ہر کام کا اک وقت ہے
دل کو بھی آرام ہوہی جائے گا

لَمْ یَاتِ نَظِیْرُکَ فِیْ نَظَرٍ [۱] مِثْلِ تو نہ شد پیدا جانا
جگ راج کو تاج تورے سر سوہے تجھ کو شہ دوسرا جانا

اَلْبَحْرُ عَلَا وَالْمَوْجُ طَغٰی [۲] من بےکس و طوفاں ہوش رُبا
منجدھا رمیں ہوں بگڑی ہے ہوا موری نیّا پار لگا جانا

یَا شَمْسُ نَظَرْتِ اِلٰی لَیْلِیْ [۳] چو بطیبہ رسی عرضے بکنی
توری جوت کی جھل جھل جگ میں رچی مری شب نے نہ دن ہونا جانا

[۱] ترجمہ: حضور کا نظیر کسی کو نظر نہ آیا۔
[۲] ترجمہ: سمندر اونچا ہوا اور موجیں طغیانی پر ہیں۔
[۳] ترجمہ: اے آفتاب تو نے میری رات دیکھی۔ اس میں اشارہ ہے کہ میری رات آفتاب کے سامنے بھی رات ہی رہی۔ ۱۲۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

لَكَ بَدْرٌ فِي الْوَجْهِ الْأَجْمَلْ ۱ خط ہالۂ مہ زلف ابرِ اجل
تورے چندن چندر پرو کنڈل رحمت کی بھرن برسا جانا

أَنَا فِي عَطَشٍ وَّسَخَاكَ أَتَمّ ۲ اے گیسوئے پاک اے ابرِ کرم
برسن ہارے رم جھم رم جھم دو بوند اِدھر بھی گرا جانا

يَا قَافِلَتِي زِيدِي أَجَلَكْ ۳ رحمے بر حسرتِ تشنہ لبک
مورا جیرا لرجے درک طیبہ سے ابھی نہ سنا جانا

وَاهًا لِسُوَيْعَاتٍ ذَهَبَتْ ۴ آں عہد حضورِ بارگہت
جب یاد آوت موہے کر نہ پرت دردا وہ مدینہ کا جانا

اَلْقَلْبُ شَجٍ وَّالْهَمُّ شُجُوْن ۵ دل زار چناں جاں زیر چنوں
پت اپنی بپت میں کاسے کہوں مرا کون ہے تیرے سوا جانا

اَلرُّوْحُ فِدَاكَ فَزِدْ حَرَقًا ۶ یک شعلہ دگر بر زن عشقا
مورا تن من دھن سب پھونک دیا یہ جان بھی پیارے جلا جانا

بس خامۂ خام نوائے رضاؔ نہ یہ طرز مری نہ یہ رنگ مرا
ارشادِ احبا ناطق تھا ناچار اِس راہ پڑا جانا

۱ ترجمہ: حضور کے لیے سب سے زیادہ خوب صورت چہرہ میں ایک چودھویں رات کا چاند ہے۔

۲ ترجمہ: میں پیاس میں ہوں اور تیری سخاوت سب سے زیادہ کامل وتام ہے۔ ۱۲۔

۳ ترجمہ: اے میرے قافلے اپنے قیام کی مدت زیادہ کر۔ ۱۲۔

۴ ترجمہ: آہ افسوس وہ چند قلیل گھڑیاں کہ گزر گئیں۔ ۱۲۔

۵ ترجمہ: دل زخمی ہے اور پریشانیاں رنگ رنگ کی ہیں۔ ۱۲

۶ ترجمہ: جان تیرے قربان اپنی سوزش زیادہ کر۔ ۱۲

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

نہ آسمان کو یوں سرکشیدہ ہونا تھا حضورِ خاکِ مدینہ خمیدہ ہونا تھا

اگر گلوں کو خزاں نارسیدہ ہونا تھا کنارِ خارِ مدینہ دمیدہ ہونا تھا

حضور اُن کے خلاف ادب تھی بے تابی مری امید تجھے آرمیدہ ہونا تھا

نظارہ خاکِ مدینہ کا اور تیری آنکھ نہ اس قدر بھی قمر شوخ دیدہ ہونا تھا

کنارِ خاکِ مدینہ میں راحتیں ملتیں دلِ حزیں تجھے اشکِ چکیدہ ہونا تھا

پناہ دامنِ دشتِ حرم میں چین آتا نہ صبرِ دل کو غزالِ رمیدہ ہونا تھا

یہ کیسے کھلتا کہ ان کے سوا شفیع نہیں عبث نہ اَوروں کے آگے تپیدہ ہونا تھا

ہلال کیسے نہ بنتا کہ ماہِ کامل کو سلامِ ابروئے شہ میں خمیدہ ہونا تھا

لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ ① تھا وعدۂ ازلی نہ منکروں کا عبث بدعقیدہ ہونا تھا

نسیم کیوں نہ شمیم ان کی طیبہ سے لاتی کہ صبحِ گل کو گریباں دریدہ ہونا تھا

ٹپکتا رنگِ جنوں عشقِ شہ میں ہر گل سے رگِ بہار کو نشتر رسیدہ ہونا تھا

بجا تھا عرش پہ خاکِ مزارِ پاک کو ناز کہ تجھ سا عرش نشیں آفریدہ ہونا تھا

گزرتے جان سے اِک شور "یا حبیب" کے ساتھ فغاں کو نالۂ حلقِ بریدہ ہونا تھا

مرے کریم گنہ زہر ہے مگر آخر کوئی تو شہدِ شفاعت چشیدہ ہونا تھا

جو سنگِ در پہ جبیں سائیوں میں تھا مٹنا تو میری جان شرارِ جہیدہ ہونا تھا

تری قبا کے نہ کیوں نیچے نیچے دامن ہوں کہ خاکساروں سے یاں کب کشیدہ ہونا تھا

① ترجمہ: میں بے شک ضرور جہنم کو بھر دوں گا۔ ١٢

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

رضاؔ جو دل کو بنانا تھا جلوہ گاہِ حبیب
تو پیارے قیدِ خودی سے رہیدہ ہونا تھا

شورِ مہِ نَو سن کر تجھ تک میں دواں آیا ساقی میں ترے صدقے مے دے رمضاں آیا
اس گل کے سوا ہر پھول با گوش گراں آیا دیکھے ہی گی اے بلبل جب وقتِ فغاں آیا
جب بامِ تجلّی پر وہ نیّرِ جاں آیا سر تھا جو گرا جھک کر دل تھا جو تپاں آیا
جنّت کو حرم سمجھا آتے تو یہاں آیا اب تک کے ہر اک کا منھ کہتا ہوں کہاں آیا
طیبہ کے سوا سب باغ پامالِ فنا ہوں گے دیکھو گے چمن والو! جب عہدِ خزاں آیا
سر اور وہ سنگِ در، آنکھ اور وہ بزمِ نور ظالم کو وطن کا دھیان آیا تو کہاں آیا
کچھ نعت کے طبقے کا عالم ہی نرالا ہے سکتہ میں پڑی ہے عقل چکر میں گماں آیا
جلتی تھی زمیں کیسی تھی دھوپ کڑی کیسی لو وہ قدِ بے سایہ اب سایہ کناں آیا
طیبہ سے ہم آتے ہیں کہیے تو جناں والو کیا دیکھ کے جیتا ہے جو واں سے یہاں آیا
لے طوقِ الم سے اب آزاد ہو اے قمری چٹھی لیے بخشش کی وہ سروِ رواں آیا
نامہ سے رضاؔ کے اب مٹ جاؤ برے کامو دیکھو مرے پلّہ پر وہ اچھے میاں آیا

بدکار رضاؔ خوش ہو بد کام بھلے ہوں گے
وہ اچھے میاں پیارا اچھوں کا میاں آیا

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

معروضہ ۱۲۹۶ھ بعد واپسی زیارتِ مطہرہ بار اوّل

خراب حال کیا دل کو پُر ملال کیا
تمہارے کوچہ سے رخصت کیا نہال کیا

نہ روئے گُل ابھی دیکھا نہ بوئے گُل سونگھی
قضا نے لا کے قفس میں شکستہ بال کیا

وہ دل کہ خوں شدہ ارماں تھے جس میں مل ڈالا
فغاں کہ گورِ شہیداں کو پائمال کیا

یہ رائے کیا تھی وہاں سے پلٹنے کی اے نفس
سِتم گر الٹی چھری سے ہمیں حلال کیا

یہ کب کی مجھ سے عداوت تھی تجھ کو اے ظالم
چھڑا کے سنگِ درِ پاک سر وبال کیا

چمن سے پھینک دیا آشیانۂ بلبل
اُجاڑا خانۂ بے کس بڑا کمال کیا

تِرا ستم زدہ آنکھوں نے کیا بگاڑا تھا
یہ کیا سمائی کہ دور ان سے وہ جمال کیا

حضور اُن کے خیالِ وطن مٹانا تھا
ہم آپ مٹ گئے اچھا فراغ بال کیا

نہ گھر کا رکّھا نہ اس در کا ہائے ناکامی
ہماری بے بسی پر بھی نہ کچھ خیال کیا

جو دل نے مر کے جلایا تھا منّتوں کا چراغ
سِتم کہ عرض رہِ صرصرِ زوال کیا

مدینہ چھوڑ کے ویرانہ ہند کا چھایا
یہ کیسا ہائے حواسوں نے اختلال کیا

تو جس کے واسطے چھوڑ آیا طیبہ سا محبوب
بتا تو اس ستم آرا نے کیا نہال کیا

ابھی ابھی تو چمن میں تھے چہچہے، ناگاہ
یہ درد کیسا اٹھا جس نے جی نڈھال کیا

الٰہی سن لے رضاؔ جیتے جی کہ مولیٰ نے
سگانِ کوچہ میں چہرہ مِرا بحال کیا

بندہ ملنے کو قریبِ حضرت قادر گیا لمعۂ باطن میں گمنے جلوۂ ظاہر گیا

تیری مرضی پا گیا سورج پھرا الٹے قدم تیری انگلی اٹھ گئی مہ کا کلیجا چر گیا

بڑھ چلی تیری ضیا اندھیر عالم سے گھٹا کھل گیا گیسو ترا رحمت کا بادل گھر گیا

بندھ گئی تیری ہوا ساوہ میں خاک اڑنے لگی بڑھ چلی تیری ضیا آتش پہ پانی پھر گیا

تیری رحمت سے صفی اللہ کا بیڑا پار تھا تیرے صدقے سے نجی اللہ کا بجرا تر گیا

تیری آمد تھی کہ بیت اللہ مجرے کو جھکا تیری ہیبت تھی کہ ہر بت تھرتھرا کر گر گیا

مومن اُن کا کیا ہوا اللہ اس کا ہو گیا کافر اُن سے کیا پھرا اللہ ہی سے پھر گیا

وہ کہ اُس در کا ہوا خلقِ خدا اُس کی ہوئی وہ کہ اس در سے پھرا اللہ اس سے پھر گیا

مجھ کو دیوانہ بتاتے ہو میں وہ ہشیار ہوں پاؤں جب طوفِ حرم میں تھک گئے سر پھر گیا

رحمۃ للعالمیں آفت میں ہوں کیسی کروں میرے مولیٰ میں تو اس دل سے بلا میں گھر گیا

کیوں جنابِ بوہریرہ تھا وہ کیسا جامِ شیر جس سے ستر صاحبوں کا دودھ سے منھ پھر گیا

میں ترے ہاتھوں کے صدقے کیسی کنکریاں تھیں وہ جن سے اتنے کافروں کا دفعۃً منھ پھر گیا

واسطہ پیارے کا ایسا ہو کہ جو سنّی مرے ق یوں نہ فرمائیں ترے شاہد کہ وہ فاجر گیا

عرش پر دھومیں مچیں وہ مومن صالح ملا فرش سے ماتم اٹھے وہ طیّب وطاہر گیا

اللہ اللہ یہ علوِّ خاص عبدیت رضاؔ بندہ ملنے کو قریبِ حضرتِ قادر گیا

ٹھوکریں کھاتے پھروگے اُن کے در پر پڑ رہو

قافلہ تو اے رضاؔ اوّل گیا آخر گیا

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

نعمتیں بانٹتا جس سمت وہ ذیشان گیا
ساتھ ہی منشیِ رحمت کا قلم دان گیا

لے خبر جلد کہ غیروں کی طرف دھیان گیا
میرے مولیٰ مرے آقا ترے قربان گیا

آہ وہ آنکھ جو ناکامِ تمنا ہی رہی
ہائے وہ دل جو ترے در سے پُر ارمان گیا

دل ہے وہ دل جو تری یاد سے معمور رہا
سر ہے وہ سر جو ترے قدموں پہ قربان گیا

انہیں جانا انہیں مانا نہ رکھا غیر سے کام
للہ الحمد میں دنیا سے مسلمان گیا

اور تم پر مرے آقا کی عنایت نہ سہی
نجدیو! کلمہ پڑھانے کا بھی احسان گیا

آج لے ان کی پناہ آج مدد مانگ ان سے
پھر نہ مانیں گے قیامت میں اگر مان گیا

اُف رے منکر یہ بڑھا جوشِ تعصب آخر
بھیڑ میں ہاتھ سے کم بخت کے ایمان گیا

جان و دل ہوش و خرد سب تو مدینے پہنچے
تم نہیں چلتے رضاؔ سارا تو سامان گیا

تابِ مرآتِ سحر گرد بیابانِ عرب
غازۂ روئے قمر دودِ چراغانِ عرب

اللہ اللہ بہارِ چمنستانِ عرب
پاک ہیں لوثِ خزاں سے گل و ریحانِ عرب

جوشش ابر سے خونِ گلِ فردوس کرے
چھیڑ دے رگ کو اگر خارِ بیابانِ عرب

تشنۂ نہرِ جناں ہر عربی و عجمی!
لب ہر نہرِ جناں تشنۂ نیسانِ عرب

طوقِ غم آپ ہوائے پرِ قمری سے گرے
اگر آزاد کرے سروِ خرامانِ عرب

مہر "میزاں" میں چھپا ہو تو "حمل" میں چمکے
ڈالے اک بوند شبِ "دے" میں جو بارانِ عرب

عرش سے مژدۂ بلقیسِ شفاعت لایا — طائرِ سدرہ نشیں مرغِ سلیمانِ عرب

حسنِ یوسف پہ کٹیں مصر میں انگشتِ زناں ۱ — سر کٹاتے ہیں ترے نام پہ مردانِ عرب

کوچہ کوچہ میں مہکتی ہے یہاں بوئے قمیص — یوسفستاں ہے ہر اک گوشۂ کنعانِ عرب

بزمِ قدسی میں ہے یادِ لبِ جاں بخش حضور — عالمِ نور میں ہے چشمۂ حیوانِ عرب

پائے جبریل نے سرکار سے کیا کیا القاب — خسروِ خیلِ ملک خادمِ سلطانِ عرب

بلبل و نیلپر و کبک بنو پروانو! — مہ و خورشید پہ ہنستے ہیں چراغانِ عرب

حور سے کیا کہیں موسیٰ سے مگر عرض کریں — کہ ہے خود حسنِ ازل طالبِ جانانِ عرب

کرمِ نعت کے نزدیک تو کچھ دور نہیں
کہ رضاؔئے عجمی ہو سگِ حسّانِ عرب

پھر اٹھا ولولۂ یادِ مغیلانِ عرب — پھر کھنچا دامنِ دل سوئے بیابانِ عرب

باغِ فردوس کو جاتے ہیں ہزارانِ عرب — ہائے صحرائے عرب ہائے بیابانِ عرب

میٹھی باتیں تری دینِ عجم ایمانِ عرب — نمکیں حسن ترا جانِ عجم شانِ عرب

---

۱ اس شعر کے دونوں مصرعوں میں ایک ایک لفظ ایسے تقابل سے ہے کہ مفید تفضیل حضور انور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہے۔ ۱ وہاں حسن یہاں نام ۲ وہاں کٹنا کہ عدمِ قصد پر دلالت کرتا ہے۔ یہاں کٹانا کہ قصد و ارادہ بتاتا ہے ۳ وہاں مصر یہاں عرب کہ زمانۂ جاہلیت میں اس کی سرکشی و خودسری مشہور تھی۔ ۴ وہاں انگشت یہاں سر ۵ وہاں زناں یہاں مردان ۶ وہاں انگلیاں کٹیں کہ ایک بار وقوع کو بتاتا ہے۔ یہاں کٹاتے ہیں کہ استمرار پر دلیل ہے۔ ۱۲

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

اب تو ہے گریۂ خوں گوہرِ دامانِ عرب / جس میں دو لعل تھے زہرا کے وہ تھی کانِ عرب

دل وہی دل ہے جو آنکھوں سے ہو حیرانِ عرب / آنکھیں وہ آنکھیں ہیں جو دل سے ہوں قربانِ عرب

ہائے کس وقت لگی پھانس اَلم کی دل میں / کہ بہت دور رہے خارِ مغیلانِ عرب

فصلِ گل لاکھ نہ ہو وصل کی رکھ آس ہزار / پھولتے پھلتے ہیں بے فصل گلستانِ عرب

صدقے ہونے کو چلے آتے ہیں لاکھوں گلزار / کچھ عجب رنگ سے پھولا ہے گلستانِ عرب

عندلیبی پہ جھگڑتے ہیں کٹے مرتے ہیں / گل و بلبل کو لڑاتا ہے گلستانِ عرب

صدقے رحمت کے کہاں پھول کہاں خار کا کام / خود ہے دامن کشِ بلبل گلِ خندانِ عرب

شادیِ حشر ہے صدقے میں چھٹیں گے قیدی / عرش پر دھوم سے ہے دعوتِ مہمانِ عرب

چرچے ہوتے ہیں یہ کُمھلائے ہوئے پھولوں میں / کیوں یہ دن دیکھتے، پاتے جو بیابانِ عرب

تیرے بے دام کے بندے ہیں رئیسانِ عجم / تیرے بے دام کے بندی ہیں ہزارانِ عرب

ہشت خلد آئیں وہاں کسبِ لطافت کو رضاؔ
چار دن برسے جہاں ابرِ بہارانِ عرب

جو بنوں پر ہے بہارِ چمن آرائی دوست / خلد کا نام نہ لے بلبلِ شیدائی دوست

تھک کے بیٹھے تو درِ دل پہ تمنائی دوست / کون سے گھر کا اُجالا نہیں زیبائی دوست

عرصۂ حشر کجا موقفِ محمود کجا / ساز ہنگاموں سے رکھتی نہیں یکتائی دوست

مہر کس منہ سے جلوداریِ جاناں کرتا / سایہ کے نام سے بے زار ہے یکتائی دوست

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

مرنے والوں کو یہاں ملتی ہے عمر جاوید
زندہ چھوڑے گی کسی کو نہ مسیحائی دوست

ان کو یکتا کیا اور خلق بنائی یعنی
انجمن کر کے تماشا کریں تنہائی دوست

کعبہ و عرش میں کہرام ہے ناکامی کا
آہ کس بزم میں ہے جلوۂ یکتائی دوست

حسن بے پردہ کے پردے نے مٹا رکھا ہے
ڈھونڈنے جائیں کہاں جلوۂ ہرجائی دوست

شوق روکے نہ رُکے پاؤں اٹھائے نہ اُٹھے
کیسی مشکل میں ہیں اللہ تمنائی دوست

شرم سے جھکتی ہے محراب کہ ساجد ہیں حضور
سجدہ کرواتی ہے کعبہ سے جبیں سائی دوست

تاج والوں کا یہاں خاک پہ ماتھا دیکھا
سارے داراؤں کی دارا ہوئی دارائی دوست

طور پر کوئی، کوئی چرخ پہ، یہ عرش سے پار
سارے بالاؤں پہ بالا رہی بالائی دوست

اَنۡتَ فِیۡهِمۡ [۱] نے عدو کو بھی لیا دامن میں
عیش جاوید مبارک تجھے شیدائی دوست

رنج اعدا کا رضاؔ چارہ ہی کیا ہے جب انہیں
آپ گستاخ رکھے حلم و شکیبائی دوست

طوبےٰ میں جو سب سے اونچی نازک سیدھی نکلی شاخ
مانگوں نعتِ نبی لکھنے کو روحِ قدس سے ایسی شاخ

مولیٰ گلبن رحمت زہرا سبطین اس کی کلیاں پھول
صدّیق و فاروق و عثماں حیدر ہر اک اُس کی شاخ

[۱] قال اللہ تعالیٰ: وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمۡ وَاَنۡتَ فِيۡهِمۡ۔ ان کافروں پر بھی عذاب نہ کرے گا جب تک اے رحمتِ عالم تم ان میں تشریف فرما ہو۔ ۱۲ منہ غفرلہ۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

شاخِ قامتِ شہ میں زلف و چشم و رخسار و لب ہیں
سنبل، نرگس، گل، پنکھڑیاں، قُدرت کی کیا پھولی شاخ

اپنے اِن باغوں کا صدقہ وہ رحمت کا پانی دے
جس سے نخلِ دل میں ہو پیدا پیارے تیری ولا کی شاخ

یادِ رخ میں آہیں کرکے بن میں مَیں رویا آئی بہار
جھومیں نسیمیں، نیساں برسا، کلیاں چٹکیں، مہکی شاخ

ظاہر و باطن اول و آخر زیبِ فروع و زینِ اصول
باغِ رسالت میں ہے تو ہی گل غنچہ جڑ پتی شاخ

آلِ احمد خذ بیدی یا سیّد حمزہ کن مددی
وقتِ خزانِ عمرِ رضاؔ ہو برگِ ہدیٰ سے نہ عاری شاخ

زہے عزّت و اعتلائے محمد ﷺ
کہ ہے عرشِ حق زیرِ پائے محمد ﷺ

مکاں عرش اُن کا فلک فرش اُن کا
ملک خادمانِ سرائے محمد ﷺ

خدا کی رضا چاہتے ہیں دو عالم
خدا چاہتا ہے رضائے محمد ﷺ

عجب کیا اگر رحم فرمالے ہم پر
خدائے محمد برائے محمد ﷺ

محمد برائے جنابِ الٰہی
جنابِ الٰہی برائے محمد ﷺ

بسی عطرِ محبوبیِ کبریا سے
عبائے محمد قبائے محمد ﷺ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

بہم عہد باندھے ہیں وصلِ ابد کا
رضائے خدا اور رضائے محمد ﷺ

دمِ نزع جاری ہو میری زباں پر
محمد محمد خدائے محمد ﷺ

عصائے کلیم اژدہائے غضب تھا
گروں کا سہارا عصائے محمد ﷺ

میں قرباں کیا پیاری پیاری ہے نسبت
یہ آنِ خداوہ خدائے محمد ﷺ

محمد کا دم خاص بہرِ خدا ہے
سوائے محمد برائے محمد ﷺ

خدا اُن کو کس پیار سے دیکھتا ہے
جو آنکھیں ہیں محوِ لقائے محمد ﷺ

جلو میں اجابت خواصی میں رحمت
بڑھی کس تزک سے دعائے محمد ﷺ

اجابت نے جھک کر گلے سے لگایا
بڑھی ناز سے جب دعائے محمد ﷺ

اجابت کا سہرا عنایت کا جوڑا
دلہن بن کے نکلی دعائے محمد ﷺ

رضاؔ پل سے اب وجد کرتے گزریے
کہ ہے رَبِّ سَلِّمْ صدائے محمد ﷺ

اے شافعِ اُمم شہِ ذی جاہ لے خبر
للہ لے خبر مری للہ لے خبر

دریا کا جوش، ناؤ نہ بیڑا، نہ ناخدا
میں ڈوبا، تو کہاں ہے مرے شاہ لے خبر

منزل کڑی ہے، رات اندھیری، میں نابلد
اے خضر لے خبر مری اے ماہ لے خبر

پہنچے پہنچنے والے تو منزل مگر شہا
ان کی جو تھک کے بیٹھے سرِ راہ لے خبر

جنگل درندوں کا ہے، میں بے یار، شب قریب
گھیرے ہیں چار سمت سے بدخواہ لے خبر

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

منزل نئی، عزیز جدا، لوگ ناشناس
ٹوٹا ہے کوہِ غم میں پرِ کاہ لے خبر

وہ سختیاں سوال کی وہ صورتیں مہیب
اے غمزدوں کے حال سے آگاہ لے خبر

مجرم کو بارگاہِ عدالت میں لائے ہیں
تکتا ہے بے کسی میں تِری راہ لے خبر

اہلِ عمل کو ان کے عمل کام آئیں گے
میرا ہے کون تیرے سِوا آہ لے خبر

پُرخار راہ، برہنہ پا، تشنہ، آب دور
مولیٰ پڑی ہے آفتِ جاں کاہ لے خبر

باہر زبانیں پیاس سے ہیں آفتاب گرم
کوثر کے شاہ کثّرہ اللہ لے خبر

مانا کہ سخت مجرم و ناکارہ ہے رضاؔ
تیرا ہی تو ہے بندۂ درگاہ لے خبر

در منقبت حضور غوثِ اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ

بندہ قادر کا بھی قادر بھی ہے، عبدالقادر
سرِّ باطن بھی ہے ظاہر بھی ہے عبدالقادر

مفتیِ شرع بھی ہے قاضیِ مِلّت بھی ہے
علمِ اسرار سے ماہر بھی ہے عبدالقادر

منبعِ فیض بھی ہے مجمعِ افضال بھی ہے
مہرِ عرفاں کا مُنوّر بھی ہے عبدالقادر

قطبِ ابدال بھی ہے محورِ ارشاد بھی ہے
مرکزِ دائرۂ سِر بھی ہے عبدالقادر

سلکِ عرفاں کی ضیا ہے یہی "درِ مختار"
فخرِ "اشباہ و نظائر" بھی ہے عبدالقادر

اس کے فرمان ہیں سب شارحِ حکمِ شارع
مظہرِ ناہی و آمر بھی ہے عبدالقادر

ذی تصرف بھی ہے، ماذون بھی، مختار بھی ہے
کارِ عالم کا مدبّر بھی ہے عبدالقادر

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

رشکِ بلبل ہے رضاؔ لالۂ صد داغ بھی ہے
آپ کا واصف وذاکر بھی ہے عبدالقادر

گزرے جس راہ سے وہ سیّدِ والا ہوکر ۔۔۔ رہ گئی ساری زمیں عنبرِ سارا ہوکر
رُخِ انور کی تجلی جو قمر نے دیکھی ۔۔۔ رہ گیا بوسہ دہِ نقشِ کفِ پا ہوکر
وائے محرومیِ قسمت کہ میں پھر اب کی برس ۔۔۔ رہ گیا ہمرہِ زوّارِ مدینہ ہوکر
چمنِ طیبہ ہے وہ باغ کہ مرغِ سدرہ ۔۔۔ برسوں چہکے ہیں جہاں بلبلِ شیدا ہوکر
صرصرِ دشتِ مدینہ کا مگر آیا خیال ۔۔۔ رشکِ گلشن جو بنا غنچۂ دل وا ہوکر
گوشِ شہ کہتے ہیں فریاد رسی کو ہم ہیں ۔۔۔ وعدۂ چشم ہے بخشائیں گے گویا ہوکر
پائے شہ پر گرے یارب تپشِ مہر سے جب ۔۔۔ دلِ بے تاب اڑے حشر میں پارا ہوکر

ہے یہ امّید رضاؔ کو تری رحمت سے شہا
نہ ہو زندانیِ دوزخ ترا بندہ ہوکر

نارِ دوزخ کو چمن کردے بہارِ عارض ۔۔۔ ظلمتِ حشر کو دِن کردے نہارِ عارض
میں تو کیا چیز ہوں خود صاحبِ قرآں کو شہا ۔۔۔ لاکھ مصحف سے پسند آئی بہارِ عارض
جیسے قرآن ہے ورد اس گلِ محبوبی کا ۔۔۔ یوں ہی قرآں کا وظیفہ ہے وقارِ عارض
گرچہ قرآں ہے نہ قرآں کی برابر لیکن ۔۔۔ کچھ تو ہے جس پہ ہے وہ مدح نگارِ عارض

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

طور کیا عرش جلے دیکھ کے وہ جلوۂ گرم
آپ عارض ہو مگر آئینہ دارِ عارض

طرفہ عالم ہے وہ قرآن ادھر دیکھیں اُدھر
مصحفِ پاک ہو حیران بہارِ عارض

ترجمہ ہے یہ صفت کا وہ خود آئینۂ ذات
کیوں نہ مصحف سے زیادہ ہو وقارِ عارض

جلوہ فرمائیں رخِ دل کی سیاہی مٹ جائے
صبح ہو جائے الٰہی شبِ تارِ عارض

نامِ حق پر کرے محبوب دل و جاں قرباں
حق کرے عرش سے تا فرش نثارِ عارض

مشک بو زلف سے رُخ چہرہ سے بالوں میں شعاع
معجزہ ہے حلبِ زلف و تتارِ عارض

حق نے بخشا ہے کرم نذرِ گدایاں ہو قبول
پیارے اک دل ہے وہ کرتے ہیں نثارِ عارض

آہ بے مائیگیِ دل کہ رضاؔئے محتاج
لے کر اِک جان چلا بہرِ نثارِ عارض

تمہارے ذرّے کے پرتو ستارہائے فلک
تمہارے نعل کی ناقص مثل ضیائے فلک

اگرچہ چھالے ستاروں سے پڑ گئے لاکھوں
مگر تمہاری طلب میں تھکے نہ پائے فلک

سرِ فلک نہ کبھی تا بہ آستاں پہنچا
کہ ابتدائے بلندی تھی انتہائے فلک

یہ مٹ کے ان کی روش پر ہوا خود اُن کی روش
کہ نقش پا ہے زمیں پر نہ صوتِ پائے فلک

تمہاری یاد میں گزری تھی جاگتے شب بھر
چلی نسیم ہوئے بند دید ہائے فلک

نہ جاگ اٹھیں کہیں اہلِ بقیع کچی نیند
چلا یہ نرم نہ نکلی صدائے پائے فلک

یہ اُن کے جلوہ نے کیں گرمیاں شبِ اسرا
کہ جب سے چرخ میں ہیں نقرہ و طلائے فلک

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

مرے غنی نے جواہر سے بھر دیا دامن گیا جو کاسۂ مہ لے کے شب گدائے فلک

رہا جو قانعِ یک نانِ سوختہ دن بھر ملی حضور سے کانِ گہر جزائے فلک

تجملِ شبِ اسرا ابھی سمٹ نہ چکا کہ جب سے ویسے ہی کوتل ہیں سبز ہائے فلک

خطابِ حق بھی ہے درباب خلق مِنْ اَجلِكَ اگر ادھر سے دمِ حمد ہے صدائے فلک

یہ اہلِ بیت کی چکی سے چال سیکھی ہے رواں ہے بے مددِ دست آسیائے فلک

رضاؔ یہ نعتِ نبی نے بلندیاں بخشیں
لقب زمینِ فلک کا ہوا سمائے فلک

کیا ٹھیک ہو رُخِ نبوی پر مثالِ گل پامال جلوۂ کفِ پا ہے جمالِ گل

جنت ہے ان کے جلوہ سے جویائے رنگ و بو اے گل ہمارے گل سے ہے گل کو سوالِ گل

اُن کے قدم سے سلعۂ [1] غالی ہوئی جناں واللہ میرے گل سے ہے جاہ و جلالِ گل

سنتا ہوں عشقِ شاہ میں دل ہوگا خوں فشاں یارب یہ مژدہ سچ ہو مبارک ہو فالِ گل

بلبل حرم کو چل غمِ فانی سے فائدہ کب تک کہے گی ہائے وہ غنج و دلالِ گل

غمگیں ہے شوقِ غازۂ خاکِ مدینہ میں شبنم سے دھل سکے گی نہ گردِ ملالِ گل

بلبل یہ کیا کہا میں کہاں فصلِ گل کہاں امید رکھ کہ عام ہے جود و نوالِ گل

بلبل گھرا ہے ابرِ ولا مژدہ ہو کہ اب گرتی ہے آشیانہ پہ برقِ جمالِ گل

یارب ہرا بھرا رہے داغِ جگر کا باغ ہر مہ مہِ بہار ہو ہر سال سالِ گل

[1] حدیث میں جنت کو سلعۂ غالیہ فرمایا، یعنی متاعِ گراں بہا۔ ۱۲

رنگ مژہ سے کر کے خجل یادِ شاہ میں — کھینچا ہے ہم نے کانٹوں پہ عطرِ جمالِ گل

میں یادِ شہ میں روؤں عنادِل کریں ہجوم — ہر اشکِ لالہ فام پہ ہو احتمالِ گل

ہیں عکسِ چہرہ سے لبِ گلگوں میں سرخیاں — ڈوبا ہے بدرِ گل سے شفق میں ہلالِ گل

نعتِ حضور میں مترنّم ہے عندلیب — شاخوں کے جھومنے سے عیاں وجد و حالِ گل

بلبل گلِ مدینہ ہمیشہ بہار ہے — دو دن کی ہے بہار فنا ہے مآلِ گل

شیخین اِدھر نثار غنی و علی اُدھر — غنچہ ہے بلبلوں کا یمین و شمالِ گل

چاہے خدا تو پائیں گے عشقِ نبی میں خلد — نِکلی ہے نامۂ دلِ پُرخوں میں فالِ گل

کر اُس کی یاد جس سے ملے چین عندلیب — دیکھا نہیں کہ خارِ اَلم ہے خیالِ گل

دیکھا تھا خوابِ خارِ حرم عندلیب نے — کھٹکا کیا ہے آنکھ میں شب بھر خیالِ گل

اُن دو کا صدقہ جن کو کہا میرے پھول ہیں
کیجے رضاؔ کو حشر میں خنداں مثالِ گل

سر تا بقدم ہے تنِ سلطانِ زمن پھول — لب پھول، دہن پھول، ذقن پھول، بدن پھول

صدقے میں ترے باغ تو کیا لائے ہیں بن پھول — اس غنچۂ دل کو بھی تو ایما ہو کہ بن پھول

تنکا بھی ہمارے تو ہلائے نہیں ہلتا — تم چاہو تو ہو جائے ابھی کوہِ محن پھول

واللہ جو مل جائے مرے گل کا پسینہ — مانگے نہ کبھی عطر نہ پھر چاہے دلہن پھول

دلِ بستہ و خوں گشتہ نہ خوشبو نہ لطافت — کیوں غنچہ کہوں ہے مرے آقا کا دہن پھول

شب یاد تھی کن دانتوں کی شبنم کہ دمِ صبح — شوخانِ بہاری کے جڑاؤ ہیں کرن پھول

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

دندان ولب وزلف ورُخِ شہ کے فدائی
ہیں دُرِّ عدن، لعلِ یمن، مشکِ ختن، پھول

بو، ہو کے نہاں ہو گئے تابِ رخِ شہ میں
لو بن گئے ہیں اب تو حسینوں کا دہن پھول

ہو بارِ گنہ سے نہ خجل دوشِ عزیزاں
للہ مری نعش کر اے جانِ چمن پھول

دل اپنا بھی شیدائی ہے اس ناخنِ پا کا
اتنا بھی مہِ نو پہ نہ اے چرخِ کہن پھول

دل کھول کے خوں رولے غمِ عارض شہ میں
نکلے تو کہیں حسرتِ خوں نابہ شدن پھول

کیا غازہ مَلا گردِ مدینہ کا جو ہے آج
نکھرے ہوئے جوبن میں قیامت کی پھبن پھول

گرمی یہ قیامت ہے کہ کانٹے ہیں زباں پر
بلبل کو بھی اے ساقی صہبا ولبن پھول

ہے کون کہ گریہ کرے یا فاتحہ کو آئے
بیکس کے اٹھائے تری رحمت کے بھرن پھول

دل غم تجھے گھیرے ہیں خدا تجھ کو وہ چمکائے
سورج ترے خرمن کو بنے تیری کرن پھول

کیا بات رضاؔ اس چمنستانِ کرم کی
زہرا ہے کلی جس میں حسین اور حسن پھول

ہے کلامِ الٰہی میں شمس وضحیٰ ترے چہرۂ نور فزا کی قسم
قسمِ شبِ تار میں راز یہ تھا کہ حبیب کی زلفِ دوتا کی قسم

ترے خُلق کو حق نے عظیم کہا تری خَلق کو حق نے جمیل کیا
کوئی تجھ سا ہوا ہے نہ ہوگا شہا ترے خالقِ حسن وادا کی قسم

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

وہ خدا نے ہے مرتبہ تجھ کو دیا نہ کسی کو ملے نہ کسی کو ملا
کہ کلامِ مجید نے کھائی شہا ترے شہر ① وکلام ② وبقا ③ کی قسم

ترا مسندِ ناز ہے عرشِ بریں، ترا محرمِ راز ہے روحِ امیں
تو ہی سرورِ ہر دو جہاں ہے شہا ترا مثل نہیں ہے خدا کی قسم

یہی عرض ہے خالقِ ارض وسما، وہ رسول ہیں تیرے میں بندہ ترا
مجھے ان کے جوار میں دے وہ جگہ کہ ہے خلد کو جس کی صفا کی قسم

تو ہی بندوں پہ کرتا ہے لطف وعطا ہے تجھی پہ بھروسا تجھی سے دُعا
مجھے جلوۂ پاک رسول دکھا تجھے اپنے ہی عزّ و علا کی قسم

مرے گرچہ گناہ ہیں حد سے سوا، مگر ان سے امید ہے تجھ سے رَجا
تو رحیم ہے ان کا کرم ہے گوا وہ کریم ہیں تیری عطا کی قسم

یہی کہتی ہے بلبلِ باغِ جناں کہ رضاؔ کی طرح کوئی سحر بیاں
نہیں ہند میں واصفِ شاہِ ہُدیٰ مجھے شوخیِ طبعِ رضاؔ کی قسم

---

① قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی: لَآ اُقْسِمُ بِهٰذَا الْبَلَدِ وَاَنْتَ حِلٌّۢ بِهٰذَا الْبَلَدِ. مجھے اس شہر مکہ کی قسم ہے اس لیے کہ اے محبوب! تو اس میں تشریف فرما ہے۔ ۱۲

② قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی: وَقِيْلِهٖ يٰرَبِّ اِنَّ هٰۤؤُلَآءِ قَوْمٌ لَّا يُؤْمِنُوْنَ. مجھے رسول کے اس کہنے کی قسم ہے کہ اے میرے رب! یہ لوگ ایمان نہیں لاتے۔ ۱۲

③ قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی: لَعَمْرُكَ اِنَّهُمْ لَفِيْ سَكْرَتِهِمْ يَعْمَهُوْنَ. اے محبوب! مجھے تیری جان کی قسم کہ یہ کافر اپنے نشے میں اندھے ہو رہے ہیں۔ ۱۲

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

پاٹ وہ کچھ دھار یہ کچھ زار ہم — یاالٰہی کیوں کر اتریں پار ہم
کس بلا کی مے سے ہیں سرشار ہم — دن ڈھلا ہوتے نہیں ہشیار ہم
تم کرم سے مشتری ہر عیب کے — جنس نا مقبولِ ہر بازار ہم
دشمنوں کی آنکھ میں بھی پھول تم — دوستوں کی بھی نظر میں خار ہم
لغزشِ پا کا سہارا ایک تم — گرنے والے لاکھوں ناہنجار ہم
صدقہ اپنے بازوؤں کا المدد — کیسے توڑیں یہ بُتِ پندار ہم
دم قدم کی خیر اے جانِ مسیح — در پہ لائے ہیں دلِ بیمار ہم
اپنی رحمت کی طرف دیکھیں حضور — جانتے ہیں جیسے ہیں بدکار ہم
اپنے مہمانوں کا صدقہ ایک بوند — مر مٹے پیاسے اِدھر سرکار ہم
اپنے کوچہ سے نکالا تو نہ دو — ہیں تو حد بھر کے خدائی خوار ہم
ہاتھ اٹھا کر ایک ٹکڑا اے کریم — ہیں سخی کے مال میں حق دار ہم
چاندنی چھٹکی ہے اُن کے نور کی — آؤ دیکھیں سیر طور و نار ہم
ہمت اے ضعف ان کے در پر گر کے ہوں — بے تکلّف سایۂ دیوار ہم
با عطا تم، شاہ تم، مختار تم — بے نوا ہم، زار ہم، ناچار ہم
تم نے تو لاکھوں کو جانیں پھیر دیں — ایسا کتنا رکھتے ہیں آزار ہم
اپنی ستّاری کا یارب واسطہ — ہوں نہ رسوا بر سرِ دربار ہم
اتنی عرضِ آخری کہہ دو کوئی — ناؤ ٹوٹی آپڑے منجدھار ہم
منہ بھی دیکھا ہے کسی کے عفو کا — دیکھ او عصیاں نہیں بے یار ہم

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

میں نثار ایسا مسلماں کیجیے
توڑ ڈالیں نفس کا زنّار ہم

کب سے پھیلائے ہیں دامن، تیغِ عشق!
اب تو پائیں زخم دامن دار ہم

سنّیت سے کھٹکے سب کی آنکھ میں
پھول ہوکر بن گئے کیا خار ہم

ناتوانی کا بھلا ہو بن گئے
نقشِ پائے طالبانِ یار ہم

دل کے ٹکڑے نذرِ حاضر لائے ہیں
اے سگانِ کوچۂ دلدار ہم

قسمتِ ثور و حرا کی حرص ہے
چاہتے ہیں دل میں گہرا غار ہم

چشم پوشی و کرم شانِ شما
کارِ ما بے باکی و اصرار ہم

فصلِ گل، سبزہ، صبا، مستی، شباب
چھوڑیں کس دل سے درِ خمّار ہم

میکدہ چھٹتا ہے للہ ساقیا
اب کے ساغر سے نہ ہوں ہشیار ہم

ساقیِ تسنیم جب تک آنہ جائیں
اے سیہ مستی نہ ہوں ہشیار ہم

نازشیں کرتے ہیں آپس میں مَلَک
ہیں غلامانِ شہِ ابرار ہم

لطف از خود رفتگی یارب نصیب
ہوں شہیدِ جلوۂ رفتار ہم

اُن کے آگے دعویٰ ہستی رضاؔ
کیا بکے جاتا ہے یہ ہر بار ہم

عارضِ شمس و قمر سے بھی ہیں انور ایڑیاں
عرش کی آنکھوں کے تارے ہیں وہ خوشتر ایڑیاں

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

جا بجا پرتو فگن ہیں آسماں پر ایڑیاں
دن کو ہیں خورشید شب کو ماہ و اختر ایڑیاں

نجم گردوں تو نظر آتے ہیں چھوٹے اور وہ پاؤں
عرش پر پھر کیوں نہ ہوں محسوس لاغر ایڑیاں

دب کے زیر پا نہ گنجایش سمانے کو رہی
بن گیا جلوہ کفِ پا کا ابھر کر ایڑیاں

ان کا منگتا پاؤں سے ٹھکرا دے وہ دنیا کا تاج
جس کی خاطر مرگئے منعم رگڑ کر ایڑیاں

دو قمر، دو پنجۂ خور، دو ستارے، دس ہلال
ان کے تلوے، پنجے، ناخن، پائے اطہر، ایڑیاں

ہائے اس پتھر سے اس سینہ کی قِسمت پھوڑیے
بے تکلف جس کے دل میں یوں کریں گھر ایڑیاں

تاج روح القدس کے موتی جسے سجدہ کریں
رکھتی ہیں واللہ وہ پاکیزہ گوہر ایڑیاں

ایک ٹھوکر میں اُحد کا زلزلہ جاتا رہا
رکھتی ہیں کتنا وقار اللہ اکبر ایڑیاں

چرخ پر چڑھتے ہی چاندی میں سیاہی آگئی
کرچکی ہیں بدر کو ٹکسال باہر ایڑیاں

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

اے رضاؔ طوفانِ محشر کے تلاطم سے نہ ڈر
شاد ہو ہیں کشتیِ امّت کو لنگر ایڑیاں

عشقِ مولیٰ میں ہو خوں بار کنارِ دامن
یا خدا جلد کہیں آئے بہارِ دامن

بہہ چلی آنکھ بھی اشکوں کی طرح دامن پر
کہ نہیں تار نظر جز دو سہ تارِ دامن

اشک برساؤں چلے کوچۂ جاناں سے نسیم
یا خدا جلد کہیں نکلے بخارِ دامن

دل شدوں کا یہ ہوا دامنِ اطہر پہ ہجوم
بیدل آباد ہوا نام دیارِ دامن

مشک سا زلفِ شہ و نور فشاں روئے حضور
اللہ اللہ حلَبِ جیب و تتارِ دامن

تجھ سے اے گل میں ستم دیدۂ دشتِ حرماں
خلش دل کی کہوں یا غمِ خارِ دامن

عکس افگن ہے ہلالِ لبِ شہ جیب نہیں
مہرِ عارض کی شعاعیں ہیں نہ تارِ دامن

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

اشک کہتے ہیں یہ شیدائی کی آنکھیں دھو کر
اے ادب گردِ نظر ہو نہ غبارِ دامن

اے رضاؔ آہ وہ بلبل کہ نظر میں جس کی
جلوۂ جیب گل آئے نہ بہارِ دامن

رشکِ قمر ہوں رنگِ رخِ آفتاب ہوں
ذرّہ ترا جو اے شہ گردوں جناب ہوں

درِّ نجف ہوں گوہر پاکِ خوشاب ہوں
یعنی تراب رہ گزرِ بُو تراب ہوں

گر آنکھ ہوں تو ابر کی چشمِ پُر آب ہوں
دِل ہوں تو برق کا دلِ پُر اضطراب ہوں

خونیں جگر ہوں طائر بے آشیاں شہا
رنگِ پریدۂ رخِ گل کا جواب ہوں

بے اصل و بے ثبات ہوں بحرِ کرم مدد
پروردۂ کنارِ سراب و حباب ہوں

عبرت فزا ہے شرمِ گنہ سے مرا سکوت
گویا لبِ خموشِ لحد کا جواب ہوں

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

کیوں نالہ سوزِ لے کروں کیوں خونِ دل پیوں
سیخِ کباب ہوں نہ میں جامِ شراب ہوں

دل بستہ، بے قرار، جگر چاک، اشک بار
غنچہ ہوں، گل ہوں، برقِ تپاں ہوں، سحاب ہوں

دعویٰ ہے سب سے تیری شفاعت پہ بیشتر
دفتر میں عاصیوں کے شہا انتخاب ہوں

مولا دہائی نظروں سے گر کر جلا غلام
اشکِ مژہ رسیدۂ چشم کباب ہوں

مٹ جائے یہ خودی تو وہ جلوہ کہاں نہیں
دردا! میں آپ اپنی نظر کا حجاب ہوں

صدقے ہوں اس پہ نار سے دے گا جو مخلصی
بلبل نہیں کہ آتشِ گُل پر کباب ہوں

قالب تہی کیے ہمہ آغوش ہے ہلال
اے شہسوارِ طیبہ میں تیری رکاب ہوں

کیا کیا ہیں تجھ سے ناز ترے قصر کو کہ میں
کعبہ کی جان عرش بریں کا جواب ہوں

شاہا! بجھے سقر مرے اشکوں سے تا نہ میں
آبِ عبث چکیدۂ چشم کباب ہوں

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

میں تو کہا ہی چاہوں کہ بندہ ہوں شاہ کا
پر لطف جب ہے کہہ دیں اگر وہ جناب ''ہوں''

حسرت میں خاکِ بوسیِ طیبہ کی اے رضاؔ
ٹپکا جو چشمِ مہر سے وہ خونِ ناب ہوں

پوچھتے کیا ہو عرش پر یوں گئے مصطفےٰ کہ یوں
کیف کے پر جہاں جلیں کوئی بتائے کیا کہ یوں

قصرِ دنیٰ کے راز میں عقلیں تو گم ہیں جیسی ہیں
رُوحِ قدس سے پوچھیے تم نے بھی کچھ سنا کہ یوں

میں نے کہا کہ جلوۂ اصل میں کس طرح گمیں
صبح نے نورِ مہر میں مٹ کے دکھا دیا کہ یوں

ہائے رے ذوقِ بے خودی دل جو سنبھلنے سا لگا
چھک کے مہک میں پھول کی گرنے لگی صبا کہ یوں

دل کو دے نور و داغِ عشق پھر میں فدا دو نیم کر
مانا ہے سن کے شقِّ ماہ آنکھوں سے اب دکھا کہ یوں

دل کو ہے فکر کس طرح مُردے جلاتے ہیں حضور
اے میں فدا لگا کر ایک ٹھوکر اسے بتا کہ یوں

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

باغ میں شکرِ وصل تھا ہجر میں ہائے ہائے گل
کام ہے ان کے ذکر سے خیر وہ یوں ہوا کہ یوں

جو کہے شعر و پاسِ شرع دونوں کا حسن کیوں کر آئے
لا اسے پیشِ جلوۂ زمزمۂ رضاؔ کہ یوں

پھر کے گلی گلی تباہ ٹھوکریں سب کی کھائے کیوں
دل کو جو عقل دے خدا تیری گلی سے جائے کیوں

رخصتِ قافلہ کا شور غش سے ہمیں اٹھائے کیوں
سوتے ہیں ان کے سایہ میں کوئی ہمیں جگائے کیوں

بار نہ تھے حبیب کو پالتے ہی غریب کو
روئیں جو اب نصیب کو چین کہو گنوائے کیوں

یادِ حضور کی قسم غفلتِ عیش ہے ستم
خوب ہیں قیدِ غم میں ہم کوئی ہمیں چھڑائے کیوں

دیکھ کے حضرتِ غنی پھیل پڑے فقیر بھی
چھائی ہے اب تو چھاؤنی حشر ہی آنہ جائے کیوں

جان ہے عشقِ مصطفےٰ روز فزوں کرے خدا
جس کو ہو درد کا مزا نازِ دوا اٹھائے کیوں

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

ہم تو ہیں آپ دل فگار غم میں ہنسی ہے ناگوار
چھیڑ کے گل کو نو بہار خون ہمیں رلائے کیوں

یا تو یوں ہی تڑپ کے جائیں یا وہی دام سے چھڑائیں
منتِ غیر کیوں اٹھائیں کوئی ترس جتائے کیوں

اُن کے جلال کا اثر دل سے لگائے ہے قمر
جو کہ ہو لوٹ زخم پر داغِ جگر مٹائے کیوں

خوش رہے گل سے عندلیب خارِ حرم مجھے نصیب
میری بلا بھی ذِکر پر پھول کے خار کھائے کیوں

گردِ ملال اگر دُھلے دِل کی کلی اگر کھِلے
بَرق سے آنکھ کیوں جلے رونے پہ مسکرائے کیوں

جانِ سفر نصیب کو کس نے کہا مزے سے سو
کھٹکا اگر سحر کا ہو شام سے موت آئے کیوں

اب تو نہ روک اے غنی عادتِ سگ بگڑ گئی
میرے کریم پہلے ہی لقمۂ تر کھلائے کیوں

راہِ نبی میں کیا کمی فرشِ بیاض دیدہ کی
چادرِ ظِل ہے ملگجی زیرِ قدم بچھائے کیوں

سنگِ درِ حضور سے ہم کو خدا نہ صبر دے
جانا ہے سر کو جا چکے دل کو قرار آئے کیوں

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

ہے تو رضاؔ نرا ستم جرم پہ گر لجائیں ہم
کوئی بجائے سوزِ غم سازِ طرب بجائے کیوں

یادِ وطن ستم کیا دشتِ حرم سے لائی کیوں
بیٹھے بٹھائے بدنصیب سر پہ بلا اٹھائی کیوں

دل میں جو چوٹ تھی دبی ہائے غضب ابھر گئی
پوچھو تو آہِ سرد سے ٹھنڈی ہوا چلائی کیوں

چھوڑ کے اُس حرم کو آپ بن میں ٹھگوں کے آبسو
پھر کہو سر پہ دھر کے ہاتھ لٹ گئی سب کمائی کیوں

باغِ عرب کا سروِ ناز دیکھ لیا ہے ورنہ آج
قمریِ جانِ غمزدہ گونج کے چہچہائی کیوں

نامِ مدینہ لے دیا چلنے لگی نسیمِ خلد
سوزشِ غم کو ہم نے بھی کیسی ہوا بتائی کیوں

کِس کی نگاہ کی حیا پھرتی ہے میری آنکھ میں
نرگسِ مست ناز نے مجھ سے نظر چرائی کیوں

تو نے تو کر دیا طبیب آتشِ سینہ کا علاج
آج کے دودِ آہ میں بوئے کباب آئی کیوں

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

فکرِ معاش بد بلا، ہولِ معاد جاں گزا
لاکھوں بلا میں پھنسنے کو روح بدن میں آئی کیوں

ہو نہ ہو آج کچھ مِرا ذکر حضور میں ہوا
ورنہ مِری طرف خوشی دیکھ کے مسکرائی کیوں

حورِ جناں ستم کیا طیبہ نظر میں پھر گیا
چھیڑ کے پردۂ حجاز دیس کی چیز گائی کیوں

غفلتِ شیخ وشاب پر ہنستے ہیں طفلِ شیر خوار
کرنے کو گدگدی عبث آنے لگی بہائی کیوں

عرض کروں حضور سے دل کی تو میرے خیر ہے
پیٹتی سر کو آرزو دشتِ حرم سے آئی کیوں

حسرتِ نو کا سانحہ سنتے ہی دل بگڑ گیا
ایسے مریض کو رضاؔ مرگِ جواں سنائی کیوں

اہلِ صراط روحِ امیں کو خبر کریں
جاتی ہے امتِ نبوی فرش پر کریں

اِن فتنہ ہائے حشر سے کہہ دو حذر کریں
نازوں کے پالے آتے ہیں رہ سے گزر کریں

بد ہیں تو آپ کے ہیں بھلے ہیں تو آپ کے
ٹکڑوں سے تو یہاں کے پلے رخ کدھر کریں

سرکار ہم کمینوں کے اطوار پر نہ جائیں
آقا حضور اپنے کرم پر نظر کریں

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

ان کی حرم کے خار کشیدہ ہیں کس لیے
آنکھوں میں آئیں سر پہ رہیں دل میں گھر کریں

جالوں پہ جال پڑ گئے للہ وقت ہے
مشکل کشائی آپ کے ناخن اگر کریں

منزل کڑی ہے شانِ تبسم کرم کرے
تاروں کی چھاؤں نور کے تڑکے سفر کریں

کلکِ رضاؔ ہے خنجرِ خوں خوار برق بار
اعدا سے کہہ دو خیر منائیں نہ شر کریں

وہ سوئے لالہ زار پھرتے ہیں
تیرے دن اے بہار پھرتے ہیں

جو ترے در سے یار پھرتے ہیں
دربدر یوں ہی خوار پھرتے ہیں

آہ کل عیش تو کیے ہم نے
آج وہ بے قرار پھرتے ہیں

ان کے ایما سے دونوں باگوں پر
خیلِ لیل و نہار پھرتے ہیں

ہر چراغِ مزار پر قدسی
کیسے پروانہ وار پھرتے ہیں

اس گلی کا گدا ہوں میں جس میں
مانگتے تاج دار پھرتے ہیں

جان ہیں جان کیا نظر آئے
کیوں عدو گردِ غار پھرتے ہیں

پھول کیا دیکھوں میری آنکھوں میں
دشتِ طیبہ کے خار پھرتے ہیں

لاکھوں قدسی ہیں کامِ خدمت پر
ق لاکھوں گردِ مزار پھرتے ہیں

وردیاں بولتے ہیں ہرکارے
پہرہ دیتے سوار پھرتے ہیں

رکھیے جیسے ہیں خانہ زاد ہیں ہم
مول کے عیب دار پھرتے ہیں

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

ہائے غافل وہ کیا جگہ ہے جہاں
پانچ جاتے ہیں چار پھرتے ہیں

بائیں رستے نہ جا مسافر سن
مال ہے راہ مار پھرتے ہیں

جاگ سنسان بن ہے رات آئی
گرگ بہرِ شکار پھرتے ہیں

نفس یہ کوئی چال ہے ظالم
جیسے خاصے بجار پھرتے ہیں

کوئی کیوں پوچھے تیری بات رضاؔ
تجھ سے کتّے ہزار پھرتے ہیں

اُن کی مہک نے دل کے غنچے کھلا دیے ہیں
جس راہ چل گئے ہیں کوچے بسا دیے ہیں

جب آ گئی ہیں جوشِ رحمت پہ اُن کی آنکھیں
جلتے بجھا دیئے ہیں روتے ہنسا دیے ہیں

اِک دل ہمارا کیا ہے آزار اس کا کتنا
تم نے تو چلتے پھرتے مردے جلا دیے ہیں

اُن کے نثار کوئی کیسے ہی رنج میں ہو
جب یاد آ گئے ہیں سب غم بھلا دیے ہیں

ہم سے فقیر بھی اب پھیری کو اٹھتے ہوں گے
اب تو غنی کے در پر بستر جما دیے ہیں

اسرا میں گزرے جس دم بیڑے پہ قدسیوں کے
ہونے لگی سلامی پرچم جھکادیے ہیں

آنے دو یا ڈبو دو اب تو تمہاری جانب
کشتی تمہیں پہ چھوڑی لنگر اٹھادیے ہیں

دولھا سے اتنا کہہ دو پیارے سواری روکو
مشکل میں ہیں براتی پُرخار بادیے ہیں

اللہ کیا جہنم اب بھی نہ سرد ہوگا
رو رو کے مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے دریا بہادیے ہیں

میرے کریم سے گر قطرہ کسی نے مانگا
دریا بہادیے ہیں دُر بے بہا دیے ہیں

ملکِ سخن کی شاہی تم کو رضاؔ مسلم
جس سمت آگئے ہو سِکّے بٹھادیے ہیں

ہے لبِ عیسیٰ سے جاں بخشی نرالی ہاتھ میں
سنگریزے پاتے ہیں شیریں مقالی ہاتھ میں

بے نواؤں کی نگاہیں ہیں کہاں تحریر دست
رہ گئیں جو پاکے جودِ لایزالی ہاتھ میں

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

کیا لکیروں میں ید اللہ خطّ سرو آسا لکھا
راہ یوں اس راز لکھنے کی نکالی ہاتھ میں

جود شاہ کوثر اپنے پیاسوں کا جویا ہے آپ
کیا عجب اڑ کر جو آپ آئے پیالی ہاتھ میں

ابر نیساں مومنوں کو تیغِ عریاں کفر پر
جمع ہیں شانِ جمالی و جلالی ہاتھ میں

مالکِ کونین ہیں گو پاس کچھ رکھتے نہیں
دو جہاں کی نعمتیں ہیں ان کے خالی ہاتھ میں

سایہ افگن سر پہ ہو پرچم الٰہی جھوم کر
جب لواء الحمد لے امّت کا والی ہاتھ میں

ہر خطِ کف ہے یہاں اے دستِ بیضائے کلیم
موجزن دریائے نورِ بے مثالی ہاتھ میں

وہ گراں سنگی قدرِ مس وہ ارزانی جود
نوعیہ بدلا کیے سنگ و لآلی ہاتھ میں

دست گیر ہر دو عالم کر دیا سبطین کو
اے میں قرباں جانِ جاں انگشت کیا لی ہاتھ میں

آہ وہ عالم کہ آنکھیں بند اور لب پر درود
وقف سنگِ درجبیں روضہ کی جالی ہاتھ میں

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

جس نے بیعت کی بہارِ حسن پر قرباں رہا
ہیں لکیریں نقشِ تسخیرِ جمالی ہاتھ میں

کاش ہو جاؤں لبِ کوثر میں یوں وارفتہ ہوش
لے کر اس جانِ کرم کا ذیل عالی ہاتھ میں

آنکھ محوِ جلوۂ دیدار، دل پُرجوشِ وجد
لب پہ شکرِ بخششِ ساقی پیالی ہاتھ میں

حشر میں کیا کیا مزے وارفتگی کے لوں رضاؔ
لوٹ جاؤں پا کے وہ دامانِ عالی ہاتھ میں

راہِ عرفاں سے جو ہم نادیدہ رو محرم نہیں
مصطفیٰ ہے مسندِ ارشاد پر کچھ غم نہیں

ہوں مسلماں گرچہ ناقص ہی سہی اے کاملو!
ماہیت پانی کی آخر یم سے نم میں کم نہیں

غنچے مَا اَوحیٰ کے جو چٹکے دَنیٰ کے باغ میں
بلبلِ سدرہ تک اُن کی بُو سے بھی محرم نہیں

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

اُس میں زم زم ۱ ہے کہ تھم تھم، اس میں جم جم ہے ۲ کہ بیش
کثرتِ کوثر میں زم زم کی طرح کم کم ۳ نہیں

پنجۂ مہرِ عرب ہے جس سے دریا بہہ گئے
چشمۂ خورشید میں تو نام کو بھی نم نہیں

ایسا اُمّی کس لیے منت کشِ استاد ہو
کیا کفایت اس کو "اِقْرَأْ رَبُّكَ الْاَكْرَمُ" نہیں

اوس مہرِ حشر پر پڑ جائے پیاسو تو سہی
اُس گلِ خنداں کا رونا گریۂ شبنم نہیں

ہے انہیں کے دم قدم کی باغِ عالم میں بہار
وہ نہ تھے عالم نہ تھا گر وہ نہ ہوں عالم نہیں

سایۂ دیوار و خاکِ در ہو یا رب اور رضاؔ
خواہشِ دیہیمِ قیصر شوقِ تختِ جم نہیں

۱ زم زم کے معنی سریانی زبان میں تھم تھم۔ جب یہ چشمہ زمین سے اُبلا حضرت ہاجرہ والدۂ سیّدنا اسمٰعیل علیہما السلام نے اس خوف سے کہ پانی ریتے میں مل کر خشک نہ ہو جائے ایک دائرہ کھینچ کر فرمایا زم زم، ٹھہر ٹھہر، وہ اسی دائرہ میں رہ کر کنواں ہو گیا۔ حدیث میں فرمایا کہ وہ نہ روکتیں تو سمندر ہو جاتا۔ ۱۲۔

۲ جم جم بزبانِ عربی یعنی کثیر۔ کثیر کوثر سے مشتق ہے۔ ۱۲

۳ مقدار سے سوال یعنی کتنا کتنا۔ ۱۲

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

وہ کمالِ حسنِ حضور ہے کہ گمانِ نقص جہاں نہیں
یہی پھول خار سے دور ہے یہی شمع ہے کہ دھواں نہیں

دو جہاں کی بہتریاں نہیں کہ امانیِ دل وجاں نہیں
کہو کیا ہے وہ جو یہاں نہیں مگر اک "نہیں" کہ وہ ہاں نہیں

میں نثار تیرے کلام پر ملی یوں تو کس کو زباں نہیں
لولاک والے صاحبی سب تیرے گھر کی ہے

---

① حدیث میں فرمایا ہے مَنْ زَارَ قَبْرِیْ وَجَبَتْ لَہٗ شَفَاعَتِیْ جو میرے مزار پاک کی زیارت کرے اس کے لیے میری شفاعت واجب ہو جائے۔ ۱۲

② نہضت کہیں جانے کے ارادے سے کھڑا ہونا۔

③ یعنی سنگ اسود کہ سیاہ رنگ کا پتھر کعبہ معظّمہ میں نصب ہے اور آنکھ کی پتلی سے مشابہ ہے۔

④ کعبہ معظّمہ خلیل اللہ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے بنایا اور منیٰ مکہ معظّمہ سے تین میل

(باقی آئندہ صفحہ)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

مولیٰ علی ۱ نے واری تری نیند پر نماز
اور وہ بھی عصر سب سے جو اعلیٰ خطر ۲ کی ہے

صدّیق ۳ بلکہ غار میں جاں اُس پہ دے چکے
اور حفظِ جاں تو جان فروضِ غُرر ۴ کی ہے

(بقیہ گزشتہ صفحہ) پر وہ بستی ہے جہاں قربانی ہوتی ہے اور تین جگہ شیطان کو سنگریزے مارے جاتے ہیں۔ یہ دونوں باتیں بھی اس مقام میں سنّتِ خلیل اللہ علیہ الصلوٰۃ والسلام ہیں۔

۱ خیبر سے واپسی میں منزل صہبا پر نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نمازِ عصر پڑھ کر مولیٰ علی کرم اللہ وجہہ کے زانو پر سر اقدس رکھ کر آرام فرمایا۔ مولیٰ علی نے نماز نہ پڑھی تھی۔ آنکھ سے دیکھتے رہے کہ وقت جاتا ہے مگر صرف اس خیال سے کہ زانو سرکاؤں تو شاید حضور پُرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خواب میں خلل آئے جنبش نہ کی یہاں تک کہ آفتاب غروب ہوگیا۔

۲ خطر بمعنی شرف نمازِ عصر صلوٰۃ وُسطیٰ ہے کہ سب نمازوں سے افضل و اعلیٰ ہے۔

۳ "اس" کا اشارہ نیند کی طرف ہے یعنی صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے غارِ ثور میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی نیند پر اپنی جان قربان کردی کہ غارِ ثور کے سوراخ میں اپنے کپڑے پھاڑ پھاڑ کر بند کردیے۔ ایک سوراخ باقی رہا اس میں پاؤں کا انگوٹھا رکھ دیا اور حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو بلایا۔ حضور نے ان کے زانو پر سرِ اقدس رکھ کر آرام فرمایا۔ اس غار میں ایک سانپ مشتاق زیارتِ اقدس رہتا تھا۔ اپنا سر صدیق کے پاؤں پر ملا۔ انہوں نے اس خیال سے کہ جان جائے محبوب کی نیند میں خلل نہ آئے پاؤں نہ ہٹایا، آخر اس نے پاؤں میں کاٹ لیا۔ ہر سال وہ زہر عود کرتا۔ آخر اسی سے شہادت پائی۔

۴ غُرر بالضم جمع اغر بمعنی روشن تر یعنی جان کا رکھنا سب فرضوں سے زیادہ اہم ہے۔ صدیق نے خواب اقدس کے مقابل اس کا بھی خیال نہیں کیا۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

ہاں ① تونے اِن کو جان اُنہیں پھیر دی نماز
پَروہ توکرچکے تھے جوکرنی بشر کی ہے

ثابت ہوا کہ جملہ فرائض فروع ہیں
اصل الاصول بندگی ② اس تاج ور کی ہے

شر ③ خیر، شورسُوٗر، شرر دور، نار نور
بشریٰ کہ بارگاہ یہ خیر البشر کی ہے

مجرم بلائے آئے ہیں جَآءُوْكَ ④ ہے گواہ
پھر رد ہو کب یہ شان کریموں کے در کی ہے

① چشم اقدس کھلی مولیٰ علی نے اپنی نماز کا حال عرض کیا حضور نے حکم دیا فوراً اڈوبا ہوا سورج پلٹ آیا۔ عصر کا وقت ہوگیا مولیٰ علی نے نماز ادا کی آفتاب ڈوب گیا اور جب صدیق اکبر کے آنسو چہرۂ اقدس پر گرے چشم مبارک کھلی، صدیق اکبر نے حال عرض کیا، لعابِ دہن اقدس لگا دیا فوراً آرام ہوگیا، بارہ برس بعد اسی سے شہادت پائی۔

② نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بندگی یعنی خدمت وغلامی بھی خدا ہی کا فرض ہے مگر یہ فرض سب فرائض سے اعظم واہم ہے جیسا کہ صدیق اکبر اور مولیٰ علی نے عمل کر کے بتادیا اور اللہ ورسول نے اسے مقبول رکھا۔ ③ یعنی یہاں حاضر ہوکر شر، خیر سے بدل جاتا ہے اور غم والم کا شورسُوٗر یعنی خوشی وشادی ہوجاتا ہے، اور غم وگناہ کے شرر دور ہوجاتے ہیں۔ خلاصہ یہ کہ نار یہاں کی حاضری سے نور ہوجاتی ہے۔ يُبَدِّلُ اللّٰهُ سَيِّاٰتِهِمْ حَسَنٰتٍ۔

④ قرآن عظیم میں ہے: وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ الآية.
یعنی اگر وہ جب گناہ کریں اے نبی تیری بارگاہ میں حاضر ہوکر معافی چاہیں اور تو ان کی شفاعت چاہے تو ضرور اللہ کو توبہ قبول کرنے والا مہربان پائیں تو قرآن عظیم خود گناہ گاروں کو اپنے حبیب کے دربار میں بلا رہا ہے اور کریموں کی یہ شان نہیں ہے کہ اپنے در پر بلا کر رَد کردیں۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

بد ہیں مگر انہیں کے ہیں، باغی نہیں ہیں ہم
نجدی نہ آئے اس کو یہ منزل خطر کی ہے

تف نجدیت نہ کفر نہ اسلام سب پہ حرف
کافر ادھر کی ہے نہ اُدھر کی اَدھر کی ہے

حاکم ۱ حکیم داد و دوا دیں یہ کچھ نہ دیں
مردود! یہ مُراد کِس آیت خبر کی ہے

شکلِ بشر میں نورِ الٰہی اگر نہ ہو
کیا قدر اِس خمیرۂ ماؤ مدر کی ہے

نورِ الٰہ کیا ہے محبت حبیب کی
جس دل میں یہ نہ ہو وہ جگہ خوک وخر کی ہے

ذکرِ خدا جو اُن سے جدا چاہو نجدیو!
واللہ ذکرِ حق نہیں کنجی سقر ۲ کی ہے

۱ حکام مستغیث کو داد دیتے ہیں حکیم مریض کو دوا دیتے ہیں، وہابی بھی ان باتوں کو مانتے ہیں مگر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نسبت اعتقاد رکھتے ہیں کہ حضور کچھ دیتے نہیں اگر غیر خدا سے مانگنا شرک ہے تو حاکم وحکیم سے داد یا دوا کا مانگنا کیوں نہ شرک ہوا اور اگر واسطۂ عطائے خدا جان کر اُن سے مانگنا شرک نہیں تو نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے مانگنا کیوں شرک ہوا۔ یہ ناپاک فرق کون سی آیت وحدیث میں ہے۔

۲ ہنود کے جوگی اور یہود ونصاری کے راہب بھی اپنے زعم میں یادِ خدا کرتے ہیں مگر محمد مصطفی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے الگ ہو کر۔ لہذا جہنمی ہوئے۔ ۱۲

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

بے اُن کے واسطہ کے خدا کچھ عطا کرے
حاشا غلط غلط یہ ہوس بے بصر (۱) کی ہے

مقصود یہ ہیں آدم و نوح و خلیل سے
تخمِ کرم میں ساری کرامت ثمر کی ہے

اُن کی نبوت (۲) اُن کی اُبوّت ہے سب کو عام
اُمّ البشر عروس انہیں کے پسر کی ہے

(۱) ائمۂ دین تصریح فرماتے ہیں کہ دنیا میں اور آخرت میں اور باطن میں اور جسم میں اور روح میں جو نعمت جو برکت اور جو خوبی روزِ ازل سے ابدالآباد تک جسے ملی اور ملتی ہے اور ملے گی اس سب میں واسطہ و قاسم محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہیں حضور کے ہاتھ سے ملی اور ملتی ہے اور ملے گی۔ خود حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں اِنَّمَا اَنَا قَاسِمٌ وَاللّٰہُ الْمُعْطِیْ، دینے والا خدا ہے اور بانٹنے والا میں۔ اس کا مفصّل بیان مصنف کے رسالہ "سلطنۃ المصطفٰی فی ملکوت کل الورٰی" میں ہے۔

(۲) علما فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تمام عالم کے پدرِ معنوی ہیں کہ سب کچھ انہیں کے نور سے پیدا ہوا۔ اسی لیے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نام پاک ابو الارواح ہے تو حضرت آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام اگرچہ صورت میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے باپ ہیں مگر حقیقت میں وہ بھی حضور کے بیٹے ہیں تو اُمّ البشر یعنی حضرت حواء حضور ہی کے پسر آدم کی عروس ہیں، علیہم الصلوٰۃ والسلام۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

ظاہر ① میں میرے پھول حقیقت میں میرے نخل
اُس گل کی یاد میں یہ صدا بوالبشر کی ہے

پہلے ② ہو ان کی یاد کہ پائے جِلا نماز
یہ کہتی ہے اذان جو پچھلے پہر کی ہے

دنیا، مزار، حشر، جہاں ہیں غفور ③ ہیں
ہر منزل اپنے چاند کی منزل غفر ④ کی ہے

ان پر درود جن کو حجر تک کریں سلام
اُن پر سلام جن کو تحیت شجر کی ہے

اُن پر درود جن کو کسِ بے کساں کہیں
اُن پر سلام جن کو خبر بے خبر کی ہے

---

① آدم جب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یاد کرتے تو یوں کہتے یَا اِبْنِیْ صُوْرَۃً وَّاَبِیْ مَعْنًی اے ظاہر میں میرے بیٹے اور حقیقت میں میرے باپ۔

② دونوں حرم شریف میں تہجد کے وقت سے مؤذن مناروں پر جا کر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر صلوٰۃ وسلام باآواز بلند عرض کرتے رہتے ہیں تو نمازِ صبح سے پہلے حضور کی یاد ہوتی ہے جس سے نماز جلا پاتی ہے۔ جیسے فرض سے پہلے سنتیں۔

③ غفور بھی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نام پاک ہے جس کی طرف توریت میں اشارہ ہے۔

④ چاند کی ۲۸ منزلوں سے پندرہویں منزل کا نام ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

جنّ و بشر سلام کو حاضر ہیں السلام
یہ بارگاہ مالکِ جنّ و بشر کی ہے

شمس و قمر سلام کو حاضر ہیں السلام
خوبی انہیں کی جوت سے شمس و قمر کی ہے

سب بحر و بر سلام کو حاضر ہیں السلام
تملیک انہیں کے نام تو ہر بحر و بر کی ہے

سنگ و شجر سلام کو حاضر ہیں السلام
کلمے سے تر زبان درخت و حجر کی ہے

عرض و اثر سلام کو حاضر ہیں السلام
ملجا یہ بارگاہ دعاؤ اثر کی ہے

شوریدہ سر سلام کو حاضر ہیں السلام
راحت انہیں کے قدموں میں شوریدہ سر کی ہے

خستہ جگر سلام کو حاضر ہیں السلام
مرہم یہیں کی خاک تو خستہ جگر کی ہے

سب خشک وتر سلام کو حاضر ہیں السلام
یہ جلوہ گاہ مالکِ ہر خشک وتر کی ہے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

سب کرّ و فر سلام کو حاضر ہیں السلام
ٹوپی یہیں تو خاک پہ ہر کرّ و فر کی ہے

اہلِ نظر سلام کو حاضر ہیں السلام
یہ گرد ہی تو سرمہ سب اہل نظر کی ہے

آنسو بہا کہ بہہ گئے کالے گنہ کے ڈھیر
ہاتھی ڈباؤ جھیل یہاں چشم تر کی ہے

تیری قضا (۱) خلیفۂ احکام ذی الجلال
تیری رضا حلیف قضاؤ قدر کی ہے

یہ پیاری پیاری (۲) کیاری ترے خانہ باغ کی
سرد اُس کی آب وتاب سے آتش سقر کی

جنت (۳) میں آکے نار میں جاتا نہیں کوئی
شکر خدا نوید نجات و ظفر کی ہے

---

(۱) قضا حکم، خلیفہ، نائب حلیف وہ دوست جن میں ہمیشہ دوستی رکھنے کا حلف ہوگیا ہو۔

(۲) قبر انور ومنبر اطہر کے بیچ میں جو زمین ہے اس کی نسبت ارشاد فرمایا کہ رَوضَۃٌ مِّنْ رِیَاضِ الْجَنَّۃِ جنت کی کیاریوں میں سے ایک کیاری ہے۔ ۱۲

(۳) یہ اللہ اور رسول کے کرم پر بھروسا کرکے ایک مدلّل تمنّا ہے یعنی صحیح حدیث سے ثابت ہے کہ یہ مقام جنّت کی کیاری ہے اور اللہ ورسول نے محض اپنے کرم سے محتاجوں کو یہاں جگہ دی یہاں نمازیں پڑھنی نصیب کیں تو بحمد اللہ تعالیٰ جنت میں داخل ہوئے اور جنت میں جاکر پھر کوئی نار میں نہیں جاتا تو امید ہے کہ اب ہم نار کا منھ نہ دیکھیں گے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

مومن ہوں مومنوں پہ رؤفٌ رحیم ہو
سائل ہوں سائلوں کو خوشی لَا نَہَر ۱ کی ہے

دامن کا واسطہ مجھے اس دھوپ سے بچا
مجھ کو تو شاق جاڑوں میں اس دوپہر کی ہے

ماں دونوں بھائی بیٹے بھتیجے عزیز دوست
سب تجھ کو سونپے ملک ہی سب تیرے گھر کی ہے

جن جن مرادوں کے لیے احباب نے کہا
پیش خبیر کیا مجھے حاجت خبر کی ہے

فضل خدا سے غیب شہادت ہوا انہیں
اس پر شہادت آیت ووحی واثر ۲ کی ہے

کہنا نہ کہنے والے تھے جب سے تو اطلاع ۳
مولیٰ کو قول وقائل وہر خشک وتر کی ہے

۱ پہلے مصرعہ میں آیت بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ کی طرف تلمیح تھی، یہاں وَاَمَّا السَّآئِلَ فَلَا تَنْهَرْ کی طرف اشارہ ہے یعنی سائل کو نہ جھڑک لَا نَہَر کے یہ معنی کہ جھڑکنا نہیں۔ ہر کلمہ ثلاثی حلقی العین مثل شعر ونہر وبعر وزہر تسکین وتحریک عین دونوں مطرد ہیں۔ ۱۲

۲ وحی سے مراد بدلیل مقابلہ وحی غیر متلو احادیث نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور اثر اقوال صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم۔

۳ حدیث میں ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں: اِنَّ اللّٰهَ قَدْ رَفَعَ لِيَ الدُّنْيَا فَاَنَا اَنْظُرُ اِلَيْهَا وَاِلٰى مَا هُوَ كَائِنٌ فِيْهَا اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ كَاَنَّمَا اَنْظُرُ اِلٰى كَفِّيْ هٰذِهٖ۔ بے شک اللہ تعالیٰ نے میرے سامنے دنیا اٹھالی تو میں تمام دنیا کو اور

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

اُن پر کتاب اتری بَیَانًا لِّکُلِّ شَیٔ ۱

تفصیل جس میں مَاعَبَر ومَاغَبَر ۲ کی ہے

آگے رہی عطا وہ بقدر طلب تو کیا

عادت یہاں امید سے بھی بیشتر کی ہے

بے مانگے دینے والے کی نعمت میں غرق ہیں

مانگے سے جو ملے کسے فہم اس قدر کی ہے

احباب اس سے بڑھ کے تو شاید نہ پائیں عرض

ناکردہ عرض عرض یہ طرزِ دگر کی ہے

دنداں کا نعت خواں ہوں نہ پایاب ہوگی آب

ندی گلے گلے مِرے آبِ گُہر کی ہے

دشتِ حرم میں رہنے دے صیّاد اگر تجھے

مٹی عزیز بلبلِ بے بال و پر کی ہے

(گزشتہ صفحہ کا): اور جو کچھ اس میں قیامت تک ہونے والا ہے سب کو ایسا دیکھتا ہوں جیسا اپنی اس ہتھیلی کو۔ ۱۲

۱ اشارہ بہ آیۂ کریمہ: نَزَّلْنَا عَلَیْكَ الْكِتٰبَ تِبْیَانًا لِّكُلِّ شَیْءٍ ہم نے تم پر اتارا قرآن ہر چیز کا روشن بیان۔

۲ مَاعَبَر جو گزر گیا، اور مَاغَبَر جو باقی رہا، اشارہ بحدیث فیه نبأ من قبلکم وخبر من بعدکم قرآن میں تم سے اگلوں اور تم سے پچھلوں سب کے احوال کی خبر ہے۔

یارَب رضاؔ نہ احمد پارینہ (۱) ہو کے جائے
یہ بارگاہ تیرے حبیبِ اَبَرّ (۲) کی ہے

توفیق دے کہ آگے نہ پیدا ہو خوئے بد
تبدیل کر جو خصلتِ بد پیشتر کی ہے

آ کچھ سنادے عشق کے بولوں میں اے رضاؔ
مشتاق طبع لذّتِ سوزِ جگر کی ہے

حاضری درگاہ ابدی پناہ ۱۳۲۴ھ

وصلِ دُوم رنگ عشقی

بھینی سہانی صبح میں ٹھنڈک جگر کی ہے
کلیاں کھلیں دلوں کی ہوا یہ کدھر کی ہے

کھبتی ہوئی نظر میں ادا کِس سحر کی ہے
چبھتی ہوئی جگر میں صدا کس گجر کی ہے

ڈالیں ہری ہری ہیں تو بالیں بھری بھری
کشتِ امل (۳) پری ہے یہ بارش کدھر کی ہے

(۱) پارینہ یعنی جیسا سال گزشتہ، اشارہ بمصرعہ ''من ہماں احمد پارینہ کہ بودم ہستم''۔
(۲) بفتحتین ورائے مشدّدہ نکوتر اور سب سے زیادہ احسان کرنے والا۔ ۱۲
(۳) اَمَل بفتحتین امید وآرزو، پَری یعنی خوب صورت وخوش نما۔ ۱۲

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

ہم جائیں اور قدم سے لپٹ کر حرم کہے
سونپا خدا کو یہ عَظَمت کس سفر کی ہے

ہم گردِ کعبہ پھرتے تھے کل تک اور آج وہ
ہم پر نثار (۱) ہے یہ ارادت کدھر کی ہے

کالک جبیں کی سجدۂ در سے چھڑاؤ گے
مجھ کو بھی لے چلو یہ تمنّا حجر کی ہے

ڈوبا ہوا ہے شوق میں زم زم اور آنکھ سے
جھالے برس رہے ہیں یہ حسرت کدھر کی ہے

برسا کہ جانے والوں پہ گوہر کروں نثار
ابرِ کرم سے عرض یہ میزابِ (۲) زر کی ہے

آغوشِ شوق کھولے ہے جن کے لیے حطیم (۳)
وہ پھر کے دیکھتے نہیں یہ دھن کدھر کی ہے

---

(۱) بارہا ثابت ہوا کہ کعبہ معظّمہ نے مقبولان بارگاہِ عزت گدایانِ سرکارِ رسالت کے گرد طواف کیا ہے حدیث میں ہے مسلمانوں کی حُرمت اللہ کے نزدیک کعبۂ معظّمہ کی حرمت سے زیادہ ہے۔

(۲) کعبہ معظّمہ کی دیوارِ شمالی پر حطیم کی طرف جو خالص سونے کا پرنالہ لگا ہے اسے میزابِ رحمت کہتے ہیں۔

(۳) زمانۂ جاہلیت میں قریش نے بنائے کعبہ معظّمہ کی تجدید کی تھی کمی خرچ کے باعث چند گز زمین شمال کی طرف چھوڑ کر دیواریں اٹھادیں وہ زمین اصل میں کعبہ معظّمہ ہی کی ہے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

ہاں ہاں! رہِ مدینہ ہے غافل ذرا تو جاگ
او پاؤں رکھنے والے یہ جا چشم و سر کی ہے

واروں قدم قدم پہ کہ ہر دم ہے جانِ نو
یہ راہِ جاں فزا مرے مولیٰ کے در کی ہے

گھڑیاں گنی ہیں برسوں کہ یہ سُب (۱) گھڑی پھری
مر مر کے پھر یہ سل مرے سینے سے سرکی ہے

اللہ اکبر اپنے قدم اور یہ خاکِ پاک
حسرت ملائکہ کو جہاں وضعِ سر کی ہے

معراج کا سماں ہے کہاں پہونچے زائرو!
کرسی سے اونچی کرسی اسی پاک در کی ہے

عشاقِ (۲) روضہ سجدہ میں سوئے حرم جھکے
اللہ جانتا ہے کہ نیّت کدھر کی ہے

بقیہ پچھلے صفحہ کا: اس کے گرد قوسی شکل پر کمر تک بلند ایک دیوار کھینچ دی گئی ہے اور دونوں طرف سے جانے کی راہ رکھی ہے اس ٹکڑے کو حطیم کہتے ہیں یہ بالکل آغوش کی شکل پر ہے۔

(۱) سُب بضم سین وسکون یائے موحدہ زبان ہندی میں بمعنی نیک وسعید سُب گھڑی ساعتِ سعید۔

(۲) اس شعر کے دو معنی ہیں ایک ظاہر یعنی عاشقان روضہ کا اپنا جی تو چاہتا تھا کہ روضۂ اطہر کی طرف سجدہ کا حکم ہو مگر شرع مطہر نے اس سے منع فرمایا اور کعبہ معظّمہ قبلہ قرار پایا تو بتعمیل حکم کعبہ ہی کی طرف سجدہ میں جھکے مگر دل کی خواہش سے خدا کو خبر ہے تو اس وقت گویا ان کی وہ

یہ گھر ❶ یہ در ہے اس کا جو گھر در سے پاک ہے
مژدہ ہو بے گھرو کہ صلا اچھے گھر کی ہے

محبوبِ ربِّ عرش ہے اس سبز قبہ میں
پہلو میں جلوہ گاہ عتیق و ❷ عمر کی ہے

چھائے ❸ ملائکہ ہیں لگاتار ہے درود!
بدلے ہیں پہرے بدلی میں بارش دُرر کی ہے

بقیہ گزشتہ صفحہ کا: وہ حالت ہے جو ۱۷ ر مہینہ بیت المقدس کی طرف حکم سجود ہونے میں مسلمانوں کی حالت تھی کہ تعمیل حکم بیت المقدس کی طرف سجدہ کرتے اور دل میں خواہش یہی تھی کہ مکہ معظّمہ قبلہ کردیا جائے: قَالَ اللهُ فَلَنُوَلِّيَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضٰىهَا اس تقدیر پر نیت بمعنی رغبت وخواہش ہے۔ دوسرے معنی دقیق کہ عاشقان روضہ کا سجدہ اگرچہ صورتاً سوئے حرم ہے مگر نیت کا حال خدا جانتا ہے کہ وہ کسی وقت اس کے محبوب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے جدا نہ ہوئے وہ جانتے ہیں: کہ ع کعبہ بھی ہے انہیں کی تجلی کا ایک ظلّ۔ کعبہ بھی انہیں کے نور سے بنا انہیں کے جلوہ نے کعبہ کو کعبہ بنادیا۔ تو حقیقت کعبہ وہ جلوۂ محمدیہ ہے جو اس میں تجلی فرما ہے وہی روح قبلہ اور اسی کی طرف حقیقۃً سجدہ ہے اتنا یادرہے کہ حقیت محمدیہ ہماری شریعت میں مسجود الیہا ہے اور اگلی شریعتوں میں سجدۂ تعظیمی کی مسجود لہا تھی، ملائکہ ویعقوب وابنائے یعقوب علیہم السلام نے اسی کو سجدہ کیا۔ آدم ویوسف علیہما الصلوٰۃ والسلام قبلہ تھے۔

❶ یعنی روضہ پرنور تجلی الٰہی کا گھر عطائے الٰہی کا دروازہ ہے کہ اللہ عزوجل کے ظلّ اوّل واتم واکمل وخلیفۂ مطلق وقاسم ہرنعمت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس میں تشریف فرما ہیں۔

❷ عتیق بمعنیٰ آزاد وکریم وحسین نام سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

❸ مزار پرانوار پر ستّر ہزار فرشتے ہروقت حاضر رہ کر صلوٰۃ (بقیہ اگلے صفحہ پر)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

سعدین ۱ کا قِران ہے پہلوئے ماہ میں
جھرمٹ کیے ہیں تارے تجلّی قمر کی ہے

ستّر ہزار صبح ہیں ستّر ہزار شام
یوں بندگیِ زلف و رخ آٹھوں پہر کی ہے

جو ایک بار آئے دوبارہ نہ آئیں گے
رخصت ہی بارگاہ سے بس اس قدر کی ہے

تڑپا کریں بدل کے پھر آنا کہاں نصیب
بے حکم کب مجال پرندے کو پَر کی ہے

بقیہ پچھلے صفحہ کا: وسلام عرض کرتے رہتے ہیں۔ ستّر ہزار صبح آتے ہیں عصر تک رہتے ہیں۔ عصر کے وقت یہ بدل دیے جاتے ہیں، ستّر ہزار دوسرے آتے ہیں وہ صبح تک رہتے ہیں یوں ہی قیامت تک بدلی ہوگی اور جو ایک بار آئے وہ دوبارہ نہ آئیں گے کہ منظور ان سب ملائکہ کو یہاں کی حاضری سے مشرّف فرمانا ہے اگر یہ تبدیل نہ ہوتے تو کروڑوں محروم رہ جاتے، بدلی یہاں بمعنی تبدیل ہے اور اس سے بطور ایہام معنی ابر و سحاب کی طرف اشارہ کیا اور بدلی میں دُرر یعنی موتیوں کی بارش بتائی جس سے مراد لگاتار درود شریف ہے۔

۱ سعدین دو سیارہ سعید زہرہ و مشتری اور قِران بکسر قاف، ان کا ایک درجہ دقیقۂ فلک میں جمع ہونا یہاں سعدین سے مُراد صدّیق و فاروق ہیں رضی اللہ تعالیٰ عنہما۔ اور ماہ و قمر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور تارے وہی ستّر ہزار ملائکہ کہ مزار پر انوار پر چھائے ہوئے رہتے ہیں۔ ۱۲

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

اے وائے بے کسیِ تمنّا کہ اب امید
دن ❶ کو نہ شام کی ہے نہ شب کو سحر کی ہے

یہ بدلیاں نہ ہوں تو کروروں کی آس جائے
اور بارگاہ مرحمتِ عام تر کی ہے

معصوموں کو ہے عمر میں صرف ایک بار بار
عاصی پڑے رہیں تو صلا عمر بھر کی ہے

زندہ رہیں تو حاضریِ بارگہ نصیب
مرجائیں تو حیاتِ ابد عیش گھر کی ہے

مفلِس اور ایسے در سے پھرے بے غنی ہوئے
چاندی ہر اک طرح تو یہاں گدیہ گر کی ہے

جاناں پہ تکیہ خاک نہالی ہے دل نہال
ہاں بے نواؤ خوب یہ صورت گزر کی ہے

ہیں چتر و تخت سایۂ دیوار وخاکِ در
شاہوں کو کب نصیب یہ دھج کرّ و فر کی ہے

اس پاک کو، میں خاک بسر سر بخاک ہیں
سمجھے ہیں کچھ یہی جو حقیقت بسر ❷ کی ہے

❶ جو شام کو حاضر ہونے والے تھے اُن کو دن بھر شام کی امید لگی تھی کہ شام ہو اور ہم حاضر ہوں۔ جو صبح کو حاضر ہونے والے تھے انہیں شب بھر صبح کی آس بندھی ہوئی تھی کہ صبح ہو اور ہم حاضر ہوں۔ جو ایک بار حاضر ہو چکے ہیں انہیں نہ دن کو ویسی شام کی امید ہے نہ شب کو ویسی صبح کی کہ دوبارہ آنا نہ ہوگا۔ ❷ بسر بمعنی گزر، خوب بسر ہوتی ہے یعنی خوب گزرتی ہے۔ ۱۲

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

کیوں تاج دارو! خواب میں دیکھی کبھی یہ شے
جو آج جھولیوں میں گدایانِ در کی ہے

جاروکشوں ① میں چہرے لکھے ہیں ملوک کے
وہ بھی کہاں نصیب فقط نام بھر کی ہے

طیبہ ② میں مر کے ٹھنڈے چلے جاؤ آنکھیں بند
سیدھی سڑک یہ شہر شفاعت نگر کی ہے

عاصی بھی ہیں چہیتے یہ طیبہ ہے زاہدو!
مکّہ نہیں کہ جانچ جہاں خیر و شر کی ہے

شانِ جمالِ طیبۂ جاناں ہے نفع محض!
وسعت جلالِ مکّہ میں سود و ضرر کی ہے

کعبہ ہے بے شک انجمن آرا دُلہن مگر
ساری بہار دُولہنوں میں دولھا کے گھر کی ہے

کعبہ دُلہن ہے تربتِ اطہر نئی دُلہن
یہ رشکِ آفتاب وہ غیرت قمر کی ہے

① جاروکش مخفف جاروب کش، دونوں سرکاروں میں سلطان روم اعز اللہ نصرہ وغیرہ سلاطینِ اسلام کے چہرے جاروب کشوں میں لکھے ہیں۔ سرکاروں سے اس کی تنخواہ پاتے ہیں ان کا نائب رہتا اور یہ خدمت بجالاتا ہے۔

② حدیث میں فرمایا: من استطاع منکم ان یموت بالمدینۃ فلیمت بھا فانی اشفع لمن یموت بھا۔ تم میں جس سے ہوسکے کہ مدینہ میں مرے، تو مدینہ ہی میں مرنا کہ جو اس میں مرے گا میں اس کی شفاعت کروں گا۔ ۱۲

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

دونوں بنیں سجیلی انیلی بنی مگر
جو پی کے پاس ہے وہ سُہاگن کنور [۱] کی ہے

سرسبزِ وصل یہ ہے سیہ پوشِ ہجر وہ [۲]
چمکی دو پٹوں سے ہے جو حالت جگر کی ہے

ما و شما [۳] تو کیا کہ خلیلِ جلیل کو
کل دیکھنا کہ اُن سے تمنّا نظر کی ہے

اپنا شرف دُعا سے ہے باقی رہا قبول
یہ جانیں ان کے ہاتھ میں کنجی اثر کی ہے

جو چاہے ان سے مانگ کہ دونوں جہاں کی خیر
زرنا خریدہ ایک کنیز اُن کے گھر کی ہے

رومی غلام، دن حبشی، باندیاں شبیں
گنتی کنیز زادوں میں شام وسحر کی ہے

اتنا عجب [۴] بلندیِ جنت پہ کس لیے
دیکھا نہیں کہ بھیک یہ کس اونچے گھر کی ہے

---

[۱] کنور بزبان ہندی بمعنی امیر، سردار، خوب صورت، حسین۔

[۲] رَوضۂ اطہر پر غلاف سبز ہے اور کعبۂ معظّمہ پر سیاہ۔ ۱۲

[۳] صحیح حدیث میں فرمایا کہ روزِ قیامت تمام خلائق میری طرف نیازمند ہوگی یہاں تک کہ خلیل اللہ ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام ۱۲

[۴] جنت ساتوں آسمانوں سے اوپر ہے جس کی چھت عرش معلّٰی ہے (اگلے صفحہ پر)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

عرشِ بریں پہ کیوں نہ ہو فردوس کا دماغ
اتری ہوئی شبیہ ترے بام و در کی ہے

وہ خلد جس میں اترے گی ابرار کی برات ۱
ادنیٰ نچھاور اس مرے دولھا کے سر کی ہے

عنبر ۲ زمیں، عبیر ہوا، مشکِ تر غبار!
ادنیٰ سی یہ شناخت تری رہ گزر کی ہے

سرکار ہم گنواروں میں طرزِ ادب کہاں
ہم کو تو بس تمیز یہی بھیک بھر کی ہے

مانگیں گے مانگیں جائیں گے منھ مانگی پائیں گے
سرکار میں نہ لا ۳ ہے نہ حاجت اگر کی ہے

بقیہ گزشتہ صفحہ کا: بعض گدایانِ بارگاہ اگر تعجب کریں کہ ہم جیسے پست و بے مقدار اور اتنی بلند عطا تو جواب بتایا ہے کہ یہ تمہارے استحقاق ولیاقت کی بنا پر نہیں بلکہ دینے والے کی رحمت وعطا ہے دیکھتے نہیں کہ بھیک کیسے اونچے گھر کی ہے تو اس کی اتنی بلندی کیا عجب ہے۔ ۱۲

۱ ابرار کا مرتبہ مقربین سے بہت کم ہے یہاں تک کہ حسنات الابرار سیات المقربین پھر مقربین میں بھی درجات بے شمار ہیں اور انہیں بھی اعلیٰ اور اعلیٰ سے اعلیٰ جو درجے ملیں گے وہ بھی سب حضور ہی کا تصدّق ہے اسی لیے اسے ادنیٰ نچھاور کہا ورنہ جنت میں کچھ ادنیٰ نہیں۔ ۱۲

۲ یعنی جس راہ سے حضور گزر فرمائیں وہاں کی زمین عنبر ہو جاتی ہے ہوا عبیر بن جاتی ہے اور غبار مشک تر ہو جاتا ہے۔ (بقیہ اگلے صفحہ پر)

MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

اُف بے حیائیاں کہ یہ منھ اور ترے حضور
ہاں تو کریم ہے تری خو درگزر کی ہے

تجھ سے چھپاؤں منھ تو کروں کس کے سامنے
کیا اور بھی کسی سے توقع نظر کی ہے

جاؤں کہاں، پکاروں کسے، کس کا منہ تکوں؟
کیا پُرسش اور جا بھی سگِ بے ہُنر کی ہے

بابِ عطا تو یہ ہے جو بہکا ادھر اُدھر
کیسی خرابی اس نگھرے در بدر کی

آباد ایک در ہے ترا اور ترے (۱) سوا
جو بارگاہ دیکھیے غیرت کھنڈر کی ہے

لب وا ہیں آنکھیں بند ہیں پھیلی ہے جھولیاں
کتنے مزے کی بھیک ترے پاک در کی ہے

بقیہ گزشتہ صفحہ کا: (۳) سائل کو نہ ملنے کی دو صورتیں ہوتی ہیں ایک یہ کہ جس سے مانگا وہ سرے سے انکار کردے، یہ تو "لا" ہوا یعنی نہیں۔ دوسرے یہ کہ شرط پر ٹالے کہ اگر ہمارے پاس ہوا تو دیں گے یا اگر تم نے فلاں کام کیا تو دیں گے ان کی سرکار میں یہ دونوں باتیں نہیں، تو ضرور ہمیں امید ہے کہ جو ہم مانگیں گے پائیں گے۔

(۱) اولیائے کرام کی بارگاہیں بھی حضور ہی کی بارگاہ ہیں۔ حضور ہی کی کفش برداری سے وہ اولیا ہوئے اور واسطہ ووسیلہ بنے حتی کہ انبیا بھی حضور ہی کے طفیلی اور عطائے فیض میں حضور ہی کے نائب ہیں۔ (علیہم الصلوۃ والسلام)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

گھیرا اندھیریوں نے دہائی ہے چاند کی
تنہا ہوں کالی رات ہے منزل خطر کی

قِسمت میں لاکھ پیچ ہوں سو بَل ہزار کج
یہ ساری گتھی اِک تری سیدھی نظر کی ہے

ایسی بندھی، نصیب کھلے، مشکلیں کھلیں
دونوں جہاں میں دھوم تمہاری کمر کی ہے

جنت نہ دیں، نہ دیں، تری رویت ہو خیر سے
اس گل کے آگے کس کو ہوس برگ و بر کی ہے

شربت ۱ نہ دیں، نہ دیں، تو کرے بات لطف سے
یہ شہد ہو تو پھر کسے پَروا شکر کی ہے

میں خانہ زاد کہنہ ہوں صورت لکھی ہوئی
بندوں کنیزوں میں مرے مادر پدر کی ہے

منگتا کا ہاتھ اٹھتے ہی داتا کی دین تھی
دوری قبول وعرض میں بس ہاتھ بھر کی ہے

۱ بظاہر ایک مکر انسانی کی صنعت ہے جنت سے گویا بے رغبتی ظاہر کی مگر اس شرط پر کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی رویت خیر سے ہو اور یقیناً معلوم ہے کہ جسے حضور کی رویت خیر سے ہوگی جنت اس کے قدموں سے لگی ہوئی ہے پھر محال ہے کہ اسے جنت نہ دیں علاوہ بریں عشاق ہرگز اپنے محبوب کے سوا گل وبلبل شہد وشیر کی طرف توجہ نہیں کرتے۔ ۱۲

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

سنکی وہ دیکھ بادِ شفاعت کہ دے ہوا
یہ آبرو رضاؔ [1] ترے دامانِ تر کی ہے

معراج نظم نذر گدا بحضور سلطانُ الانبیاء علیہ افضل الصّلوٰۃ والثنا

در تہنیت شادی اسرا

وہ سرورِ کشورِ رسالت جو عرش پر جلوہ گر ہوئے تھے
نئے نرالے طرب کے ساماں عرب کے مہمان کے لیے تھے

بہار ہے شادیاں مبارک چمن کو آبادیاں مبارک
مَلَک فلک اپنی اپنی لے میں یہ گھر عنادل کا بولتے تھے

وہاں فلک پر یہاں زمیں پر رچی تھی شادی مچی تھی دھومیں
اُدھر سے انوار ہنستے آتے اِدھر سے نفحات اُٹھ رہے تھے

یہ چھوٹ پڑتی تھی اُن کے رُخ کی کہ عرش تک چاندنی تھی چھٹکی
وہ رات کیا جگمگا رہی تھی جگہ جگہ نصب آئنے تھے

[1] کسی کے دامن کو خشک کرنے کے لیے ہوا دیتے ہیں۔ اور تر دامنی استعارہ ہے گناہ سے یعنی تیرے دامنِ تر کو ہوا دینے کے لیے وہ دیکھ شفاعت کی نسیم چلی۔ والحمد للہ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

نئی دلہن کی پھبن میں کعبہ نکھر کے سنورا سنور کے نِکھرا
حجر کے صدقے کمر کے اِک تِل میں رنگ لاکھوں بناؤ کے تھے

نظر میں دولہا کے پیارے جلوے حَیا سے محراب سر جھکائے
سیاہ پردے کے منھ پر آنچل تجلّیِ ذات بحت سے تھے

خوشی کے بادل امنڈ کے آئے دلوں کے طاؤس رنگ لائے
وہ نغمۂ نعت کا سماں تھا حرم کو خود وجد آرہے تھے

یہ جھوما میزابِ زر کا جھومر کہ آرہا کان پر ڈھلک کر
پھوہار برسی تو موتی جھڑ کر حطیم کی گود میں بھرے تھے

دلہن کی خوش بو سے مست کپڑے نسیم گستاخ آنچلوں سے
غلافِ مشکیں جو اڑ رہا تھا غزال نافے بسا رہے تھے

پہاڑیوں کا وہ حسن تزئیں وہ اونچی چوٹی وہ ناز و تمکیں!
صبا سے سبزہ میں لہریں آتیں دوپٹے دھانی چنے ہوئے تھے

نہا کے نہروں نے وہ چمکتا لباس آبِ رواں کا پہنا
کہ موجیں چھڑیاں تھیں دھار لچکا حبابِ تاباں کے تھل ٹکے تھے

پرانا پر داغ ملگجا تھا اٹھا دیا فرش چاندنی کا
ہجومِ تارِ نگہ سے کوسوں قدم قدم فرش بادلے تھے

غبار بن کر نثار جائیں کہاں اب اُس رہ گزر کو پائیں
ہمارے دل حوریوں کی آنکھیں فرشتوں کے پَر جہاں بچھے تھے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

خدا ہی دے صبر جانِ پرغم دکھاؤں کیوں کر تجھے وہ عالم
جب اُن کو جھرمٹ میں لے کے قدسی جناں کا دولھا بنا رہے تھے

اتار کر اُن کے رخ کا صدقہ یہ نور کا بٹ رہا تھا باڑا
کہ چاند سورج مچل مچل کر جبیں کی خیرات مانگتے تھے

وہی تو اب تک چھلک رہا ہے وہی تو جوبن ٹپک رہا ہے
نہانے میں جو گرا تھا پانی کٹورے تاروں نے بھر لیے تھے

بچا جو تلووں کا ان کے دھوون بنا وہ جنت کا رنگ وروغن
جنھوں نے دولھا کی پائی اُترن وہ پھول گلزارِ نور کے تھے

خبر یہ تحویل مہر کی تھی کہ رُت سہانی گھڑی پھرے گی
وہاں کی پوشاک زیبِ تن کی یہاں کا جوڑا بڑھا چکے تھے

تجلیِ حق کا سہرا سر پر صلوٰۃ وتسلیم کی نچھاور
دو رُویہ قدسی پَرے جما کر کھڑے سلامی کے واسطے تھے

جو ہم بھی واں ہوتے خاکِ گلشن لپٹ کے قدموں سے لیتے اُترن
مگر کریں کیا نصیب میں تو یہ نامرادی کے دن لکھے تھے

ابھی نہ آئے تھے پشت زیں تک کہ سَر ہوئی مغفرت کی شلّک
صدا شفاعت نے دی مبارک گناہ مستانہ جھومتے تھے

عجب نہ تھا رخش کا چمکنا غزالِ دم خوردہ سا بھڑکنا
شعاعیں بکّے اڑا رہی تھیں تڑپتے آنکھوں پہ صاعقے تھے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

ہجومِ اُمید ہے گھٹاؤ مُرادیں دے کر انہیں ہٹاؤ
ادب کی باگیں لیے بڑھاؤ ملائکہ میں یہ غلغلے تھے

اٹھی جو گردِ رہِ منوّر وہ نور برسا کہ راستے بھر
گھرے تھے بادل، بھرے تھے جل تھل، امنڈ کے جنگل اُبل رہے تھے

ستم کیا کیسی مت کٹی تھی قمر وہ خاک اُن کے رہ گزر کی
اٹھا نہ لایا کہ ملتے ملتے یہ داغ سب دیکھتا مٹے تھے

بُراق کے نقش سُم کے صدقے وہ گل کھلائے کہ سارے رستے
مہکتے گلبن لہکتے گلشن ہرے بھرے لہلہا رہے تھے

نمازِ اقصیٰ میں تھا یہی سر عیاں ہوں معنئِ اوّل آخر
کہ دست بستہ ہیں پیچھے حاضر جو سلطنت آگے کر گئے تھے

یہ اُن کی آمد کا دبدبہ تھا نکھار ہر شَے کا ہو رہا تھا
نجوم و افلاک جام و مینا اجالتے تھے کھنگالتے تھے

نقاب الٹے وہ مہرِ انور جلال رُخسار گرمیوں پر!
فلک کو ہیبت سے تپ چڑھی تھی تپکتے انجم کے آبلے تھے

یہ جوششِ نور کا اثر تھا کہ آبِ گوہر کمر کمر تھا
صفائے رہ سے پھسل پھسل کر ستارے قدموں پہ لوٹتے تھے

بڑھا یہ لہرا کے بحرِ وحدت کہ دُھل گیا نامِ ریگِ کثرت
فلک کے ٹیلوں کی کیا حقیقت یہ عرش و کرسی دو بلبلے تھے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

وہ ظلِّ رحمت وہ رخ کے جلوے کہ تارے چھپتے نہ کھلنے پاتے
سنہری زربفت اودی اطلس یہ تھان سب دھوپ چھاؤں کے تھے

چلا وہ سروِ چماں خراماں نہ رُک سکا سدرہ سے بھی داماں
پلک جھپکتی رہی وہ کب کے سب این وآں سے گزر چکے تھے

جھلک سی اِک قدسیوں پر آئی ہوا بھی دامن کی پھر نہ پائی
سواری دولہا کی دُور پہونچی برات میں ہوش ہی گئے تھے

تھکے تھے رُوح الامیں کے بازو چھٹا وہ دامن کہاں وہ پہلو
رکاب چھوٹی امید ٹوٹی نگاہِ حسرت کے ولولے تھے

روش کی گرمی کو جس نے سوچا دماغ سے اِک بھبوکا پھوٹا
خِرد کے جنگل میں پھول چمکا دَہر دَہر پیڑ جل رہے تھے

جِلو میں جو مرغِ عقل اڑے تھے عجب بُرے حالوں گرتے پڑتے
وہ سدرہ ہی پر رہے تھے تھک کر چڑھا تھا دم تیور آ گئے تھے

قوی تھے مرغانِ وہم کے پر اڑے تو اڑنے کو اور دم بھر
اٹھائی سینے کی ایسی ٹھوکر کہ خونِ اندیشہ تھوکتے تھے

سُنا یہ اتنے میں عرشِ حق نے کہ لے مبارک ہوں تاج والے
وہی قدم خیر سے پھر آئے جو پہلے تاجِ شرف ترے تھے

یہ سن کے بے خود پکار اٹھا نثار جاؤں کہاں ہیں آقا
پھر ان کے تلووں کا پاؤں بوسہ یہ میری آنکھوں کے دن پھرے تھے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

جھکا تھا مجرے کو عرش اعلیٰ گرے تھے سجدے میں بزمِ بالا
یہ آنکھیں قدموں سے مل رہا تھا وہ گرد قربان ہو رہے تھے

ضیائیں کچھ عرش پر یہ آئیں کہ ساری قندیلیں جھلملائیں
حضور خورشید کیا چمکتے چراغ منہ اپنا دیکھتے تھے

یہی سماں تھا کہ پیکِ رحمت خبر یہ لایا کہ چلیے حضرت
تمہاری خاطر کشادہ ہیں جو کلیم پر بند راستے تھے

بڑھ اے محمد! قریں ہو احمد! قریب آ سرور ممجّد!
نثار جاؤں یہ کیا ندا تھی یہ کیا سماں تھا یہ کیا مزے تھے

تبارک اللہ شان تیری تجھی کو زیبا ہے بے نیازی
کہیں تو وہ جوشِ لن ترانی کہیں تقاضے وصال کے تھے

خرد سے کہہ دو کہ سر جھکا لے گماں سے گزرے گزرنے والے
پڑے ہیں یاں خود جہت کو لالے کسے بتائے کدھر گئے تھے

سُراغِ اَین و مَتیٰ کہاں تھا نشانِ کیف والیٰ کہاں تھا
نہ کوئی راہی نہ کوئی ساتھی نہ سنگِ منزل نہ مرحلے تھے

اُدھر سے پیہم تقاضے آنا اِدھر تھا مشکل قدم بڑھانا
جلال وہیبت کا سامنا تھا جمال ورحمت ابھارتے تھے

بڑھے تو لیکن جھجکتے ڈرتے حیا سے جھکتے ادب سے رکتے
جو قرب انہیں کی روش پہ رکھتے تو لاکھوں منزل کے فاصلے تھے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

پران کا بڑھنا تو نام کو تھا حقیقۃً فِعل تھا اُدھر کا
تنزّلوں میں ترقی افزا دَنیٰ تَدَلّٰی کے سلسلے تھے

ہوا نہ آخر کہ ایک بجرا تموّجِ بحرِ ھُو میں اُبھرا
دَنیٰ کی گودی میں ان کو لے کر فنا کے لنگر اٹھا دیے تھے

کسے ملے گھاٹ کا کنارا کدھر سے گزرا کہاں اتارا
بھرا جو مثلِ نظر طرارا وہ اپنی آنکھوں سے خود چھپے تھے

اٹھے جو قصرِ دنیٰ کے پردے کوئی خبر دے تو کیا خبر دے
وہاں تو جا ہی نہیں دوئی کی نہ کہہ کہ وہ بھی نہ تھے ارے تھے

وہ باغ کچھ ایسا رنگ لایا کہ غنچہ و گل کا فرق اٹھایا
گرہ میں کلیوں کی باغ پھولے گلوں کے تکمے لگے ہوئے تھے

محیط و مرکز میں فرق مشکل رہے نہ فاصل خطوط واصِل
کمانیں حیرت میں سر جھکائے عجیب چکر میں دائرے تھے

حجاب اٹھنے میں لاکھوں پردے ہر ایک پردے میں لاکھوں جلوے
عجب گھڑی تھی کہ وصل و فرقت جنم کے بچھڑے گلے ملے تھے

زبانیں سوکھی دکھا کے موجیں تڑپ رہی تھیں کہ پانی پائیں
بھنور کو یہ ضعف تشنگی تھا کہ حلقے آنکھوں میں پڑ گئے تھے

وہی ہے اوّل وہی ہے آخر وہی ہے باطن وہی ہے ظاہر
اُسی کے جلوے اُسی سے ملنے اُسی سے اُس کی طرف گئے تھے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

www.waseemziyai.com

MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

کمان امکاں کے جھوٹے نقطو تم اوّل آخر کے پھیر میں ہو
محیط کی چال سے تو پوچھو کدھر سے آئے کدھر گئے تھے

ادھر سے تھیں نذر شہ نمازیں ادھر سے انعامِ خسروی میں
سلام ورحمت کے ہار گندھ کر گلوئے پرنور میں پڑے تھے

زبان کو انتظارِ گفتن تو گوش کو حسرتِ شنیدن
یہاں جو کہنا تھا کہہ لیا تھا جو بات سننی تھی سن چکے تھے

وہ برج بطحا کا ماہ پارہ بہشت کی سیر کو سدھارا
چمک پہ تھا خلد کا ستارہ کہ اس قمر کے قدم گئے تھے

سُرور مقدم کی روشنی تھی کہ تابشوں سے مہِ عرب کی
جناں کے گلشن تھے جھاڑ فرشی جو پھول تھے سب کنول بنے تھے

طرب کی نازش کہ ہاں لچکیے ادب وہ بندش کہ ہل نہ سکیے
یہ جوشِ ضدّین تھا کہ پودے کشاکشِ ارّہ کے تلے تھے

خدا کی قدرت کہ چاند حق کے کروروں منزل میں جلوہ کرکے
ابھی نہ تاروں کی چھاؤں بدلی کہ نور کے تڑکے آلیے تھے

نبیِّ رحمت شفیعِ امّت رضاؔ پہ للہ ہو عنایت
اسے بھی ان خلعتوں سے حصہ جو خاص رحمت کے واں بٹے تھے

ثنائے سرکار ہے وظیفہ قبولِ سرکار ہے تمنّا
نہ شاعری کی ہوس نہ پروا روی تھی کیا کیسے قافیے تھے

رُباعیات

آتے رہے انبیا کَمَا قِیْلَ لَھُمْ
وَالْخَاتَمُ حَقُّکُمْ کہ خاتم ہوئے تم
یعنی جو ہوا دفترِ تنزیل تمام
آخر میں ہوئی مہر کہ اَکْمَلْتُ لَکُمْ

شب لحیہ و شارب ہے رُخِ روشن دن
گیسو و شب قدر وبراتِ مومن
مژگاں کی صفیں چار ہیں دو ابرو ہیں
وَالْفَجْر کے پہلو میں لَیَالٍ عَشْرٍ

اللہ کی سرتا بقدم شان ہیں یہ
اِن سا نہیں انسان وہ انسان ہیں یہ
قرآن تو ایمان بتاتا ہے انہیں
ایمان یہ کہتا ہے مری جان ہیں یہ

بوسہ گہِ اصحاب وہ مہر سامی
وہ شانۂ چپ میں اُس کی عنبر فامی

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

یہ طرفہ کہ ہے کعبۂ جان و دِل میں
سنگِ اسود نصیب رکنِ شامی

کعبہ سے اگر تربتِ شہ فاضل ہے
کیوں بائیں طرف اُس کے لیے منزل ہے
اس فکر میں جو دل کی طرف دھیان گیا
سمجھا کہ وہ جسم ہے یہ مرقد دل ہے

تم چاہو تو قِسمت کی مصیبت ٹل جائے
کیوں کر کہوں ساعت سے قیامَت ٹل جائے
للہ اٹھا دو رُخِ روشن سے نقاب
مولیٰ مِری آئی ہوئی شامَت ٹل جائے

یاں شبہہ شبیہ کا گزرنا کیسا!
بے مثل کی تمثال سنورنا کیسا
ان کا متعلق ہے ترقی پہ مدام
تصویر کا پھر کھیے اترنا کیسا

یہ شہ کی تواضع کا تقاضا ہی نہیں
تصویر کھنچے ان کو گوارا ہی نہیں
معنی ہیں یہ مانی کہ کرم کیا مانے
کھنچنا تو یہاں کسی سے ٹھہرا ہی نہیں

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بفیضِ روحانی
حضور مفتی اعظم حضرت علامہ شاہ
محمد مصطفیٰ رضا خاں قادری
علیہ الرحمہ

زیر سرپرستی
امین ملت حضرت پروفیسر
سید محمد امین میاں
قادری مدظلہ العالی

تصحیح شدہ ایڈیشن

حدائقِ بخشش ۱۳۲۵ھ

حصہ دوم

مصنف

حسان الہند سیدنا اعلیٰ حضرت امام احمد رضا قادری بریلوی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

امام احمد رضا اکیڈمی
بریلی شریف

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

فہرست

نمبر شمار	عنوانات	صفحہ نمبر
۱	الا یا ایہا الساقی ادر کاساً	۱۹۳
۲	صبح طیبہ میں ہوئی بٹتا	۱۹۴
۳	امتنان وسیاہ کار یہا	۲۰۰
۴	تراذرّہ مہِ کامل ہے	۲۰۱
۵	جو تیرا طفل ہے کامل	۲۰۳
۶	بدل یا فرد جو کامل ہے	۲۰۴
۷	طلب کا منھ تو کس قابل	۲۰۶
۸	کعبے کے بدر الدجیٰ	۲۰۸
۹	زعکست ماہ تاباں	۲۱۵
۱۰	وظیفہ قادریہ	۲۱۶
۱۱	ولائے آلِ رسول	۲۲۳
۱۲	لاکھوں سلام	۲۲۸
۱۳	اے شافع تر دامناں	۲۳۸
۱۴	یا خدا بہر جناب مصطفیٰ	۲۳۹
۱۵	مرتضیٰ شیر خدا	۲۴۲
۱۶	یا شہید کربلا	۲۴۴
۱۷	باقی اسیاد یا سجاد	۲۴۶
۱۸	یللے خوش آمدم	۲۴۷
۱۹	آہ یا غوث شاہ	۲۴۸
۲۰	یا ابن ہٰذا المرتجیٰ	۲۴۹
۲۱	شاہ برکات	۲۵۱
۲۲	بندہ ام	۲۵۳
۲۳	یا الٰہی ذیل ایں شیراں	۲۵۳
۲۴	مصطفیٰ خیر الوریٰ ہو	۲۵۴
۲۵	ملک خاصِ کبریا ہو	۲۵۶
۲۶	السّلام اے احمدت صہر	۲۵۷
۲۷	اے بدورِ خود امام اہل	۲۵۹
۲۸	زمین وزماں تمہارے	۲۶۱
۲۹	نظر اک چمن سے دوچار	۲۶۴
۳۰	ایمان ہے قال مصطفائی	۲۶۷
۳۱	ذرّے جھڑ کر	۲۶۹
۳۲	سر سوئے روضہ جھکا	۲۶۹
۳۳	وہی رب ہے جس نے	۲۷۰
۳۴	بکارِ خویش حیرانم اغثنی	۲۷۲
۳۵	لحد میں عشقِ رخ شہ	۲۷۳
۳۶	انبیا کو بھی اجل آنی ہے	۲۷۵
۳۷	نظم معطر	۲۷۶
۳۸	اکسیرِ اعظم	۲۹۱
۳۹	مثنوی ردِّ امثالیہ	۳۰۶
۴۰	رباعیات نعتیہ	۳۱۷
۴۱	قطعہ	۳۲۰

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

www.waseemziyai.com

MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَلَا یَآ اَیُّھَا السَّاقِیْ اَدِرْ کَاْسًا وَّنَاوِلْھَا
کہ بر یادِ شہ کوثر بنا سازیم محفلہا

بلا بارید حبِّ شیخ نجدی بر وہابیہ
کہ عِشق آساں نمود اوّل ولے افتاد مشکلہا

وہابی گرچہ اخفا می کند بغضِ نبی لیکن
نہاں کے ماند آں رازے کزو سازند محفلہا

توہّب گاہ ملکِ ہند اقامت را نمی شاید
جرس فریاد می دارد کہ بر بندید محملہا

صلائے مجلسم در گوش آمد ہیں بیا بشنو
جرس مستانہ می گوید کہ بربندید محملہا

مگر داں رُو ازیں محفل رہِ اربابِ سنّت رو
کہ سالک بے خبر نبود زِ راہ و رسم منزلہا

در ایں جلوت بیا از راہِ خلوت تا خُدا یابی
مَتٰی مَا تَلْقَ مَنْ تَھْوٰی دَعِ الدُّنْیَا وَاَمْھِلْھَا

دلم قربانت اے دودِ چراغِ محفلِ مولد
زتابِ جعدِ مشکینت چہ خوں افتاد در دلہا

غریقِ بحرِ عشقِ احمدیم از فرحتِ مولد
کجا دانند حالِ ما سبک سارانِ ساحلہا

رضائے مست جامِ عشق ساغر باز می خواہد

اَلَا یَاۤ اَیُّهَا السَّاقِیْ اَدِرْ کَاْسًا وَّنَاوِلْهَا

صبحِ طیبہ میں ہوئی بٹتا ہے باڑا نور کا
صدقہ لینے نور کا آیا ہے تارا نور کا

باغِ طیبہ میں سہانا پھول پھولا نور کا
مست بو ہیں بلبلیں پڑھتی ہیں کلمہ نور کا

بارہویں کے چاند کا مجرا ہے سجدہ نور کا
بارہ برجوں سے جھکا اِک اِک ستارہ نور کا

ان کے قصرِ قدر سے خلد ایک کمرہ نور کا
سدرہ پائیں باغ میں ننھا سا پودا نور کا

عرش بھی فردوس بھی اس شاہ والا نور کا
یہ مثمن بُرج وہ مشکوئے اعلیٰ نور کا

آئی بدعت چھائی ظلمت رنگ بدلا نور کا
ماہِ سنّت مہر طلعت لے لے بدلا نور کا

تیرے ہی ماتھے رہا اے جان سہرا نور کا
بخت جاگا نور کا چمکا ستارہ نور کا

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

میں گدا تو بادشا بھر دے پیالہ نور کا
نوردن دونا ترا دے ڈال صدقہ نور کا

تیری ہی جانب ہے پانچوں وقت سجدہ نور کا
رُخ ہے قبلہ نور کا ابرو ہے کعبہ نور کا

پشت پر ڈھلکا سرِ انور سے شملہ نور کا
دیکھیں موسیٰ طور سے اُترا صحیفہ نور کا

تاج والے دیکھ کر تیرا عمامہ نور کا
سر جھکاتے ہیں الٰہی بول بالا نور کا

بینیِ پُرنور پر رخشاں ہے بُکّہ نور کا
ہے لواء الحمد پر اڑتا پھریرا نور کا

مصحفِ عارض پہ ہے خطِ شفیعہ نور کا
لو، سیہ کارو مبارک ہو قبالہ نور کا

آبِ زر بنتا ہے عارض پر پسینہ نور کا
مصحفِ اعجاز پر چڑھتا ہے سونا نور کا

پیچ کرتا ہے فدا ہونے کو لمعہ نور کا
گِرد سر پھرنے کو بنتا ہے عمامہ نور کا

ہیبتِ عارض سے تھرّاتا ہے شعلہ نور کا
کفشِ پا پر گر کے بن جاتا ہے گپھا نور کا

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

شمع دل مشکوٰۃ تن سینہ زجاجہ نور کا
تیری صورت کے لیے آیا ہے سورہ نور کا

مَیل سے کس درجہ ستھرا ہے وہ پتلا نور کا
ہے گلے میں آج تک کورا ہی کرتا نور کا

تیرے آگے خاک پر جھکتا ہے ماتھا نور کا
نور نے پایا ترے سجدے سے سیما نور کا

تو ہے سایہ نور کا ہر عضو ٹکڑا نور کا
سایہ کا سایہ نہ ہوتا ہے نہ سایہ نور کا

کیا بنا نامِ خدا اسرا کا دولھا نور کا
سر پہ سہرا نور کا بر میں شہانہ نور کا

بزم وحدت میں مزا ہوگا دوبالا نور کا
ملنے شمعِ طور سے جاتا ہے اِکّا نور کا

وصفِ رخ میں گاتی ہیں حوریں ترانہ نور کا
قدرتی بینوں میں کیا بجتا ہے لہرا نور کا

یہ کتابِ کُن میں آیا طرفہ آیہ نور کا
غیر قائل کچھ نہ سمجھا کوئی معنیٰ نور کا

دیکھنے والوں نے کچھ دیکھا نہ بھالا نور کا
"مَنْ رَاٰی" کیسا یہ آئینہ دکھایا نور کا؟

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

www.waseemziyai.com

MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

صبح کردی کفر کی سچّا تھا مژدہ نور کا
شام ہی سے تھا شبِ تیرہ کو دھڑکا نور کا

پڑتی ہے نوری بھرن اُمڈا ہے دریا نور کا
سر جھکا اے کِشتِ کفر آتا ہے اہلا نور کا

ناریوں کا دَور تھا دِل جل رہا تھا نور کا
تم کو دیکھا ہوگیا ٹھنڈا کلیجا نور کا

نسخ ادیاں کر کے خود قبضہ بٹھایا نور کا
تاجور نے کرلیا کچّا عِلاقہ نور کا

جو گدا دیکھو لیے جاتا ہے توڑا نور کا
نور کی سرکار ہے کیا اس میں توڑا نور کا

بھیک لے سرکار سے لا جلد کاسہ نور کا
ماہِ نو طیبہ میں بٹتا ہے مہینہ نور کا

دیکھ ان کے ہوتے نازیبا ہے دعوٰی نور کا
مہر لکھ دے یاں کے ذرّوں کو مچلکا نور کا

یاں بھی داغِ سجدۂ طیبہ ہے تمغا نور کا
اے قمر کیا تیرے ہی ماتھے ہے ٹیکا نور کا

شمع ساں ایک ایک پروانہ ہے اس بانور کا
نورِ حق سے لو لگائے دل میں رشتہ نور کا

انجمن والے ہیں انجم بزم حلقہ نور کا
چاند پر تاروں کے جھرمٹ سے ہے ہالہ نور کا

تیری نسل پاک میں ہے بچہ بچہ نور کا
تو ہے عینِ نور تیرا سب گھرانا نور کا

نور کی سرکار سے پایا دو شالہ نور کا
ہو مبارک تم کو ذو النورین جوڑا نور کا

کِس کے پَردے نے کیا آئینہ اندھا نور کا
مانگتا پھرتا ہے آنکھیں ہر نگینہ نور کا

اب کہاں وہ تابشیں کیسا وہ تڑکا نور کا
مہر نے چھپ کر کیا خاصا دھندلکا نور کا

تم مقابل تھے تو پہروں چاند بڑھتا نور کا
تم سے چھٹ کر منھ نکل آیا ذرا سا نور کا

قبرِ انور کہیے یا قصرِ معلّٰے نور کا
چرخِ اطلس یا کوئی سادہ سا قبّہ نور کا

آنکھ مِل سکتی نہیں دَر پر ہے پہرا نور کا
تاب ہے بے حکم پَر مارے پرندہ نور کا

نزع میں لوٹے گا خاکِ در پہ شیدا نور کا
مَر کے اوڑھے گی عروسِ جاں دوپٹا نور کا

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

تابِ مہرِ حشر سے چونکے نہ کشتہ نور کا
بوندیاں رحمت کی دینے آئیں چھینٹا نور کا

وضعِ واضع میں تِری صورت ہے معنیٰ نور کا
یوں مجازاً چاہیں جس کو کہہ دیں کلمہ نور کا

انبیا اجزا ہیں تو بالکل ہے جملہ نور کا
اس علاقے سے ہے اُن پر نام سچّا نور کا

یہ جو مہر و مہ پہ ہے اطلاق آتا نور کا
بھیک تیرے نام کی ہے استعارہ نور کا

سرمگیں آنکھیں حریمِ حق کے وہ مشکیں غزال
ہے فضائے لامکاں تک جن کا رمنا نور کا

تابِ حسنِ گرم سے کھل جائیں گے دل کے کنول
نو بہاریں لائے گا گرمی کا جھلکا نور کا

ذرّے مہرِ قدس تک تیرے توسّط سے گئے
حدِّ اوسط نے کیا صغریٰ کو کبریٰ نور کا

سبزۂ گردوں جھکا تھا بہرِ پا بوسِ بُراق
پھر نہ سیدھا ہو سکا کھایا وہ کوڑا نور کا

تابِ سم سے چوندھیا کر چاند انہیں قدموں پھرا
ہنس کے بجلی نے کہا دیکھا چھلاوا نور کا

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

دید نقشِ سم کو نکلی سات پردوں سے نگاہ
پتلیاں بولیں چلو آیا تماشا نور کا

عکسِ سم نے چاند سورج کو لگائے چار چاند
پڑ گیا سیم و زرِ گردوں پہ سکّہ نور کا

چاند جھک جاتا جدھر انگلی اٹھاتے مہد میں
کیا ہی چلتا تھا اشاروں پر کھلونا نور کا

ایک سینہ تک مشابہ اک وہاں سے پاؤں تک
حسنِ سبطین ان کے جاموں میں ہے نیما نور کا

صَاف شکل پاک ہے دونوں کے ملنے سے عیاں
خط توأم میں لکھا ہے یہ دو ورقہ نور کا

کٓ گیسو ہٰ دہن یٰ ابرو آنکھیں عٓ صٓ
کٓھٰیٰعٓصٓ اُن کا ہے چہرہ نور کا

اے رضاؔ یہ احمدِ نوری کا فیضِ نور ہے
ہوگئی میری غزل بڑھ کر قصیدہ نور کا

امّتان و سیاہ کاریہا شافع حشر و غم گساریہا
دور از کوئے صاحبِ کوثر چشم دارد چہ اشک باریہا

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

www.waseemziyai.com

MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

در فراقِ تو یا رسول اللہ! سینہ دارد چہ بے قراریہا
ظلمت آبادِ گور روشن شد داغِ دل راست نور باریہا
چہ کند نفس پردہ در مولیٰ؟ چوں توئی گرمِ پردہ داریہا
سگِ کوئے نبی ویک نگہے من وتا حشر جاں نثاریہا
سَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ تَرْضٰى حق نمودت چہ پاسداریہا
دارم اے گل بیادِ زلف ورخت سحر و شام آہ و زاریہا

تازہ لطف تو بر رضاؔ ہر دم
مرہمِ کہنہ دِل فگاریہا

وصل اوّل فضائل سرکارِ غوثیت

رضی اللہ تعالیٰ عنہ

ترا ذرّہ مہِ کامل ہے یاغوث ترا قطرہ یم سائل ہے یا غوث
کوئی سالک ہے یا واصل ہے یاغوث وہ کچھ بھی ہو ترا سائل ہے یاغوث
قدِ بے سایہ ظلِ کبریا ہے تو اس بے سایہ ظل کاظل ہے یاغوث
تری جاگیر میں ہے شرق تاغرب قلم رو میں حرم تاحل ہے یاغوث
دلِ عشق ورُخِ حسن آئینہ ہیں اور ان دونوں میں تیراظل ہے یاغوث
تری شمع دِل آرا کی تب وتاب گل وبلبل کی آب وگل ہے یاغوث

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

ترا مجنوں ترا صحرا ترا نجد تِری لیلیٰ ترا محمل ہے یا غوث

یہ تیری چمپئی رنگت حسینی حسن کے چاند صبحِ دل ہے یا غوث

گلستاں زار تیری پنکھڑی ہے کلی سو خلد کا حاصل ہے یا غوث

اگال اس کا ادھار ابرار کا ہو جسے تیرا اُلش حاصل ہے یا غوث

اشارہ میں کیا جس نے قمر چاک تو اس مہ کا مہِ کامل ہے یا غوث

جسے عرشِ دوم کہتے ہیں افلاک وہ تیری کرسیِ منزل ہے یا غوث

تو اپنے وقت کا صدّیقِ اکبر غنی و حیدر و عادل ہے یا غوث

ولی کیا مُرسل آئیں خود حضور آئیں وہ تیری وعظ کی محفل ہے یا غوث

جسے مانگے نہ پائیں جاہ والے وہ بن مانگے تجھے حاصل ہے یا غوث

فیوضِ عالم اُمّی سے تجھ پر عیاں ماضی و مستقبل ہے یا غوث

جو قرنوں سیر میں عارف نہ پائیں وہ تیری پہلی ہی منزل ہے یا غوث

ملک مشغول ہیں اُس کی ثنا میں جو تیرا ذاکر و شاغل ہے یا غوث

نہ کیوں ہو تیری منزل عرش ثانی کہ عرشِ حق تری منزل ہے یا غوث

وہیں سے اُبلے ہیں ساتوں سمندر جو تیری نہر کا ساحل ہے یا غوث

ملائک کے بشر کے جن کے حلقے تری ضَو ماہ ہر منزل ہے یا غوث

بخارا وَ عراق و چشت و اجمیر تری لَو شمعِ ہر محفل ہے یا غوث

جو تیرا نام لے ذاکر ہے پیارے تصوّر جو کرے شاغل ہے یا غوث

جو سر دے کر ترا سودا خریدے خدا دے عقل وہ عاقل ہے یا غوث

کہا تو نے کہ جو مانگو ملے گا
رضاؔ تجھ سے ترا سائل ہے یا غوث

وصل دوم فضائل غُرَر بطرزِ دگر

جو تیرا طفل ہے کامل ہے یا غوث ‌ ‌ طفیلی کا لقب واصل ہے یا غوث
تصوّف تیرے مکتب کا سبق ہے ‌ ‌ تصرّف پر ترا عامل ہے یا غوث
تِری سیر الی اللہ ہی ہے فی اللہ ‌ ‌ کہ گھر سے چلتے ہی موصل ہے یا غوث
تو نورِ اوّل و آخر ہے مولیٰ ‌ ‌ تو خیر عاجل و آجل ہے یا غوث
ملک کے کچھ بشر کچھ جن کے ہیں پیر ‌ ‌ تو شیخ عالی و سافل ہے یا غوث
کتابِ ہر دل آثار تعرّف ‌ ‌ ترے دفتر ہی سے ناقل ہے یا غوث
”فتوح الغیب“ اگر روشن نہ فرمائے ‌ ‌ ”فتوحات“ و ”فصوص“ آفل ہے یا غوث
ترا منسوب ہے مَرفوع اس جا ‌ ‌ اضافت رَفع کی عامل ہے یا غوث
ترے کامی مشقت سے بری ہیں ‌ ‌ کہ بَرتر نَصب سے فاعل ہے یا غوث
اَحد سے احمد اور احمد سے تجھ کو ‌ ‌ کُن اور سب کُن مکن حاصل ہے یا غوث
تری عزّت، تری رفعت ترا فضل ‌ ‌ بفضلہ افضل و فاضل ہے یا غوث
ترے جلوے کے آگے منطقہ سے ‌ ‌ مہ و خور پر خط باطل ہے یا غوث
سیاہی مائل اس کی چاندی آئی ‌ ‌ قمر کا یوں فلک مائل ہے یا غوث

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

طلائے مہر ہے ٹکسال باہر
کہ خارج مرکز حامل ہے یا غوث

تو برزخ ہے برنگِ نونِ منّت
دو جانب متصل واصل ہے یا غوث

نبی سے آخذ اور امت پہ فائض
ادھر قابل ادھر فاعل ہے یا غوث

نتیجہ حدّ اوسط گر کے دے اور
یہاں جب تک کہ تو شامل ہے یا غوث

اَلَا طُوْبٰی لَکُمْ ہے وہ کہ جن کا
شبانہ روز وِردِ دل ہے یا غوث

عجم کیسا عرب حل کیا حرم میں
جمی ہر جا تری محفل ہے یا غوث

ہے شرحِ اسمِ اَلْقَادِر ترا نام
یہ شرح اس متن کی حامل ہے یا غوث

جبینِ جبہ فرسائی کا صندل
تری دیوار کی کہگل ہے یا غوث

بجا لایا وہ امر سَارِعُوْا کو
تری جانب جو مستعجل ہے یا غوث

تری قدرت تو فطریات سے ہے
کہ قادِر نام میں داخل ہے یا غوث

تصرّف والے سب مظہر ہیں تیرے
تو ہی اس پردے میں فاعل ہے یا غوث

رضاؔ کے کام اور رُک جائیں حاشا
تِرا سائل ہے تو باذل ہے یا غوث

وصل سوم تفضیل حضور و رغم ہر عدوّ مقہور

بدل یا فرد جو کامل ہے یا غوث
ترے ہی در سے مستکمل ہے یا غوث

جو تیری یاد سے ذاہل ہے یا غوث
وہ ذکر اللہ سے غافل ہے یا غوث

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

"أنا السیّاف" سے جاہل ہے یاغوث — جو تیرے فضل پر صائل ہے یاغوث

سخن ہیں اصفیا تو مغزِ معنی — بدن ہیں اولیا تو دل ہے یاغوث

اگر وہ جسمِ عرفاں ہیں تو تُو آنکھ — اگر وہ آنکھ ہیں تو تِل ہے یاغوث

الُوہیت، نبوت کے سوا تو — تمام افضال کا قابل ہے یاغوث

نبی کے قدموں پر ہے جز نبوت — کہ ختم اس راہ میں حائل ہے یاغوث

اُلوہیت ہی احمد نے نہ پائی — نبوت ہی سے تو عاطل ہے یاغوث

صحابیّت ہوئی پھر تابعیّت — بس آگے قادری منزل ہے یاغوث

ہزاروں تابعی سے تو فزوں، ہاں — وہ طبقہ مجملاً فاضل ہے یاغوث

رہا میدان و شہرستانِ عرفاں — ترا رَمْنا تری محفل ہے یاغوث

یہ چشتی سہروردی نقش بندی — ہر اک تیری طرف مائل ہے یاغوث

تری چڑیاں ہیں تیرا دانہ پانی — ترا میلہ تری محفل ہے یاغوث

انہیں تو قادری بیعت ہے تجدید — وہ ہاں خاطی جو مستبدل ہے یاغوث

قمر پر جیسے خور کا یوں ترا قرض — سَب اہل نور پر فاضل ہے یاغوث

غلط کردم تو واہب ہے نہ مقرض — تری بخشش ترا نائل ہے یاغوث

کوئی کیا جانے تیرے سر کا رتبہ — کہ تلوا تاجِ اہلِ دل ہے یاغوث

مشائخ میں کسی کی تجھ پہ تفضیل — بحکمِ اولیا باطل ہے یاغوث

جہاں دشوار ہو وہمِ مساوات — یہ جرأت کس قدر ہائل ہے یاغوث

ترے خدام کے آگے ہے اک بات — جو اور اقطاب کو مشکل ہے یاغوث

اُسے اِدبار جو مُدبر ہے تجھ سے — وہ ذی اقبال جو مُقبل ہے یاغوث

خدا کے در سے ہے مطرود ومخذول — جو تیرا تارک وخاذل ہے یاغوث

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

سِتم کوری وہابی رافضی کی — کہ ہندو تک ترا قائل ہے یا غوث
وہ کیا جانے گا فضلِ مرتضیٰ کو — جو تیرے فضل کا جاہل ہے یا غوث

رضاؔ کے سامنے کی تاب کس میں
فلک وار اس پہ تیرا ظل ہے یا غوث

وصلِ چہارم استعانت از سرکارِ غوثیت
رضی اللہ تعالیٰ عنہ

طلب کا منھ تو کس قابل ہے یا غوث — مگر تیرا کرم کامل ہے یا غوث
دوہائی یا محیّ الدّیں دوہائی — بَلا اسلام پر نازل ہے یا غوث
وہ سنگیں بدعتیں وہ تیزیِ کفر — کہ سر پر تیغ دل پر سل ہے یا غوث
عَزُوْمًا قَاتِلًا عِنْدَ الْقِتَالِ — مدد کو آ، دمِ بسمل ہے یا غوث
خدا را ناخدا آ دے سہارا — ہوا بگڑی بھنور حائل ہے یا غوث
جِلا دے دیں جَلا دے کفر و الحاد — کہ تو محی ہے تو قاتل ہے یا غوث
ترا وقت اور پڑے یوں دین پر وقت — نہ تو عاجز نہ تو غافل ہے یا غوث
رہی ہاں شامتِ اعمال یہ بھی — جو تو چاہے ابھی زائل ہے یا غوث
غیورا! اپنی غیرت کا تصدق — وہی کر جو ترے قابل ہے یا غوث
خدارا مرہمِ خاکِ قدم دے — جگر زخمی ہے دل گھائل ہے یا غوث

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

نہ دیکھوں شکل مشکل، تیرے آگے
کوئی مشکل سی یہ مشکل ہے یا غوث

وہ گھیرا رشتۂ شرکِ خفی نے
پھنسا زنّار میں یہ دل ہے یا غوث

کیے ترسا و گبر اقطاب و ابدال
یہ محض اسلام کا سائل ہے یا غوث

تو قوّت دے میں تنہا کام بسیار
بدن کمزور دل کاہل ہے یا غوث

عدو بد دین، مذہب والے حاسد
تو ہی تنہا کا زورِ دل ہے یا غوث

حسد سے ان کے سینے پاک کر دے
کہ بدتر دق سے بھی یہ سل ہے یا غوث

غذائے دق یہی خوں استخواں گوشت
یہ آتش دین کی آکل ہے یا غوث

دیا مجھ کو انہیں محروم چھوڑا
مرا کیا جُرم حق فاصل ہے یا غوث

خدا سے لیں لڑائی وہ ہے معطی
نبی قاسم ہے تو موصل ہے یا غوث

عطائیں مقتدر غفّار کی ہیں
عبث بندوں کے دل میں غل ہے یا غوث

ترے بابا کا پھر تیرا کرم ہے
یہ منھ ورنہ کسی قابل ہے یا غوث

بھرن والے ترا جھالا تو جھالا
ترا چھینٹا مرا غاسل ہے یا غوث

ثنا مقصود ہے عرضِ غرض کیا
غرض کا آپ تو کافل ہے یا غوث

رضاؔ کا خاتمہ بالخیر ہوگا
تری رحمت اگر شامل ہے یا غوث

کعبہ کے بدرالدجیٰ تم پہ کروروں درود
طیبہ کے شمس الضحیٰ تم پہ کروروں درود (الف)

شافعِ روز جزا تم پر کروروں درود
دافعِ جملہ بلا تم پہ کروروں درود

جان ودلِ اصفیا، تم پہ کروروں درود
آب وگلِ انبیا تم پہ کروروں درود

لائیں تو یہ دوسرا، دوسرا جس کو ملا
کوشکِ عرش و دنیٰ تم پر کروروں درود

اورکوئی غیب کیا تم سے نہاں ہو بھلا
جب نہ خدا ہی چھپا تم پہ کروروں درود

طور پہ جو شمع تھا، چاند تھا ساعیر کا
نیّر فاراں ہوا تم پہ کروروں درود

دل کرو ٹھنڈا مرا، وہ کفِ پا چاند سا
سینہ پہ رکھ دو ذرا تم پہ کروروں درود

ذات ہوئی انتخاب، وصف ہوئے لا جواب
نام ہوا مصطفےٰ تم پہ کروروں درود (ب)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

غایت وعلّت سبب، بہر جہاں تم ہو سب
تم سے بَنا تم بِنا تم پہ کروروں درود

(ت)
تم سے جہاں کی حیات، تم سے جہاں کا ثبات
اصل سے ہے ظل بندھا تم پہ کروروں درود

مغز ہو تم اور پوست، اور ہیں باہر کے دوست
تم ہو درونِ سرا تم پہ کروروں درود

(ث)
کیا ہیں جو بے حد ہیں لَوث تم تو ہو غیث اور غوث
چھینٹے میں ہوگا بھلا تم پہ کروروں درود

تم ہو حفیظ ومغیث کیا، ہے وہ دشمن خبیث
تم ہو تو پھر خوف کیا تم پہ کروروں درود

(ج)
وہ شبِ معراج راج، وہ صفِ محشر کا تاج
کوئی بھی ایسا ہوا تم پہ کروروں درود

(ح)
نُحتَ فَلَاحَ الْفَلَاحْ رُحتَ فَرَاحَ الْمَرَاح
عُدْ لِیَعُوْدَ الْھَنَا تم پہ کروروں درود

جان وجہانِ مسیح، داد کہ دل ہے جریح
نبضیں چھٹیں دَم چلا تم پہ کروروں درود

(خ)
اُف وہ رہِ سنگلاخ آہ یہ پاشاخ شاخ
اے مرے مشکل کشا تم پہ کروروں درود

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

تم سے کھلا بابِ جود، تم سے ہے سب کا وجود
تم سے ہے سب کی بقا تم پہ کروروں درود (د)

خستہ ہوں اور تم معاذ، بستہ ہوں اور تم ملاذ
آگے جو شہ کی رضا تم پہ کروروں درود (ذ)

گرچہ ہیں بے حد قصور، تم ہو عفوّ وغفور!
بخش دو جرم و خطا تم پہ کروروں درود (ر)

مہرِ خُدا نور نور، دل ہے سیہ دن ہے دُور
شب میں کرو چاندنا تم پہ کروروں درود

تم ہو شہید وبصیر، اور میں گنہ پر دلیر
کھول دو چشمِ حیا تم پہ کروروں درود

چھینٹ تمہاری سحر، چھوٹ تمہاری قمر
دل میں رچا دو ضیا تم پہ کروروں درود

تم سے خدا کا ظہور، اس سے تمہارا ظہور
"لِمّ" ہے یہ وہ "اِنّ" ہوا تم پہ کروروں درود

بے ہنر و بے تمیز، کس کو ہوئے ہیں عزیز
ایک تمہارے سوا تم پہ کروروں درود (ز)

آس ہے کوئی نہ پاس، ایک تمہاری ہے آس
بس ہے یہی آسرا تم پہ کروروں درود (س)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

www.waseemziyai.com

MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

(ش)

طارمِ اعلیٰ کا عرش جس کفِ پا کا ہے فرش

آنکھوں پہ رکھ دو ذرا تم پہ کروروں درود

(ص)

کہنے کو ہیں عام و خاص، ایک تمہیں ہو خلاص

بند سے کردو رہا تم پہ کروروں درود

(ض)

تم ہو شفائے مرض، خلقِ خدا خود غرض

خلق کی حاجت بھی کیا تم پہ کروروں درود

(ط)

آہ وہ راہِ صراط، بندوں کی کتنی بساط

المدد اے رہنما تم پہ کروروں درود

(ظ)

بے ادب و بد لحاظ، کر نہ سکا کچھ حفاظ

عفو پہ بھولا رَہا تم پہ کروروں درود

(ع)

لو تہِ دامن کہ شمع جھونکوں میں ہے روز جمع

آندھیوں سے حشر اٹھا تم پہ کروروں درود

(غ)

سینہ ہے کہ داغ داغ، کہہ دو کرے باغ باغ

طیبہ سے آکر صَبا تم پہ کروروں درود

(ف)

گیسو و قد لام الف، کردو بلا منصرف

لا کے تہِ تیغ "لا" تم پہ کروروں درود

(ق)

تم نے برنگ فلق، جیب جہاں کر کے شق

نور کا تڑکا کیا تم پہ کروروں درود

نوبتِ در ہیں فلک، خادمِ دَر ہیں ملک
تم ہو جہاں بادشا تم پہ کروروں درود (ک)

خلق تمہاری جمیل، خُلق تمہارا جلیل
خَلق تمہاری گدا تم پہ کروروں درود (ل)

طیبہ کے ماہِ تمام، جملہ رُسل کے امام
نوشہِ ملکِ خدا تم پہ کروروں درود (م)

تم سے جہاں کا نظام، تم پہ کروروں سلام
تم پہ کروروں ثنا تم پہ کروروں درود

تم ہو جواد و کریم، تم ہو رؤف و رحیم
بھیک ہو داتا عطا تم پہ کروروں درود

خلق کے حاکم ہو تم، رزق کے قاسم ہو تم
تم سے ملا جو ملا تم پہ کروروں درود

نافع و دافع ہو تم، شافع و رافع ہو تم
تم سے بس افزوں خدا تم پہ کروروں درود

شافی و نافی ہو تم، کافی و وافی ہو تم
درد کو کردو دوا تم پہ کروروں درود

جائیں نہ جب تک غلام، خلد ہے سب پر حرام
ملک تو ہے آپ کا تم پہ کروروں درود

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

مَظہر حق ہو تمہیں، مُظہر حق ہو تمہیں
(ن)
تم میں ہے ظاہر خدا تم پہ کروروں درود

زور دہِ نارساں، تکیہ گہِ بے کساں
بادشہِ ماورا تم پہ کروروں درود

بَرسے کرم کی بھرن، پھولیں نِعَم کے چمن
ایسی چلادو ہوا تم پہ کروروں درود

اک طرف اعدائے دیں، ایک طرف ہیں حاسدیں
بندہ ہے تنہا شہا تم پہ کروروں درود

کیوں کہوں بے کس ہوں میں، کیوں کہوں بے بس ہوں میں
تم ہو میں تم پر فدا تم پہ کروروں درود

گندے نکمّے کمین، مہنگے ہوں کوڑی کے تین
کون ہمیں پالتا تم پہ کروروں درود

باٹ نہ دَر کے کہیں، گھاٹ نہ گھر کے کہیں
ایسے تمہیں پالنا تم پہ کروروں درود

ایسوں کو نعمت کھلاؤ، دودھ کے شربت پلاؤ
(و)
ایسوں کو ایسی غذا تم پہ کروروں درود

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

گرنے کو ہوں روک لو، غوطہ لگے ہاتھ دو
ایسوں پر ایسی عطا تم پہ کروروں درود

اپنے خطا واروں کو، اپنے ہی دامن میں لو
کون کرے یہ بھلا تم پہ کروروں درود

کرکے تمہارے گناہ، مانگیں تمہاری پناہ
(ہ) تم کہو دامن میں آ تم پہ کروروں درود

کردو عدو کو تباہ، حاسدوں کو رُو براہ
اہل ولا کا بھلا تم پہ کروروں درود

ہم نے خطا میں نہ کی، تم نے عطا میں نہ کی
(ی) کوئی کمی سرورا تم پہ کروروں درود

کام غضب کے کیے، اس پہ ہے سرکار سے
(ے) بندوں کو چشمِ رضا تم پہ کروروں درود

آنکھ عطا کیجیے، اس میں ضیا دیجیے
جلوہ قریب آگیا تم پہ کروروں درود

کام وہ لے لیجیے، تم کو جو راضی کرے
ٹھیک ہو نامِ رضاؔ تم پہ کروروں درود

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

زعکست ماہِ تاباں آفریدند زبوئے تو گلستاں آفریدند

نہ از بہر تو صرف ایمانیانند کہ خود بہرِ تو ایماں آفریدند

صبارا مست از بویت بہرسو چناں افتاں وخیزاں آفریدند

برائے جلوۂ یک گلبنِ ناز ہزاراں باغ وبستاں آفریدند

زمُہرِ تو مثالے بَر گرفتند وزاں مُہرِ سُلیماں آفریدند

چو انگشتِ توشد جولاں دہِ بَرق قمر را بہر قرباں آفریدند

زلعلِ نوش خندِ جانفزایت زُلالِ آبِ حیواں آفریدند

نہ غیرِ کبریا جان آفرینے نہ خود مثلِ تو جاناں آفریدند

پیٔ نظارۂ محبوبِ لاہوت جبینت آئنہ ساں آفریدند

بنا کردند تا قصرِ رسالت ترا شمعِ شبستاں آفریدند

